SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Friday, June 15, 2007

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty five minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Mr. Mohammedmian Soomro) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

والذین ینقضون عھداللہ من بعد میثاقہ و یقطعون ما امراللہ بہ ان یوصل و یفسدون فی الارض اولئک لھم اللعنۃ ولھم سوء الدّار ○ اللہ یبسط الرّزق لمن یشاء ویقدر وفرحوا بالحیوۃ الدّنیا و ما الحیوۃ الدّنیا فی الاٰخرۃ الاّ متاع ○

ترجمہ، شروع کرتا ہوں اللہ کے پاک نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ وہ لوگ جو اللہ کے عہد کو مضبوط باندھ لینے کے بعد توڑ ڈالتے ہیں، جو ان رابطوں کو کاٹتے ہیں جنہیں اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے، اور جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں، وہ لعنت کے مستحق ہیں اور ان کے لیے آخرت میں بہت برا ٹھکانا ہے۔ اللہ جس کو چاہتا ہے رزق کی فراخی بخشتا ہے اور جسے چاہتا ہے نپا تلا رزق دیتا ہے۔ یہ لوگ دنیوی زندگی میں مگن ہیں، حالانکہ دنیا کی زندگی آخرت کے مقابلے میں ایک متاع قلیل کے سوا کچھ بھی نہیں۔

سورۃ الرعد(۲۴-۲۶)

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Friday, June 15, 2007

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at thirty five minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Mr. Mohammedmian Soomro) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

والذین ینقضون عھداللہ من بعد میثاقہ و یقطعون ما امراللہ بہ ان یوصل و یفسدون فی الارض اولئک لھم اللعنۃ ولھم سوء الدّار ○ اللہ یبسط الرّزق لمن یشاء ویقدر وفرحوا بالحیوۃ الدّنیا و ما الحیوۃ الدّنیا فی الاٰخرۃ الا متاع ○

ترجمہ. شروع کرتا ہوں اللہ کے پاک نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ وہ لوگ جو اللہ کے عہد کو مضبوط باندھ لینے کے بعد توڑ ڈالتے ہیں، جو ان رابطوں کو کاٹتے ہیں جنہیں اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے، اور جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں، وہ لعنت کے مستحق ہیں اور ان کے لیے آخرت میں بہت برا ٹھکانا ہے۔ اللہ جس کو چاہتا ہے رزق کی فراخی بخشتا ہے اور جسے چاہتا ہے نپا تلا رزق دیتا ہے۔ یہ لوگ دنیوی زندگی میں مگن ہیں، حالانکہ دنیا کی زندگی آخرت کے مقابلے میں ایک متاع قلیل کے سوا کچھ بھی نہیں۔

سورۃ الرعد(۲۴-۲۶)

جناب چیئرمین، جزاک اللہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللھم صل علیٰ محمد و علیٰ آل محمد۔

جی، رضا صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی(قائد حزب اختلاف)، جناب چیئرمین! مجھے اس بات کا احساس ہے کہ آج وقت بھی کم ہے اور کافی معزز اراکین نے تقاریر کرنی ہیں لیکن کچھ حالات ایسے ہیں کہ ریاستی جبر اور تشدد جو ہے، وہ اب حد سے زیادہ بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ چار دن پہلے جب بجٹ debate کی ابتدا ہوئی تھی تو PML(N) نے اسی floor پر کہا تھا کہ ان کا ایک کارکن کراچی میں اغوا کرکے مار دیا گیا تھا ۔ پھر دو دنوں کے بعد جماعت اسلامی کے ایک student leader کو اغوا کرکے قتل کر دیا گیا اور کل کوٹ لکھپت جیل میں پاکستان پیپلز پارٹی کے فنانس سیکرٹری ، جن کا تعلق گجرات سے تھا، ان کی death جیل میں ہوئی ہے۔ جناب والا! میں اس death کو ایک political murder کہوں گا کیونکہ جناب چیئرمین صاحب! بغیر کسی قصور کے صوبہ پنجاب میں سیاسی کارکنوں کو arrest کرنے اور MPO کے تحت detain کرنے کی ایک مہم شروع کی گئی ہے اور غالباً یہ خوف PEMRA Ordinance کی demonstration کی وجہ سے ہے، یہ خوف چیف جسٹس کے فیصل آباد visit کا ہے، یہ خوف چیف جسٹس کے ملتان visit کا ہے، جس میں سینکڑوں متحدہ اپوزیشن کے اور پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کو گرفتار کیا گیا ہے اور ان کو مختلف جیلوں میں اپنے شہروں سے دور رکھا گیا ہے۔

جناب والا! یہ کارکن جس کا political murder ہوا ہے، جناب چیئرمین! یہ ہسپتال میں تھا۔

How could he resist to law and order? He was a heart patient. He was in a hospital. He was shifted to Kot Lukhput Jail and despite repeated requests by his family members and his party that he may be shifted to the jail hospital but the authorities had turned a deaf ear which resulted in his death. This is a political murder and this political murder will go on the

hands, once again, of the Punjab Government and we will take appropriate legal measure to ensure that an FIR is registered against the appropriate people. As a protest against uncalled for crack down on political workers in the Province of Punjab, and the use of coalition partners, and the state apparatus to murder opposition activists, the Combined Opposition will stage a token walk out from the House.

(At this stage, token walk out by the Opposition was staged.)

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Chairman: We take the leave applications in the mean time.

پروفیسر ساجد میر نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 15 اور 16 جون کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Chairman: Semeen Siddiqui Sahiba, would you like to speak now?

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور)، جناب والا! میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔۔

جناب چیئرمین، جی، شیر افگن صاحب۔

(At this stage the Opposition came back in the House.)

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، یہ امن و امان کے حوالے سے ہے۔ ہم اسے surety of peace کہتے ہیں۔ جو detention by law ہے، چاہے MPO 3 ہو یا 13 ہو، اس کے حوالے سے حکومتیں اقدامات اٹھاتی ہیں۔ یہ کارروائی الگ چیز ہے۔ اگر وہاں پر anybody who was detained and not in the jail, لیکن مصدقہ بات ہے کہ ان کا جو worker جیل میں تھا، he died due to heart arrest. And it has been worked out that he was a

heart patient, and he got heart arrest and out of that heart arrest, he died
and nothing یا اس پر کوئی تشدد ہوا in the jail. He was not beaten badly
happened with him like this. He died due to heart attack and that is a
natural thing. یہ کہیں بھی ہو سکتا ہے۔ اگر وہ باہر بھی ہوتا اور اسے heart attack ہوتا
تھا تو وہ ہوتا اور اس طریقہ کار سے death ہو جاتی ہے Heart and these are very usual.
تو یہ قدرتی طور پر attack is very fatal and rarely any person survives out of it.
اس کی موت heart attack سے ہوئی ہے۔ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ Government caused
this heart attack and then he died out of it.

Further discussion on the Annual Budget 2007-08

Mr. Chairman: Senator Rehana Yahya Baloch Sahiba.

سینیٹر ریحانہ یحییٰ بلوچ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Thank you Mr. Chairman

I am thankful to you for giving me an opportunity to articulate my views on the National Budget 2007-8. Budget is the most important economic policy tool of a Government, which provides a comprehensive statement of the priorities of a nation. Legislatures as the representative institutions of the people are bound to ensure that the budget optimally matches a nation's needs with available resources. Effective legislative participation in the process of approval and oversight of budget is crucial for transparent and accountable Government and ensuring delivery of public services.

Mr. Chairman, the budget for this year is discussed in the backdrop of five years performance of the Government, where we have been able to significantly improve the macro economic indicators. The growth achieved druring last few years is broad-based covering all the

three major sectors, namely; Agriculture, Industry and Services. It has happened very rarely in the economic history of the country that growth is matched by reduction in poverty and unemployment. In the last five years we have witnessed a phenomenon where economic growth has taken place in juxtaposition with the significant decrease in the number of the poor and the unemployed.

Our Government has taken various measures to increase income of people and put an end to poverty. As a result, there is substantial reduction in rural poverty. Government policies aiming at allocation of greater resources for poverty alleviation and creating employment opportunities have resulted in reduction of incidence of poverty from 34.4 per cent in 2001 to 23.9 per cent in 2005. In this way 12,700,000 people came out of poverty.

Mr. Chairman, the present Government has undertaken largest development projects in the history of Balochistan. Given the geographic size of Balochistan, which makes it the largest Province of Pakistan, and the population density, which is very low due to the mountainous terrain and scarcity of water, the cost of development is indeed very huge in the province. It costs much higher in order to carry developmental work i.e. roads, water supplies etc. it makes the development effort, undertaken in the last few years, even greater.

Balochistan is very rich in minerals; it has a huge coastal area of very pivotal importance in the region. Balochistan is fuelling the national economy with huge amount of gas supplies to all the other provinces sine

1954. But the rate of gas fixed/unit is different and much lower than the rate of gas being paid to other provinces. The rate or the royalties should be increased and the rate should be fixed same for all the provinces; this would indeed be a source for uplifting the life of people.

The economy of Balochistan mainly depends on livestock and agriculture. But, the worst drought for last 15 years has destroyed agriculture and livestock sector very badly, which affects the life of poeple as there is no alternative economy for the people.

I like to highlight one of the problems which has emerged in the system of Local Government. The planning of education has generally been done at the level of provincial government whereas all the execution takes places at the district level. There is a need to review the NFC Award. The award was distributed on the sole criterion of population under a very simplistic assumption; larger population consumes more goods. Under the 1997 NFC Award two third of the total resources went to Federal Government while a meagre share left for the provinces.

Horizontal distribution (that is among the provinces) of resources are solely based on population factor. Nowhere in a federal structure of the government, resources are distributed solely on the basis of population. In the neighbouring India NFC is distributed on 11 grounds whereas our practice does not meet any criteria of distribution, because consumption patterns are different. Larger population does not necessarily qualify for higher consumption therefore, a multiple criterion for NFC is urgently needed.

The NFC Award's distribution should not only be based on population. In order to satisfy all the four federating units, other grounds should also be considered while announcing the award, and especially in the case of Balochistan such as the poverty, inverse population density (area - population ratio), revenue collection efforts, and backwardness.

Mr. Chairman! budget session of legislature, indeed provides one of the most important indicators to judge the role of parliament as well as performance of parliamentarians. The most visible pattern in the fiscal role of Pakistani Parliament is very short duration of the budget sessions. It can be concluded safely that there is hardly any parliament in the contemporary world where budget is approved in such a short time as has been the case in Pakistan. The budget is generally passed within two weeks time which includes only one week for the Senate.

The United States Congress spends about eight months and sometimes more, debating the budget. A good rule of thumb is the more time the legislature has to review the draft budget, the greater its overall potential influence. International experiences suggest that a national legislature requires at least about three to four months for effective consideration of the annual state budget.

The Parliament should be involved for longer period of time during the passage of the budget in a House and also in formulation of the budget. Generally, other countries, parliaments are more involved in the process of budget making. In the UK, the Wages and Means Committee, and in certain other countries including India, the Committee

on Estimates are involved in the process. Committee on Estimates, in bicameral systems, represents both Houses on the basis of proportional representation. Therefore, it is important that parliament in Pakistan should also be involved for greater period of time in the process of budget making as well as during the passage of budget.

جناب چیئرمین، شکریہ، آپ نے وقت کی پابندی کی اور میں یہ التجا کروں گا باقی سپیکروں سے بھی کہ وقت کی پابندی کی جائے۔ عبدالرحیم خان مندوخیل۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے بجٹ 2007-08 پر مجھے اپنی معروضات پیش کرنے کا موقع دیا۔ جناب والا! یہ بجٹ انہی خطوط پر تیار کیا گیا ہے جن پر کئی سالوں سے کام ہوتا رہا ہے۔ اس میں جناب والا! گورنمنٹ کی پارٹی اور ایسے دیگر لوگ یہ ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ یہ بجٹ ملک کی ترقی کے لئے، عوام کے لئے ایک بہت بڑا قدم ہے، اور اس سے ہم ترقی کر سکیں گے، لیکن ہم جناب والا! اس بجٹ کی ماہیت کو دیکھتے ہوئے ایسا سمجھتے ہیں کہ اس بجٹ سے، یا ان خطوط پر جو بجٹ تیار ہوئے ہیں ہمارے ملک کے لیے پسماندگی، مہنگائی، بدامنی کی دلدل سے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں ہے۔ جناب والا! پہلی بات یہ ہے کہ یہاں ہم سب کہتے ہیں کہ پاکستان اور پھر اس کے نظریے کے مختلف slogans رکھتے ہیں۔ لیکن بنیادی طور پر ہمارا مطلب اس مملکت کو ایک فلاحی مملکت بنانا ہے۔ اس ملک کو ایسا ملک بنائیں کہ یہاں کے سولہ کروڑ عوام خوشحال ہوں، ان کے بچوں کے لئے تعلیم کا انتظام ہو، صحت کا انتظام ہو، بے روزگاری سے تحفظ ہو، پیداوار میں ترقی ہو۔ ایسی صورت میں ہم دنیا کے دوسرے ملکوں کے ساتھ برابری کی بنیاد پر بیٹھ سکتے ہیں، لیکن جن خطوط پر یہ بجٹ تیار کیا گیا اس میں اس چیز کا دور دور تک کوئی امکان نہیں ہے۔ فلاحی مملکت جس میں ہمارے ملک کے عوام کی خوشحالی ہو، ترقی ہو، تعلیم ہو، صحت ہو، روزگار ہو اس بجٹ میں یہ نہیں ہے۔

جناب والا! پہلی بات! بجٹ کے معنی ہیں میزانیہ آمدن اور خرچ۔ ہماری آمدنی کا اندازہ لگائیں کہ ہماری آمدنی کیا ہے۔ کیا پیداوار سے ہمیں یہ آمدنی ملی ہے؟ ان لوگوں سے ٹیکس لیا گیا ہے جو ٹیکس ادا کرنے کے قابل ہیں یا عمومی عوام سے ٹیکس لیا گیا ہے؟ جناب والا! یہاں پر بڑا پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے کہ tax net کو extend کریں۔ موجودہ بجٹ کے ٹیکس ریونیو میں 60% share indirect tax کا ہے indirect tax کے معنی، عوام پر، سولہ کروڑ عوام جو بھی چیز خریدتے ہیں تو اس میں وہ سٹیٹ کو ادائیگی کرتے ہیں۔ یہ مہنگائی ہم پر مسلط کی گئی ہے کسی صورت میں بھی ہم اس سے نکل نہیں سکتے۔ عوام کے پاس ذرائع نہیں ہیں لیکن ان سے ٹیکس لیا جاتا ہے، پٹرول پر، گیس پر، بجلی پر، دوسری transactions پر بھی۔ پہلی بات یہ ہے کہ عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ ہے، عوام پر بجٹ کا بوجھ ہے، اب اگر یہ بوجھ ایک سال کے لیے ہو، دو سال کے لیے ہو تو برداشت کیا جا سکتا ہے، لیکن یہاں پر جو سلسلہ ہے اگر آپ پچھلے تیس سال کا بجٹ نکالیں تو آپ دیکھیں گے کہ عوام پر بڑا بوجھ ڈال دیتے ہیں کہ یہ ٹیکس آپ نے ادا کرنے ہیں۔ اگر یہ ایک بار ہو تو ٹھیک ہے۔ جناب والا! اتنی بڑی رقم کا بجٹ، 1599 ارب روپے کا بجٹ، آپ نے اندازہ لگایا ہے کہ 1599 کا خرچہ ہم کیسے ادا کرتے ہیں۔ 1599 ارب روپے کا خرچہ ایک طرف indirect taxes سے ہم ادا کرتے ہیں پھر 1599 کا جو باقی بچتا ہے وہ ہم ادا نہیں کر سکتے تو اس کے لیے ہم قرضہ لیتے ہیں۔ جناب والا! 258 ارب روپے اس سال ہم بیرونی قرضے لیں گے اس میں ۲۹ ارب روپے وہ کہتے ہیں یہ گرانٹ ہیں۔ میں فرض کر لیتا ہوں کہ یہ گرانٹ ہے۔ جناب والا! ۲۵۸ ارب روپے اس کے ساتھ لوکل 130 ارب روپیہ دوسرا ہے اور نمبر ۳، یہاں پر جو بیٹھے ہوئے ہیں وہ کہتے ہیں کہ پرائیویٹائزیشن، پرائیویٹائزیشن والے جو ہیں وہ ۷۵ ارب روپے کی اس سال ملک کی دولت کو فروخت کرنا چاہتے ہیں۔ پہلے سے بجٹ میں رکھ دیا ہے ۔75 ارب روپے from privatization. تو جب ہم خرچہ کرتے ہیں۔ ایک طرف وہ آمدنی جو ہمارے عوام پر بوجھ اور دوسرے مستقبل کے لیے قرضہ ۲۵۸ ارب روپے وہ ۱۳۰ ارب روپے بنکوں سے اور ۷۵ ارب روپے آج سے کیبنٹ کی جو meeting ہوتی ہے اور وہ باقاعدہ ذکر کرتے ہیں کہ privatization کے بارے میں فیصلے ہوئے ہیں ۔ تو اس سال آنے والا خرچہ جو ہے اس میں ۷۵ ارب روپے رکھ دیے گئے ہیں۔ آپ نے فروخت کرنا ہے ۔یعنی یہ بجٹ قرضوں کا بجٹ ہے

جس میں آپ نے قرضہ لینا ہے اور آپ کے مستقبل کے تمام بچے یہ رقم ادا کریں گے۔ آئندہ جو بجٹ آئے گا اس میں آپ جو expenditure کریں گے یا اس کے برابر کسی اور سال میں کریں گے یہ ہمارا بجٹ ہے ۔ اب اسی پر اکٹھا ہوتا تو ہم خوش ہوتے کہ یہ بجٹ ابھی اس سال کا مسئلہ ہے۔ یہ expenditure ہم لوگ کرتے ہیں یہ جو کہتے ہیں کہ 1599 ارب روپے ہے۔ کتنی شاندار رقم ہے ۔ پھر جب آپ اس کا اپریشن کرتے ہیں تو وہاں کیا نظر آتا ہے؟ وہاں نظر یہ آرہا ہے کہ تین subjects ، ابھی نام دے دیا ہے جنرل پبلک سروس ، پہلے debt service کہا کرتے تھے open case تھا سمجھ آجاتی ہے، ابھی وہ ایسے جنرل پبلک سروس cover کرکے اگلی سروس ، جناب والا! مثلاً جتنی رقم ہے ۔ یعنی میں اس کو اس طرح لوں گا current expenditure سے وہ 1056 ارب روپیہ جو ہیں وہ آپ نے ادا کرنے ہیں اور current expenditure میں کیا ہے؟ پہلا آئٹم جنرل سروسز اور جنرل سروسز کا خرچہ جو ہے 641 ارب روپے اور اس میں deficit servicing ہے ۔ دوسرے ایسے items ہیں اور اس سے خرچہ چلایا جائے گا۔ دوسرا item 275 ارب ڈیفنس کا ہے اور ڈیفنس کا تو ہم چھوڑ دیتے ہیں۔وہ ایسے تکرار والا مسئلہ ہے ۔اس کے بعد جو ملک کی ترقی کے لیے جو affairs ہیں ۔Economic Affairs, Health, Education اس پر مل ملاکر جو ہے ۱۴۴ ارب روپیہ یا اتنی رقم جو ہے بمشکل بنتی ہے۔ یعنی 1599 ارب روپے کسی نہ کسی طرح جمع کرائے ، سود سے، قرضوں سے، عوام سے ٹیکس، اور وہ سب کچھ رقم جو ہے وہ ان کے حوالے کرکے بات چیت جو ہے یہ اکنامک آفیئرز اور سوشل افیئرز اور دوسرے ایجوکیشن ان پر کل ۱۴۴ ارب تک بھی نہیں بنتے ہیں۔ یعنی اس بجٹ کے بارے میں کل ہمارے ایک دوست یہاں کہہ رہے تھے کہ یہاں خوشیاں منائی جا رہی ہیں۔ یہ عید پر جو مٹھائیاں تقسیم ہو رہی ہیں، خوشیاں کہاں؟ پاکستان کے سولہ کروڑ عوام کے لیے کہاں؟ کیسے؟ انہیں تو قرضے کے شکنجے میں کسا گیا ہے اور ان کی تمام آمدنی وہاں لی گئی ہے، یہ پوزیشن ہے۔ اب وہ جو کہتے ہیں development expenditure کے لیے 520 ارب روپے، اس میں بھی ratio یہی ہے یعنی یہ جو تقسیم کا طریقہ ہے وہ بالکل جو میں نے گوشوارے میں پڑھا ہے، اس میں واضح طور پر اسی طرح دیا گیا ہے یعنی general services, defence کو جب آپ ملائیں تو 520 بنتے ہیں تو اس میں 60% general services کا خرچہ ہے۔

جناب چیئرمین، وقت کا خیال رکھیں۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل، مہربانی جناب۔ اب اس کو اگر پھر 60% دیں گے' ادھر میں نے حساب کیا اور انشاء اللہ اس میں زیادہ غلطی نہیں ہو گی' 177 ,170 ارب روپے تمام development میں ' education, social side, health side اور دوسرے جو مختلف nominals دیے ہیں' یہ ہے ہمارا بجٹ۔ جناب والا! اس طرح بجٹ سے ہم جو امید رکھتے ہیں کہ مستقبل میں ہماری ایک فلاحی مملکت ہو گی' ایسے کوئی امکانات نہیں۔ اور پھر جناب والا! اس میں آپ دکھا رہے ہیں PSDP اور دوسرے' جناب والا! اس میں کوئی شک نہیں پشتونخواہ وطن، بلوچستان کو تو بالکل نظر انداز کیا گیا ہے۔ یعنی ایسے ہی nominal مثلاً مردان سے مالاکنڈ تا سوات' مردان سے مالا کنڈ تا دیر یہ road کتنے سالوں سے کس حالت میں ہے۔ اس کو ہنگامی طور پر بنانا چاہیے تھا کیونکہ جناب والا! اس road پر کروڑوں لوگ رہتے ہیں' آتے جاتے ہیں اور کاروبار کرتے ہیں' میں نے ایک مثال دی ہے۔ جناب والا! ہمارے علاقے یعنی جو پشتون علاقہ ہیں ان میں دیکھیں کل بیس کروڑ روپے ایک سبکزئی ڈیم کے لیے اور پانچ کروڑ روپے باتوزئی کے لیے یعنی پچیس کروڑ روپے۔ PSDP کے 62 یا 63 ارب روپے میں سے جناب والا! آپ دیکھیں' پارلیمانی کمیٹی نے بھی کہا ہے کہ بلوچستان کے صوبے کو پانی کے لیے ستاون ارب روپے دینے چاہییں' یہ جو میگا پراجیکٹ کے دعوے کرتے ہیں تو اس میں ایسا ہے کہ تمام زمین جیسا کہ کل ڈاکٹر صاحب نے بھی کہا کہ وہاں جو cultivable زمین ہے وہ زیرکاشت آئے گی تو غلہ' سبزی اور میوہ ہم export بھی کر سکیں گے لیکن اس پر کچھ خرچہ نہیں ہو گا۔

جناب چیئرمین، جی ذرا وقت کا خیال رکھیے اور ختم کیجیے۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل، پھر ذرا' with due respect جناب! یہاں بجلی کی بات ہوتی ہے' وزیر صاحب یہاں آتے ہیں اور ہمیشہ کہتے ہیں کہ یہ بجلی' وہ بجلی' آپ power کا section نکالیں' اس میں دیکھیں' ہمارے صوبے کو کتنی بجلی دی گئی؛ کتنی allocation ہے؛ تمام صوبے کا مطالبہ ہے کہ ہمارے اس صوبے میں اگر پانچ سو میگا واٹ کا ایک گرڈ سٹیشن بنایا جائے اور ایک ٹرانسمشن لائن ڈیرہ اسمٰعیل خان سے ژوب اور کوئٹہ کی ہو

جائے تو بجلی کا یہ problem ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے لیکن یہ ان کا مسئلہ ہی نہیں۔ اب یہ صورت حال ہے۔ جناب والا! سڑکیں ژوب سے مغل کوٹ اٹھتر کلو میٹر پہاڑی علاقہ ہے اور یہ وہ road ہے جو پشتونخواہ صوبے اور پنجاب کو بھی ملاتا ہے لیکن جناب والا! اس road کے لیے اس بجٹ میں ایک ملین روپے ہیں، یہ افسوس ناک ہے۔ ہمارے صوبے کو کسی حساب میں ہی نہیں رکھا گیا ہے، یہ پوزیشن ہے۔ جناب والا! اب ایسے حالات میں ہم کس طرح، میں اس میں ذرا یہ تکرار کروں گا کہ میں یہاں سینیٹ میں 1991 میں پہلی بار آیا تھا، 6 سال تک میں سینیٹ میں رہا۔ ابھی تک میں دیکھ رہا ہوں ہمارے roads کی allocation بس nominal ہے، ابھی جو PIA کے طیارے کا ملتان میں accident ہوا اس کے بعد سے طیارہ بند ہے۔ کوئٹہ، ژوب، پشاور اور ملتان یہاں ہزاروں لاکھوں لوگوں کے لیے وہاں روڈ بند ہے یعنی وہاں پر کوئی سفر نہیں کر سکتا۔ اس کے معانی ہیں کہ تجارت اور کاروبار پر بھی اس کا اثر ہے۔

جناب والا! ایسے حالات ہیں، یہ بجٹ اور یہ نقشہ ہے، trend تبدیل نہیں ہو رہا، بس ہم اسی پر لگے ہوئے ہیں۔ ہم یہ تجویز کرتے ہیں کہ اگر ہم نے فلاحی مملکت بنانی ہے تو مہربانی کریں اور یہ جو indirect taxes عوام پر ہیں ان کو کم کیا جائے، جس کا یہ فائدہ ہو گا کہ ایک طرف عوام پر بوجھ نہیں ہو گا اور دوسری طرف پیداوار کی input سستی ہو گی، یعنی پیداوار میں expansion ہو گی اور جب پیداوار میں expansion ہو گی تو روزگار اور export کے جو مختلف indicators ہیں وہ آئیں گے۔ بہرکیف مجموعی طور پر تمام ملک میں اور ہمارے دو صوبوں میں یہ حالت ہے لیکن اہم چیز تعلیم اور صحت ہے، اگر ہم نے اس کی پالیسی نہیں بنائی۔ یہاں ہمارے کچھ دوست کہتے ہیں controlled economy، ہم نہیں چاہتے۔ آج China اور انڈیا نے جو ترقی کی ہے تو سب سے پہلے انہوں نے public sector کو strong کیا public sector establish ہوا تو اس کے ساتھ private sector بھی باہمی طور پر strong ہوا۔ جناب والا! یہ جو private sector کی ذخیرہ اندوزی ہے، اس سال خدا کے فضل سے ہماری گندم زیادہ ہوئی اور اسی سال گندم کی قیمت بڑھ گئی، کیوں؟ کیونکہ ذخیرہ اندوزوں اور دوسروں نے وہاں پالیسی بنائی اور کچھ گندم باہر نکالی اور ہم پر بھوک مسلط کر دی۔ یہ تو اب فیشن بن گیا ہے کہ free trade, free trade، اگر ہم اسی طرح چلاتے رہے تو یہ states ہی ختم ہو جائیں گی کیونکہ تمام

جو اختیارات ہوں گے وہ multinationals کے ہاتھ میں ہوں گے' ان کے interests ہوں گے'
اس state کو فلاحی مملکت کے لیے ہمارے پاس کوئی گنجائش نہیں ہو گی۔ ,Public sector
private sector mix economy کے بغیر' مشرقی ملکوں کا' غریب ملکوں کا کوئی راستہ نہیں۔

جناب والا! آپ نے ابھی دیکھا کہ تمام جنوبی امریکہ میں بڑے بڑے ملک اب باقاعدہ economy کی طرف آ رہے ہیں۔ ہم اپنا public sector establish کریں اور اس کے ساتھ private sector بھی ہو اور دونوں مل کر اپنی economy کو develop کریں اور فلاحی مملکت کو بھی مانیں۔

جناب چیئرمین، میرا خیال ہے تقریر ختم کریں' بہت وقت ہو گیا ہے۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل، جناب والا! میں اس میں ایک اور بات لانا چاہتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ پانی کا مسئلہ ہوتا ہے یا گرمی ہوتی ہے تو کہا جاتاہے کہ کالا باغ ڈیم بنائیں۔ ہماری قوموں کے حقوق ہیں' پانی کا مسئلہ ہے' باقاعدہ ان کو ملا کر بنایا جا سکتا ہے' ایسے نہیں بنایا جا سکتا۔ جس میں پختون' بلوچ' سندھی اور سرائیکی اس کے مخالف ہیں۔ اس کے علاوہ پختونخواہ صوبے نے باقاعدہ قرارداد منظور کی کہ غازی بروتھا سے پانی اسلام آباد لایا جائے۔ اب کس کا پانی ہے؟ کون اس کا مالک ہے؟ کیسے لے جایا جائے گا؟ صوبائی اسمبلی نے قرارداد پاس کی ہے لیکن ابھی اس PSDP میں Interior کے بجٹ میں ہے۔جناب والا! آپ حیران ہوں گے کہ Interior کے بجٹ میں ہے۔

جناب والا ! item No.16, Interior Division page No.121, Conduction of Water from Indus River System to the Down Stream Regime at Turbela Dam to the City of Islambad Phase-1 جناب والا! اب یہ اندازہ لگائیں یعنی Interior کو رکھ دیا ہے' کیوں رکھ دیا ہے؟ ہم اس کی مخالفت کرتے ہیں۔ یہ تمام ایسے کام جو ہمارے اس ملک کی Federation صحیح طور پر' برابری کی بنیاد پر شراکت کی جب کوئی چیز نہ ہو' ہم اس کی بالکل مخالفت کرتے ہیں۔ جناب والا! بہر کیف میں اتنا عرض کروں گا کہ تعلیم اور صحت کے حوالے سے ہماری economy کی direction ایسی جانی چاہیئے کہ بجائے public service ہم

تعلیم کو زیادہ خرچہ دیں۔ صحت کو زیادہ خرچہ دیں تعلیم سستی ہو، صحت سستی ہو اور ایک stage آئے کہ وہ مفت ہو۔ روزگار کو fundamental right قرار دیا جائے کہ ہمیشہ جو بھی qualified ہو جس محنت مشقت کے لیے، وہ اس کو فراہم کی جائے۔ جناب! آپ کی بڑی مہربانی۔

جناب چیئرمین، شکریہ۔ مولانا محمد صالح شاہ صاحب نہیں ہیں، رخسانہ زبیری صاحبہ، رحمت اللہ کاکڑ صاحب، اچھا دوپہر کو کریں گے۔ نواب جوگیزئی صاحب۔

سینیٹر وسیم سجاد (قائد ایوان)، ابھی جو نہیں ہے، اس کا announce کر دیں کہ drop ہو گیا تاکہ اصول کے مطابق چلیں، نہیں تو یہ ہو گا کہ اس کو کر دیں، اس کو نہ کریں، میرا خیال ہے کہ یہ ناممکن ہو جائے گا۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب! I agree کہ ناممکن ہو جائے گا لیکن ہم نے یہ بات رات کو کہی تھی۔

جناب چیئرمین، I think اگر وہ کہہ رہے ہیں کہ دوپہر کو آئیں گے، ان کو inform کر دیا ہے۔

Senator Wasim Sajjad: If Mr. Raza Rabbani wants to bend the rule, let him do it, let us not be held responsible, if the speaker cannot be accommodated, fine then.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I am not bending the rules and all I am saying was that we have requested the Chair to make this observation tonight so that all speakers are there.

سینیٹر وسیم سجاد، جناب! بالکل ٹھیک ہے جو مرضی ہے، کہتے ہیں، کرنے دیں۔ جی House اس طرح چلائیں، adhoc طریقے سے جو مرضی ہے، جس کی مرضی ہے، وہ کرتا جائے، جو مرضی ہے drop ہو جائے، نہیں ہو، accommodate کر لیں، اس طرح House نہیں چلے گا۔

جناب چیئرمین، سیمیں صدیقی صاحبہ۔

Senator Semeen Yousuf Siddiqui: Thank you Mr. Chairman, for giving me the opportunity of the speech.

میں سب سے پہلے اپنی حکومت کو وزیر اعظم President, اور Finance Minister کو، ایک عوامی بجٹ پیش کرنے پر مبارک باد پیش کرنا چاہوں گی۔ بے شک اس پر جتنے بھی اعتراضات کئے جائیں لیکن بہرحال یہ ایک اچھا بجٹ ہے جس نے عام آدمی کو بھی relief فراہم کیا ہے۔ میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گی، میں چند موٹی موٹی باتیں کرنا چاہوں گی کیونکہ already کافی باتیں ان چیزوں پر ہو چکی ہیں۔ سب سے پہلے میں یہ کہوں گی کہ یہ حکومت کا ایک احسن اقدام ہے کہ اس نے pension میں اضافہ کیا اور سب سے اہم چیز یہ ہے کہ پہلی دفعہ یہ ہوا ہے کہ surviving spouse کو بھی pension ملا کرے گی۔ پہلے ایسا ہوتا تھا کہ اگر کسی آدمی کا انتقال ہو جاتا ہے تو مرد pension کا حقدار نہیں ہوتا تھا تو میں سمجھتی ہوں کہ حکومت نے یہ، ایک اچھا قدم اٹھایا ہے۔

میں دوسری چیز یہ کہوں گی کہ یہاں privatization کے خلاف بات کی گئی، میں وہ دور یاد دلوانا چاہتی ہوں کہ جب nationalization کے نام پر industrialists کو کڑہائیوں میں ڈالا گیا اور ان کے خلاف ایک محاذ آرائی اختیار کی گئی۔ اس سے ہماری investment چلی گئی، لوگوں نے industry میں پیسہ لگانا بند کر دیا کیونکہ ان کو security کا problem تھا، لیکن آج وہ دور نہیں ہے اور آج صورت حال مختلف ہے۔ Privatization کی وجہ سے پیسہ ہمارے ملک میں آرہا ہے اور اس سے employment generate ہو رہی ہے۔

تیسری بات ہے کہ poverty میں بے شک ہمارے ہاں reduction ہوئی ہے، ہمارے لوگوں کی purchasing power بڑھ گئی ہے۔ میں جب اپنی غریب آبادی اور غریب عوام کی طرف دیکھتی ہوں تو مجھے محسوس ہوتا ہے کہ ان کے حالات بہتر ہوئے ہیں، میں اکثر، سیاسی کارکن ہونے کے ناتے، کچی آبادیوں کا بھی دورہ کرتی ہوں اور میں وہاں محسوس کرتی ہوں کہ جو basic needs ہیں، جس کو ہم luxury کہتے ہیں، لیکن basic ضروریات ہیں جیسے کے fridge ہے، washing machine ہے تو آج وہ کچی آبادی کے دو کمروں کے 60 گز کے گھر

میں موجود ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ میں نے ان گھروں میں split AC بھی دیکھا ہے گوکہ ان گھروں کی تعداد زیادہ نہیں ہے، لیکن ان کے پاس split AC وغیرہ موجود ہے اور اس کے ساتھ ساتھ تقریباً washing machine ہر گھر میں موجود ہے۔ آج آپ cell phone کی حالت دیکھیں کہ ایک گدھا گاڑی چلانے والا بھی cell phone رکھتا ہے، ایک ریڑھی پر سبزی بیچنے والا بھی cell phone رکھتا ہے تو this means کہ اس کے پاس pay کرنے کی سکت ہے۔ یعنی instalments پر بھی چیزیں لی جا رہی ہیں تو اس کے پاس اتنی مالی سکت ہے کہ وہ ان اقساط کو pay کرسکتا ہے۔ جب حکومت یہ کہتی ہے کہ poverty کا rate 10 to 20% ہو گیا ہے، کم ہو گیا ہے تو یہ بالکل صحیح بات ہے، اگر نہ خرید سکتا ہوتا تو یہ چیزیں غریب آدمی خرید ہی نہیں سکتا تھا۔

جناب چیئرمین! اس کے بعد میں آتی ہوں یوٹیلٹی سٹور پر۔ یہاں پر یوٹیلٹی سٹورز کی مخالفت کی گئی۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہ یوٹیلٹی سٹورز ہماری عوام کو ان کے grass-roots level پر اشیائے ضروریہ کو پہنچانے کا ایک بہت ہی اچھا ذریعہ ہیں اور یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ یہاں سستی چیزیں ملتی ہیں لیکن میں اس کے ساتھ ساتھ ایک بات یہ کہوں گی کہ بے شک ہم حکومت میں ہیں اور حکومت کو یہ دیکھنا چاہیے کہ quality and standard of goods جو ان یوٹیلٹی سٹورز پر ہے وہ بھی بہتر ہونا چاہیے۔ میرے علم میں یہ بات ہے اور یہ بالکل حقیقت ہے کہ جو دالیں ہمیں یوٹیلٹی سٹور پر ملتی ہیں وہ sub-standard ہیں بلکہ گوشت معلے گل جائے گا اور دالیں دیر سے گلیں گی۔ ہمیں یہ disparity نہیں رکھنی چاہیے کہ posh علاقوں میں آپ اچھی چیزیں دے رہے ہیں لیکن جو یوٹیلٹی سٹورز ہیں وہاں پر اشیا صحیح نہیں ہیں، اس کو بھی بہت اچھا ہونا چاہیے تاکہ سہولت میں مزید اضافہ ہو۔

جناب والا! energy crisis کی بات ہوئی۔ ہم سب انرجی اور بجلی کے لئے شور کرتے ہیں، روتے ہیں لیکن جب بجلی generate کرنے کے مواقع ہمیں ملتے ہیں تو ہم ان کو avail نہیں کرنا چاہتے۔ ہم ان کی مخالفت کرتے ہیں۔ میں سمجھتی ہوں dams اور خاص طور پر کالا باغ ڈیم کے پراجیکٹ کو شروع ہو جانا چاہیے تھا۔ کراچی میں بھی بجلی کا بحران ہے، overall پورے پاکستان میں ہے، لیکن ہم اس کے ازالے کے لئے کچھ کرنا نہیں چاہتے، اور جب ڈیموں

کی بات آتی ہے تو ہم ان کی مخالفت کرنا شروع کردیتے ہیں۔ہم صرف تنقید برائے تنقید کرنے کے عادی ہیں۔ Alternate energy کے طور پر کہ solar energy بھی ایک بہت اچھا ذریعہ ہے۔ پچھلے دنوں ہم SAFMA کی کانفرنس میں انڈیا گئے تھے تو وہاں میری کسی سے بات ہوئی تھی جن کی consulting firm ہے تو مجھے یہ سن کر حیرت بھی ہوئی کہ سستی بجلی اگر آپ ایک چھوٹے گھر کے لئے provide کر رہے ہیں تو سولر انرجی کا جو یونٹ ہے اس کی cost is about five to six thousand rupees جس میں ایک فریج بھی چل سکتا ہے اور لائٹ بھی جل سکتی ہے۔ اب ایک بڑے پراجیکٹ کے انتظار کی بجائے حکومت سے میری آپ کے توسط سے استدعا ہوگی کہ وہ چھوٹے سولر انرجی کے یونٹس کو import کرے یا یہیں پر اس کی پیداوار کی کوشش کرے اور وہ کم instalments پر غریب لوگوں کو provide کرے جیسا کہ دیہاتوں میں اور long term programmes وہ تو ساتھ ساتھ چلتا رہے لیکن immediate relief کے لئے ان کو یہ provide کیا جائے، اور میں سمجھتی ہوں کہ پانچ، چھ ہزار ہر آدمی afford کرسکتا ہے جبکہ ایک فریج خرید سکتا ہے تو وہ یہ بھی خریدسکتا ہے اور اس کو instalment پر ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین! next میں آؤں گی health کی طرف۔ Health is a major concern and should be a major concern اور یہاں پر مجھے بہت دکھ کے ساتھ کہنا پڑتا ہے اور بہت افسوس بھی ہوا کہ ہمارا vision کتنا محدود ہے کہ یہاں پر UC level پر کلینک قائم کرنے کی مخالفت کی گئی۔ میں سمجھتی ہوں کہ UC level پر کلینک کو قائم ہونا چاہیے۔ اس سے دو فائدے ہیں ایک تو یہ کہ آپ کو trained ڈاکٹر اور سٹاف مہیا ہوگا اور لوگوں کے مرض کی صحیح تشخیص ہوگی اور صحیح دوائیاں ان کو ملیں گی اور انہیں کہیں زیادہ دور نہیں جانا پڑے گا۔ Immediately, emergency کی حالت میں بھی وہ اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کی importance کی سب سے بڑی اہم وجہ یہ ہے کہ جو quacks ہمارے غریب آبادیوں میں اپنا کلینک چلا رہے ہیں اور لوگوں کا استحصال کر رہے ہیں، ان سے پیسہ بٹورتے ہیں، غلط انجکشن اور غلط ادویات دیتے ہیں they are just dispensers or compounders کسی بھی ہسپتال میں کام کر رہے ہیں اور اپنے نام کے ساتھ ڈاکٹر لگا لیتے ہیں وہ خود بخود rootout ہو جائیں گے

حکومت کے clinics بن جانے کی وجہ سے۔

جناب چیئرمین! جیسے ہیپاٹائٹس وغیرہ کے لئے ہمارے ملک میں بہت زیادہ کام ہو رہا ہے لیکن ہمارے ہاں ایک مرض ہے تھیلیسیمیا، جس پر میں کام کر رہی ہوں اور مجھے بڑے دکھ کے ساتھ یہ کہنا پڑ رہا ہے، at least کم سے کم جو میری knowledge ہے، اس کے مطابق بیس سے چھبیس ہزار افراد اس مرض کا شکار ہیں اور اس کے لئے ایک infusion pumps آتے ہیں۔ میں آپ کے توسط سے چاہوں گی کہ وزارت سماجی بہبود تک یہ بات جائے کہ وہ infusion pumps کو بیت المال میں شامل کریں جیسا کہ ہیپاٹائٹس کے انجکشن اور دوسری ادویات شامل ہیں۔ اس لئے کہ اس pump کی قیمت کوئی چار ساڑھے چار ہزار روپے ہے اور اسی کے through جو مریض ہوتا ہے وہ دوا لیتا ہے اور آٹھ گھنٹے میں تھوڑی تھوڑی dose اس کو ملتی ہے۔ یہ غریب آدمی کی پہنچ سے دور ہے اور بیت المال تھیلیسیمیا کو بھی اگر support کردے including pumps and medicines becasue the medicines are also expensive ایک انجکشن Destrol آتا ہے جس کی قیمت پہلے ۱۸۰ روپے تھی پھر اس کی قیمت 100 روپے کر دی گئی ہے۔ ایک مہینے میں یہ پانچ چھ دفعہ لگتا ہے۔ تو the price of this medicine and other related should be reduced, so that کہ ایک عام غریب آدمی اپنے بچے کا اتنا خرچہ برداشت نہیں کرسکتا یہ پانچ، چھ، سات انجکشن مہینے میں لگتے ہیں، لہٰذا اس کو بیت المال کے زمرے میں لایا جائے۔ اور دوسری چیز میں وزارت صحت سے آپ کے توسط سے درخواست کرنا چاہتی ہوں کہ اس بیماری کے بارے میں بھی ایک پروگرام شروع کرے regarding awareness through electronic media, through print media, and through health visitors جیسے family planning کے health visitors کو بھیجتے ہیں اسی طرح ان کو تربیت دیں تاکہ ہیپاٹائیٹس اور اس کے بارے میں بھی door to door معلومات فراہم کریں۔ یہ خطرناک بیماری ہے اگر کوئی spouse or couple is victim of this disease تو وہ لازمی طور پر 25 % chances ہیں کہ بچوں میں منتقل ہو جاتی ہے اور وہ ہوتی ہے۔ ہمیں اگر اپنی generation کو بچانا اور ان کے لئے کچھ کرنا ہے تو its a deadly disease اور آخر میں اس کا انجام موت ہی ہوتا ہے۔ اس کے بارے میں ہمیں بہت کچھ کرنے

کی ضرورت ہے۔ Awareness programme is very necessary for this.

جناب والا! اب میں KESC کے بارے میں بات کروں گی ۔ جب سے یہ privatise ہوئی ہے ہمارا بجلی کا حال اور خراب ہوگیا ہے۔ میرے علم میں یہ بات آئی ہے کہ KESC کے پاس privatize ہونے سے پہلے چند foreign consultants کی proposals پڑی ہوئی ہیں۔ اب یہ privatize ہوگئی they know about it and they should contact those consultants. ان کے پاس سارا infrastructure تیار ہے it would only take six months to install everything. Crisis of electricity can be solved and KESC is not taking any interest towards it. ان کو چاہیے کہ اس میں دلچسپی لیں اور جو جو انکے پاس تجاویز پڑی ہوئی ہیں ان کو ایک دفعہ اٹھا کر تو دیکھیں اس میں کیا چیز ہے۔ میری ان سے بات ہوئی ہے and they said that everything is ready. Its just on KESC اور وہ slackness show کر رہی ہے اور اگر وہ اسے دے گی تو they will take hardly six to eight months to install that and this crisis can be solved جو کراچی کی situation ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس ہاؤس کے توسط سے یہ بات ان تک پہنچانی چاہیے۔

آخر میں، میں اپنے صدر اور ان کے vision کو سلام پیش کرتی ہوں، اپنی حکومت کو سلام پیش کرتی ہوں ۔ مجھے بڑا دکھ ہوتا ہے کہ دوسری طرف سے بھی باتیں ہوتی ہیں خاص کر قومیتوں کی بات کرتے ہیں ۔ اگر ہم قومیتوں میں بٹے رہے تو ہم کبھی ترقی نہیں کرسکتے ۔ قومیتیں جب قوم بنیں گی تو ملک ترقی کرے گا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین، وقت کی پابندی کرنے پر بہت شکریہ۔ نواب محمد ایاز خان جوگیزئی۔

سینیٹر نواب محمد ایاز خان جوگیزئی، جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ کہ مجھے وقت دیا۔ آج بجٹ پر تجاویز کے لئے چوتھا دن چل رہا ہے۔ جناب چیئرمین! اس ملک میں جو Treasury Benches کی جانب سے ریکارڈ بجٹ کا کہا جا رہا ہے اس میں ہمارے ساتھی محترم ایس ایم ظفر صاحب نے بھی ریکارڈ بجٹ کہا ۔ میں نہیں سمجھتا کہ جو بجٹ پیش کیا گیا ہے۔ اس بجٹ کے ثمرات شاید ہی غریب آدمی تک پہنچیں۔ موجودہ حکومت کے پچھلے سات سالہ دور

میں یہ ہوا ہے کہ اس ملک میں ریکارڈ بے روزگاری، ریکارڈ مہنگائی، ریکارڈ اقربا پروری، ریکارڈ لوڈ شیڈنگ، ریکارڈ کرپشن، ریکارڈ اغوا برائے تاوان، ریکارڈ suicide bombings، ریکارڈ دہشت گردی، ریکارڈ فوجی اپریشن یہ سات سالہ فوجی دور میں ہوا ہے اب ایسے معلوم ہو رہا ہے کہ سارے record holders کو نوازنے کے لیے یہ record budget بنایا گیا ہے۔ جناب چیئرمین! 9 جون کا جو بجٹ پیش کیا گیا اس میں tax revenue تقریباً ایک ہزارتیس ارب بنتے ہیں۔ سولہ کروڑ عوام پر تقریباً گیارہ سو ارب ٹیکسوں کا بوجھ ڈالا گیا ہے۔ بنیادی طور پر پندرہ سو ارب روپے کا بجٹ غیر پیداواری اخراجات کا ہے جس میں مسلح افواج، مسلح اداروں، ان کے پنشنروں، بیوروکریسی اور وزارتوں کے اخراجات شامل ہیں۔

جناب چیئرمین! وسائل کے اصل مالکان صوبے ہیں جو مرکز کو وسائل دیتے ہیں، ان کے لیے صرف چار سو چھیاسٹھ ارب روپے مختص ہیں یعنی کتنی ظلم و زیادتی کی بات ہے کہ جو صوبے وسائل دیتے ہیں ان کے لیے صرف چار سو چھیاسٹھ ارب مختص ہیں، باقی جو پندرہ سو ارب کا بجٹ ہے اس کو وفاق نے اپنے قبضے میں رکھا ہوا ہے۔ جناب چیئرمین! یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ وفاق کے نام پر ہمارے ملک کا بجٹ پنجاب یا کراچی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ہمارا صوبہ، بلکہ میں یہ کہوں کہ ہمارا پختونخواہ صوبہ اور صوبہ بلوچستان سب سے زیادہ دولت مرکز کو دیتا ہے۔ بجلی ہم پیدا کرتے ہیں، پانی ہم دیتے ہیں، کوئلہ ہم دیتے ہیں، گیس ہم دیتے ہیں لیکن اس کے باوجود ان دو صوبوں کے سارے وسائل کراچی یا پنجاب پر خرچ ہوتے ہیں۔

جناب چیئرمین! یہی وجہ ہے کہ ایک طرف سولہ کروڑ عوام بجٹ کے بھاری ٹیکسوں اور بدترین مہنگائی اور بے روزگاری کے خلاف پورے ملک میں سراپا احتجاج ہیں اور دوسری طرف قومیں اور صوبے اس بجٹ کی نا انصافی کے خلاف صدائے احتجاج بلند کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! جنرل مشرف اور شوکت عزیز کے اس سات سالہ دور میں سب سے بڑا دعویٰ یہ کیا جاتا ہے کہ ہم نے highways, motorways اور railways کے لیے infrastructure مہیا کیا ہے، بجلی اور ڈیموں کا نظام تعمیر کر رہے ہیں اور social sector میں انقلاب برپا کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! باقی ملک میں کیا ہو رہا ہے اس کا علم آپ کو بخوبی ہے۔ ہمارے صوبے کی تو یہ position ہے water sector میں اس وقت سب سے بنیادی مسئلہ پانی کا ہے۔ Water sector میں ہمارے بلوچستان صوبے میں پشتون علاقے کے لیے صرف 63 کروڑ روپے دیے گئے ہیں۔ جناب چیئرمین! ہم پچھلے آٹھ یا دس سالہ دور میں ایک بڑے قحط سالی سے گزرے ہیں۔ ہماری زراعت اور livestock سب تباہ ہوا یعنی 80% livestock ختم ہو گیا' 60% ہماری زراعت فارغ ہوئی لیکن اس علاقے کے لیے صرف 63 کروڑ روپے رکھے گئے ہیں۔

جناب چیئرمین! آپ کو معلوم ہے کہ پچھلے دس سالہ بدترین drought کی وجہ سے ہمارے جو نقصانات ہوئے ہیں اس کے لیے میں نے خود ذاتی طور پر اپنی پارٹی کی طرف سے پورے علاقے میں ایک campaign چلائی تاکہ donor agencies, بیرونی دنیا کو اس علاقے کی طرف متوجہ کر سکوں۔ پھر بیرونی دنیا نے اس علاقے کے لیے پانچ ارب روپے کی امداد دی لیکن بدقسمتی سے وہ ساری رقم ہمارے علاقے پر خرچ نہیں ہوئی بلکہ وہ پورے ملک پر خرچ کی گئی اور اصل میں جن کا نقصان ہوا تھا انہیں کچھ نہیں ملا۔ اگر تھوڑا بہت کچھ ملا تو وہ بھی سیاسی بنیادوں پر۔ جو حق دار نہیں تھے ان کو امداد دے دی گئی۔

جناب چیئرمین! گورنر کو چاہیے کہ ایسے علاقوں کے لیے special package دیں۔ Special package میں' جنرل مشرف جب آئے تھے' انہوں نے قلات اور ژوب کا دورہ کیا وہاں پر انہوں نے اعلان کیا کہ زرعی قرضے جن کے بارے میں drought کی وجہ سے عوام کا مطالبہ تھا کہ یہ معاف کیے جائیں لیکن بعد میں جناب چیئرمین! چونکہ آپ خود banker رہ چکے ہیں' ایک ایسا طریقہ بنایا گیا کہ ادھر تو یہ show کرایا گیا سیاسی طور پر اور جنرل مشرف نے وہاں جا کے زرعی قرضے معاف کیے لیکن جس طریقے سے وہ زرعی قرضے معاف کیے گئے اس سے وہاں کے 2% عوام کو کوئی relief نہیں ملا ہے۔

جناب چیئرمین! اس بجٹ میں ہمارے علاقے کی roads کے لیے بہت کم رقم رکھی گئی ہے۔ ایک بہت بڑی ضروری road جو آخر میں جا کے گوادر سے link ہو گی اور گوادر سے سنٹرل ایشیا اور چین تک جائے گی' یعنی اس کی بڑی اہمیت ہے۔ اس روڈ کے لیے ژوب' داناسر' ڈیرہ اسماعیل خان' کوئٹہ روڈ کے لیے صرف دس لاکھ روپے رکھے گئے ہیں۔ یہ کتنے ظلم کی بات

ہے کہ ایک ایسی روڈ جس پر آپ کراچی سے پشاور تک جائیں تو اس میں آپ کے تقریباً چھ گھنٹے بچتے ہیں' اس کو نظر انداز کیا گیا ہے۔ جب آپ کوئٹہ سے چلتے ہیں تو تین صوبوں کا ایک لمبا چکر کاٹ کر پشاور آتے ہیں جس کا ایک عام آدمی پر بڑا بوجھ ہے' اس پر بڑا خرچ ہوتا ہے۔ ایک ایسی روڈ جس پر آپ کوئٹہ سے بیٹھ کر شام تک اسلام آباد بھی پہنچ سکتے ہیں اور پشاور بھی پہنچ سکتے ہیں' اس روڈ کے لیے صرف دس لاکھ روپے رکھے گئے ہیں اور مجموعی طور پر ہماری roads کے لیے 461 million رکھے گئے ہیں۔ اس میں لورالائی ڈی آئی خان روڈ بھی ہے۔

جناب چیئرمین! پچھلے تین سال سے اس روڈ پر سو سو کلومیٹر کے diversions ہیں۔ وہاں پر سب سے بڑی پیداوار سیب' ٹماٹر اور سبزیاں ہیں۔ قلعہ سیف اللہ ضلع سے روزانہ ڈھائی سو ٹرک فروٹ اور vegetables کے نکلتے ہیں۔ مون سون کی بارشوں میں یہ رستے بند ہو جاتے ہیں۔ تین تین چار چار دن وہ ٹرک کھڑے رہتے ہیں اور زمینداروں کا نقصان ہوتا ہے لیکن ان لوگوں کے لیے یہ رقم رکھی گئی ہے۔

جناب چیئرمین، وقت زیادہ ہوگیا اب ختم کریں۔

سینیٹر نواب محمد ایاز خان جوگیزئی، جناب چیئرمین! میں Communication Committee کا ممبر ہوں 'ژوب کوہستان ریلوے لائن انگریزوں کے دور میں' 1930 میں بچھائی گئی تھی۔ اب اس دن Standing Committee کی meeting میں جو briefing دی جا رہی تھی' اس ملک کی ساٹھ سالہ تاریخ میں ایک میٹر لائن بھی ہم لوگوں نے مزید نہیں بچھائی۔ بلکہ جو انگریزوں نے دی ہوئی تھی ' اس میں سے بھی ہزار کلومیٹر لائن ہم نے بند کر دی ہے ۔ ہم پچھلے دو سال سے سنتے آرہے ہیں کہ ژوب تا کوئٹہ بوستان سیکشن کو broad guage کیا جا رہا ہے لیکن جہاں broad guage کی باتیں ہو رہی ہیں' اس سیکشن کے لیے صرف دس کروڑ روپے رکھے گئے ہیں۔ جس میں قیمت جو بنی ہے وہ ساڑھے سات ارب روپے کا ہے۔ جناب چیئرمین! اس لائن کی بڑی اہمیت ہے کیونکہ ہماری ایک ہی لائن ہے۔ اس لائن میں ایک ہی پل بارش کی وجہ سے جب ٹوٹ گیا' تو ایک ڈیڑھ مہینہ ہمارا رابطہ صوبے سے کٹا رہا ۔ خدانخواستہ اگر کل اس ایک پل پر ایک میزائل گر جائے یا یہ تخریب کاری کی نظر ہو جائے' تو اس کے متبادل ہمارے پاس کوئی

نظام نہیں ہے۔

جناب چیئرمین، نواب صاحب ختم کریں ۔ بہت ٹائم ہو گیا ہے اور کافی سپیکرز رہتے ہیں۔

سینیٹر نواب محمد ایاز خان جوگیزئی، جناب چیئرمین ! میں نے آپ کا بہت زیادہ وقت بچایا ہے ۔ میں بہت کم بولتا ہوں ۔

جناب چیئرمین، آپ کے allocated time سے زیادہ ہی ٹائم ہو گیا۔ مہربانی کر کے اب ختم کریں ۔

سینیٹرنواب محمد ایاز خان جوگیزئی، جناب چیئرمین! اگر آپ ٹائم نہیں دیتے تو میں----

جناب چیئرمین، میری بات نہیں ہے۔ باقی ممبران بھی بولنا چاہتے ہیں۔ یہ میرا فیصلہ نہیں ہے۔ اجتماعی فیصلہ ہے۔

سینیٹر نواب محمد ایاز خان جوگیزئی، آخر میں میں یہی کہوں گا کہ ان سب مسائل کا حل ایک حقیقی جمہوری، پارلیمانی نظام میں ہے۔ جس میں اس ملک کے عوام اور قوموں کو اطمینان حاصل ہو ۔ اس ملک کے اقتدار میں ان کو برابری کے حصہ داری کا حق حاصل ہے اور ان کو اپنے قدرتی وسائل پر حق ملکیت حاصل ہے۔ پھر قومیں ہر بحران کا مقابلہ کرتی ہیں جناب چیئرمین! اور اپنے مسائل کا حل وہ خود نکالتی ہیں۔ جناب چیئرمین! میں افغانستان کے مسئلے پر بھی بولنا چاہتا ہوں کیونکہ افغانستان کے ساتھ ہمارا ایک بہت بڑا بارڈر لگتا ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ کمیشن بنایا گیا ہے۔ افغانستان اور پاکستان کے جو issues ہیں اور وہاں پر جو تباہی ہو رہی ہے اور وہ تباہی، وہ آگ کے شعلے پھیل کر ہمارے علاقے میں پہنچ گئے ہیں۔ پشاور میں کیا ہو رہا ہے؟ مردان میں کیا ہو رہا ہے؟ وہ پھیل کر ہمارے صوبے تک، ہمارے پشتون علاقے تک آ گئے ہیں ۔ جہاں کمیشن بنا ہوا ہے ۔ کمیشن کی meetings ہو رہی ہیں ۔ اب اگست میں جرگہ بنے گا ۔ جرگے کا پہلا سیشن کابل میں ہو گا۔ اچھے تعلقات کے لیے جہاں ہم ایک environment بنا رہے ہیں، وہاں دوسری طرف جناب چیئرمین! آپ معلومات کریں، غالباً دو تاریخ کو ہمارے صوبے میں،

پشتون علاقے میں سات ہزار طالبان کا جلسہ ہو رہا ہے۔ اس جلسے میں طالبان لیڈر شپ کی آڈیو کیسٹ سنائی جا رہی ہے۔ یہ کیا پیغام جائے گا پوری دنیا میں؟ ایک طرف ہم جرگہ کر رہے ہیں، جرگے کی تیاری کر رہے ہیں، کمیشن بیٹھا ہوا ہے اور دوسری طرف ہماری مٹی، ہمارے علاقے میں ایسی activities ہو رہی ہیں۔ ان کے مثبت پیغامات نہیں جائیں گے بلکہ میں جناب چیئرمین! یہ کہوں گا----

جناب چیئرمین، نواب صاحب آپ تشریف رکھیے۔ میں دوسرے سپیکر کو فلور دوں۔ میں نے آپ سے بہت request کی ہے کہ ٹائم کی پابندی کریں۔ محمد انور بھنڈر صاحب۔ I will request the Members جب میں caution کروں تو مہربانی کر کے تقریر ختم کریں because I do not want to cut anybody's speech, but you should yourself have policing system. We must respect the decision of the House وقت کی سختی سے پابندی کریں۔

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب چیئرمین! میں کل اور پرسوں اس ایوان میں حاضر نہیں ہو سکا لیکن بہرحال میں نے ان تقاریر کا اخبارات میں مطالعہ کیا اور جن خیالات کا اظہار یہاں کیا گیا ہے، ان سے واقف ہوں۔ یہاں بجٹ کے متعلق بہت سی باتیں کی گئی ہیں اور بہت کچھ for and against کہا گیا ہے۔ بجٹ کو سراہا بھی گیا ہے، بجٹ پر تنقید بھی کی گئی ہے اور یہ میں سمجھتا ہوں کہ اصل جمہوریت یہی ہے کہ اس کے حسن و قبح کو اچھی طرح سے دیکھا جائے لیکن میں نے جو اس بجٹ کو دیکھا ہے میں یہ عرض کروں گا کہ اس بجٹ کے متعلق جو بھی adverse remarks دیے گئے ہیں میرے خیال کے مطابق وہ درست نہیں ہیں۔ اس بجٹ کو اگر ملاحظہ کیا جائے اور اس کی شقیں دیکھی جائیں اور فاضل وزیر خزانہ کی تقریر ملاحظہ کی جائے تو اس سے یہ بات خاص طور پر عیاں ہوتی ہے کہ حکومت نے زلزلہ زدگان کے لیے چھیاسٹھ بلین روپے گھر بنانے کے لیے دیے۔ اس کے بعد چالیس بلین روپے فوت شدگان اور مضروبان کی امداد کے لیے دیے گئے۔ اس کے علاوہ جناب! زراعت کے لیے ایک عشاریہ پانچ بلین روپے خرچ ہوں گے۔ ایک سو گیارہ بلین روپے کی subsidy تیل پر دی گئی ہے۔ Growth

rate ہمارے GDP کا 7.2% ہوا ہے۔ دس ماہ میں 6 billion dollars کی بیرونی سرمایہ کاری آئی۔ PSDP بھی جناب دیکھیے کہ تاریخ میں کبھی اتنا نہیں ہوا یہ پانچ سو بیس بلین رکھا گیا ہے۔ یہ ہمارے وہ منصوبے ہوں گے جو عوام کے منصوبے ہوں گے، عوام کی بھلائی کے لیے لگیں گے، عوام کے کام آئیں گے۔

جناب والا! اس کے علاوہ چھوٹے ملازمین کو ترقیاں دی گئی ہیں، پانچ گریڈ سے سات گریڈ، سات گریڈ سے نو گریڈ، گیارہ گریڈ سے چودہ گریڈ۔ یہ سب غریب لوگوں کے لیے ہیں۔ یہ چھوٹے ملازمین کے لیے ہے۔ یہ جناب بیس گریڈ کی نہیں ہے، اکیس گریڈ کی نہیں ہے، بائیس گریڈ کی نہیں ہے، یہ چھوٹے ملازمین کے لیے دی گئی ہیں۔

جناب والا! سینتیس ہزار مکانات اسلام آباد میں بنائے جا رہے ہیں، ٹیوب ویل پر subsidy دی گئی ہے، دالوں اور fruits کی قیمتوں میں کمی کرنے کے لیے یوٹیلٹی سٹورز کھولے گئے ہیں اور یہ ارادہ بھی ظاہر کیا گیا ہے ہر یونین کونسل میں یوٹیلٹی سٹورز کھلیں گے۔ ٹیوب ویلوں پر بجلی کے بلوں میں 20% subsidy دی گئی ہے اور زرعی شعبے کے لیے 250 بلین روپے رکھے گئے ہیں۔ بھاشا، گومل، تنگی dams کے لیے بھی رقمیں رکھی گئی ہیں۔

جناب والا! گوادر پورٹ develop ہوئی ہے، کوسٹل ہائی وے بنی ہے اور ہمارے reserves 14.5 billion dollars تک پہنچ گئے ہیں لیکن ترقی کی تو کوئی انتہا نہیں۔ ترقی کی منازل تو ہمیشہ طے ہوتی رہی ہیں۔ اگر کوئی یہ کہے کہ ترقی ایک جگہ پر stagnaint ہو جائے یا اس کا ایک معیار ہو، ہر ملک کے لیے ترقی کے معیار الگ ہیں، ترقی کے گریڈ الگ ہیں، ترقی ہر ایک کی مختلف ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس سال میں یا اس دور حکومت میں جتنی ترقی کی کوشش کی گئی ہے، میرا خیال ہے کہ یہ انصاف نہیں ہوگا کہ یہ کہا جائے کہ کچھ نہیں ہوا اور کچھ نہیں کیا گیا۔ یہ سارے وہ عوامل ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس بجٹ میں عوام کے لیے اصل مقصد یا اصل نقطہ نظر، یا اصل concentration یہ ہے کہ عوام کی بہتری اور عوام کی بھلائیکے لیے بجٹ کو بنایا جائے اور اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ یہ بجٹ بہترین ہے۔ پھر یہ بات ہے کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ ٹیکس نہ لگے، ٹیکس نہ دیں، نیا ٹیکس کوئی نہ آئے اور اس معاملے میں، میں سمجھتا ہوں کہ ہر سیاسی حکومت کی یہ reservation ہوتی ہے کہ عوام میں یہ تاثر نہ ہو کہ ہم نے

ان کو اور زیربار کر دیا ہے۔ نیا ٹیکس بھی نہ لگے، ترقی بھی ہو، ترقی کا بجٹ بھی بڑھے ، سکول اور کالج بھی کھلیں ، ہسپتال بھی کھلیں اور reserves بھی بہتر ہوں، قرضے بھی ادا ہوں تو یہ ممکن نہیں ہے لیکن بہرحال کوئی ٹیکس نہ لگا کر پھر بھی یہ ترقی کے معیار اپنانا اور یہ targets حاصل کرنا میں سمجھتا ہوں، قابل تحسین ہے اس لیے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ بجٹ غریب دوست نہیں ہے یا یہ بجٹ امراء کے لیے بنایا گیا ہے یا یہ بجٹ عوام کے لیے مفید نہیں ہے۔

جناب والا! میں عرض کروں کہ اس ساری ترقی کے پیش نظر ، جتنی بھی چیزیں فاضل وزیر خزانہ کی تقریر میں درج ہیں، یہ بھی ترقی ہوئی ہے اس کے علاوہ بھی میں سمجھتا ہوں کہ چند امور ایسے ہیں جن کے متعلق ہمیں اور زیادہ توجہ دینا ہوگی۔ حکومت کو اور زیادہ فعال ہونا پڑے گا اور وہ چیزیں بے شک حکومت کے پیش نظر بھی ہیں، حکومت ان سے آگاہ بھی ہے، حکومت یہ جانتی بھی ہے لیکن ہمارا on the floor of the House ان چیزوں کو point out کرنا نہایت ضروری ہے۔ سب سے پہلے میں مشکور ہوں جناب والا! آپ کا اور میں مشکور ہوں اس سارے House کا کہ ہم نے ایک روایت ڈالی تھی pre-budget کی۔ اس pre-budget میں سے جناب! میں یہ mind نہیں کرتا کہ اس بجٹ میں ایک چیز بھی نہ آئے لیکن کم از کم ان نمائندگان کو یہ موقع نصیب ہوا کہ انہوں نے بجٹ سے متعلق باتیں کیں اور ان باتوں کا یقیناً اثر ہو گا۔ یہ روایت ہمیں قائم رکھنی چاہیئے اور آئندہ بھی pre-budget sessions ضرور ہونے چاہئیں۔

جناب والا! ہم بجٹ کے لئے بہت کم وقت دیتے ہیں۔ میری یہ گزارش ہے کہ 15 دن میں یا 20 دن میں بجٹ کا پاس ہونا انصاف نہیں ہے۔ جناب والا! آپ نے Finance Bill دیکھا ہوگا۔ اس Finance Bill میں حکومت نے 25 enactments دیں اور آپ نے ہمیں دو دن کا وقت دیا کہ دو دن میں ان کو دیکھو اور ان میں اپنی amendments لاؤ۔ میں باوجود اپنی تمام کوشش کے، دو دن کی محنت کے جناب والا! صرف 9 pieces of legislation دیکھ سکا اور میں نے 81 amendments داخل کیں ، recommendations propose کیں کہ وہ اس House کی طرف سے ہوں لیکن جناب! 16 pieces of legislation کو نہیں دیکھ سکا۔ اس لئے ہم کیسے توقع کرتے ہیں جناب! کہ اتنے بڑے اگر Finance Bill دیے جائیں تو ہم دو

دن میں یا سات دن میں recommendations دے دیں۔ اس کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ National Assembly سے بھی یہ انصاف نہیں ہے کہ National Assembly کو کہا جائے کہ بیس دن کے اندر تمام stages cross کر کے آپ بجٹ کو پاس کر دیں۔ کوئی ہرج نہیں ہے جناب والا! آپ Budget May میں present کیجیے۔ مئی میں present کر کے ایک مہینہ اس پہ سیر حاصل بحث کیجیے اور اس پہ عوام کے نمائندوں کو موقع دیجیے کہ وہ اس پہ سیر حاصل گفتگو کریں اور پھر اپنی تجاویز اور اپنی رائے قائم کریں۔ میں امید کرتا ہوں کہ حکومت اس پہ غور کرے گی اور آئندہ بجٹ کے لئے زیادہ موقع دے گی۔

دوسری بات جناب! عرض کرنا چاہتا ہوں کہ trade deficit کے متعلق فاضل ممبران opposition نے بھی کہا اور میں بھی جناب والا! یہ عرض کروں گا کہ trade deficit ہمارا کئی سالوں سے چلا آرہا ہے۔ ہماری imports کبھی exports سے کم نہیں ہوئیں اور اگر آپ دس سال کا موازنہ کریں گے تو یہی صورت حال چلی آرہی ہے۔ یہ بات کہنا کہ foreign investment آرہی ہے اس لئے کوئی بات نہیں یہ غلط ہے foreign investment دو سال آئے، تین، چار سال آئے لیکن مسلسل trade deficit ہونا اور imports زیادہ ہونا اور export کم ہونا درست نہیں ہے، exports پر توجہ دی جائے۔ Exports پرہمیں زیادہ توجہ کی ضرورت ہے اور imports کو کم کرنے کی، دو duties لگائی ہیں اس دفعہ کہ imports کم ہوں لیکن duty لگانے سے جناب! یہ imports کم نہیں ہوں گی۔ Exports بڑھانے سے ہمارا مسئلہ حل ہوگا چونکہ exports جب تک نہ بڑھیں گی imports اگر کم بھی آپ کریں گے، اس وقت تک آپ کا trade balance درست نہیں ہوگا۔ اس لئے ہمیں بھرپور توجہ دینی چاہیے کہ ہم اپنا trade balance درست کریں۔

تیسری بات جناب! foreign debts کے بارے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ foreign debts سے متعلق ہمیں پچھلے دو تین سال یہی خیال رہا کہ foreign debts ہمارے کم ہو رہے ہیں۔ 2 billion dollars دیے بھی گئے لیکن جناب! اب وہ کچھ اور بڑھ گئے ہیں۔ ہمیں اس کے متعلق بھی توجہ دینی چاہیئے۔ گو ہم نے law pass کیا اور اس قانون کے مطابق 60% of the GDP تک لے سکتے ہیں لیکن جناب والا! یہ کوئی consolation نہیں ہے۔ ہمیں یہ

کوشش کرنی چاہیئے کہ ہمارے foreign debts کم ہوں۔ ایک plan اور ایک scheme بننی چاہیئے کہ ہمیں پانچ سال کے اندر یا دس سال کے اندر قرضے ادا کرنے ہیں یہ کہنا کہ سارے ممالک بیرونی قرضے لیتے ہیں اور economy ان ہی قرضوں کے تحت چلتی ہے۔ یہ درست ہے لیکن ایک level تک 33 billion dollars ہمارے قرضہ جات ہیں تو ان قرضہ جات کو ادا کرنے کے لئے ایک منصوبہ بننا چاہیئے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ترقی کی منازل اگر طے ہوں، ترقی کے لئے اگر پیسے رکھے بھی جائیں لیکن دوسری طرف ہمارے قرضے اگر بڑھتے جائیں تو وہ economy کے لئے اور اس ملک کے لئے مقروض ہونا درست نہیں۔ اس کے بعد جناب! زراعت کے بارے میں عرض کرنا چاہوں گا۔ Agriculture پر بڑا زور دیا گیا ہے۔ اس کے لئے ہم حکومت کے مشکور ہیں لیکن جناب سب سے زیادہ ضروری بات agriculture research کی ہے کہ جب تک agriculture research نہیں ہو گی، جب تک ہماری yield نہیں بڑھے گی، جب تک آپ اس کو نہیں بڑھائیں گے اس وقت تک ہمارا مسئلہ جناب حل نہیں ہو گا۔ دوسرا جناب! ایک planned طریقے سے، ہماری cultivation ایک planned طریقے سے ہونی چاہیئے جتنی گندم ہمیں چاہیئے اتنے ایکڑ میں ہے کہ نہیں۔ جتنی ہمیں کپاس چاہیئے اتنے ایکڑ میں ہوتی ہے کہ نہیں۔ جتنے ہمیں rice چاہییں اتنے ایکڑ میں ہوتے ہیں کہ نہیں۔ ایک planning ہونی چاہیئے۔

میرا خیال ہے کہ اس وقت یہ planning نہیں ہے۔ جتنی ہو گئی، ہو گئی۔ اگر موسم اچھا ہو گیا تو گندم کی فصل اچھی ہو گئی تو ہمارے لئے boom آ گیا لیکن ایک planning کے تحت ہماری agriculture produce بڑھے۔ جو کہ ہم export کر سکیں اور یہی جناب! ہمارا آسرا ہے۔ Agriculture ہی ہمارا main stake ہے اور agriculture پر ہی ہماری economy کا دارومدار ہے۔ اس لئے اس کے متعلق proper planing ہونی چاہیئے۔ Raw-material کو ارزاں کرنا چاہیئے، یہ raw-material agriculture کے لئے بھی، manufacturing sector کے لئے بھی ضروری ہے، raw-material کو ارزاں کرنے کے لئے پالیسی بنانی چاہیئے تاکہ raw-material ارزاں ہو۔

بجلی جناب! ہمارا سب سے بڑا مسئلہ بنا ہوا ہے۔ بجلی کی پیداوار کم ہے اور بجلی کی demand زیادہ ہے۔ ہم جو پرانے لوگ ہیں جناب شاید بجلی کے بغیر دن بھی گزار لیں اور

رات بھی گزار لیں لیکن جو نئی نسل ہے یا آئندہ آنے والی نسل ہے اس کے لئے بجلی کے بغیر گزارہ مشکل ہے۔ صنعتی ترقی کا گزارہ بھی نہیں ہو سکتا، زراعت کا گزارہ بھی نہیں ہو سکتا اس لئے ایک طرف ہم جناب بجلی کے بحران کے شکار ہیں۔ کراچی کا کیا حال ہے؟ ہر جگہ لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے اور دوسری طرف ہم نئے ڈیموں کے بنانے پر اعتراض کر رہے ہیں۔ نئے ڈیموں کے بنانے پر جناب! اعتراض ختم ہونا چاہیے۔ نئے ڈیم بننے چاہییں جتنی سرعت سے بن سکتے ہیں بنائیے۔ جب تک آپ کے پاس بجلی نہیں ہو گی تب تک agriculture کی ترقی ہو گی نہ industrial ترقی ہو گی۔

اس کے بعد جناب بینکوں کے ریٹ کے متعلق عرض کرنا چاہوں گا کہ بینکوں کے ریٹ کے متعلق industry کو بڑی شکایت ہے کہ آپ نے بینک کے ریٹ بڑھا دیے ہیں۔ Interest کے ریٹ بہت زیادہ ہیں۔ نئی industries نہیں لگ سکتیں۔ Capital Starved ہے ان پر کوئی اتنے exorbitant rate پر لینے کے لئے تیار نہیں ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ industry کو فروغ ہو تو یہ بینک ریٹ ارزاں کیجیے۔ سٹیٹ بینک جس طرح سے بھی کرے کم از کم ہمیں credit کی جو ریٹ شرح ہے اور lending کی جو شرح ہے، اس کو کم کرنا ہو گا اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہم ترقی کریں۔ جناب والا! پٹرول اور گیس کی جو exploration ہے اور ان کی جو نئی دریافتیں ہیں اس کے متعلق ترقی نہیں ہو رہی۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس پر زیادہ توجہ دینی چاہیے۔ آنے والے وقت میں پٹرول کی تو جناب والا! بے حد ضرورت ہے۔ اب ہمارا زیادہ تر زرمبادلہ پٹرول کی import اور edible oil پر جا رہا ہے۔ Edible oil کو sufficient بنانے کے لئے اس ملک میں grow کرنے کے لئے کوئی planning نہیں ہے۔

اگر ہم planning کریں edible oil کے متعلق تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمیں یہ import سے نجات مل سکتی ہے۔ لیکن اس کی کوئی proper planning ہونی چاہیے اور ہمیں اس import سے چھٹکارا ہو تاکہ ہمارے بجٹ پر زیادہ بوجھ نہ پڑے۔ تیسری بات جناب! یہ ہے کہ ہمیں کم از کم اپنی شعوری طور پر spirit inculcate کرنی چاہیے ہماری آنے والی نسلوں میں ہماری موجودہ اس میں دیانت داری، ایمان داری اور صحیح رستے پر چلنا بہت ضروری ہے۔ ہماری export کے متعلق بھی بہت باتیں کہی جاتی ہیں، ملاوٹ کے متعلق بھی بہت باتیں کی جاتی

ہیں، بازار میں سے کسی چیز کو ایک نمبر اور دو نمبر کہا جاتا ہے، ملاوٹ کی بھی شکایت کی جاتی ہے۔

ہمیں جناب! دفتروں میں کام کرنے کے رجحان کے متعلق باتیں بھی کی جاتی ہیں۔ رشوت اور اقربا پروری کے متعلق باتیں کی جاتی ہیں۔ جناب معاشرے کو بھی بہتر کرنے کے لئے ہمیں سوچنا ہو گا۔ کوئی بھی reform آپ کرلیں، کتنا بھی آپ revenue اکٹھا کرلیں، جب تک ہم ان چیزوں پر concentrate نہیں کریں گے۔ جب تک اپنے اوپر یہ چیزیں لاگو نہیں کریں گے۔ جب تک معاشرے میں ایمان داری ، دیانت داری، سچائی، راستی اور محنت کو نہیں اپنائیں گے اس وقت تک ملک ترقی نہیں کرسکتا۔ اس لئے تمام political parties کا فرض ہے ، تمام معاشرے کا فرض ہے کہ ان ساری چیزوں کے پیش نظر اپنے معاشرے کو درست کرنے کے لئے کوشش کریں۔ آخر میں، میں جناب یہ سمجھتا ہوں کہ وقت کم ہے۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جس علاقے ، ڈسٹرکٹ گوجرانوالہ سے میں تعلق رکھتا ہوں جو کہ جی ٹی روڈ پر واقع ہے، وہاں پر این ایچ اے کی خاطر خواہ توجہ نہیں ہے، ٹریفک کا بے پناہ رش ہے۔ جناب والا! گوجرانوالہ میں کوئی over head موجود نہیں ہے۔ لوگوں کو اس قدر تکلیف ہے کہ گھنٹوں لگ جاتے ہیں، ریلوے لائن بھی گزرتی ہے اور کوئی over head bridge نہیں ہے۔ اس میں کم از کم تین over head bridges ہونے چاہئیں تاکہ ٹریفک میں لوگوں کو آسانی پیدا ہو۔

دوسرا جناب والا! صحت کے متعلق عرض ہے۔ جہاں تک hepatitis کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ سب سے زیادہ اگر یہ مرض ہے تو یہ میرے ضلع میں اور میرے شہر میں ہے۔ اس کے متعلق یہ گزارش کروں گا کہ کوئی سپیشل پروگرام hepatitis کو چیک کرنے کے لیے بنایا جائے تاکہ اس سے لوگوں کو اور عوام کو خاطر خواہ امداد مل سکے تاکہ اس پر اچھی طرح سے اور پوری طرح سے قابو پایا جا سکے۔ جناب والا! میں آخر میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور توقع کرتا ہوں کہ میری ان معروضات پر حکومت توجہ فرمائے گی اور آئندہ آنے والے بجٹ میں انشاء اللہ ان چیزوں کا کوئی تدارک ہو گا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین، جی طلحہ محمود۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود آریان، اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! اس محترم ایوان کی وساطت سے اظہار خیال کر رہا ہوں۔ بجٹ ملک کے مستقبل کی تعمیر و ترقی میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ جب بجٹ میں دو تین مہینے رہ جاتے ہیں تو حکومت ڈھنڈورا پیٹتی ہے کہ ہم ایک بہت اچھا بجٹ دے رہے ہیں۔ ایسا بجٹ دے رہے ہیں جو عوامی بجٹ ہوگا۔ جب وہ بجٹ آتا ہے تو وہ اس کے برخلاف ہوتا ہے۔ لوگ اس سے توقعات وابستہ کرتے ہیں کہ بجٹ آنے گا' خوشحالی آنے گی لیکن ان کے جو معاشی حالات ہیں وہ اور نیچے چلے جاتے ہیں۔ یہ ایک عجیب سلسلہ ہے کہ بجٹ حکومت کا ایک انتہائی اہم حصہ ہے۔ میں ذاتی طور پر سمجھتا ہوں کہ ہمارے جو حکومتی ارکان ہیں وہ بھی اندر سے اس بات کو سمجھتے ہیں کہ جو بجٹ کے حوالے سے معاملات ہیں ان کو پتا ہے لیکن اس کے باوجود ان کو اس کے حق میں تقاریر کرنی پڑتی ہیں۔

ابھی میں آپ کی توجہ دلاتا ہوں کہ انہوں نے import کی تقریباً ساری products پر ایک فیصد سرچارج لگا دیا ہے۔ اس سے مہنگائی بڑھے گی اور اس کا اثر غریب عوام پر پڑے گا۔ جنریٹر پر ڈیوٹی ختم کر دی اب جنریٹر غریب آدمی استعمال نہیں کرتا۔ ایک امیر آدمی استعمال کرے گا یا درمیانے طبقے کا کوئی شخص اس کو afford کرسکتا ہے۔ غریب آدمی اس کو afford نہیں کرسکتا۔ اس کی ڈیوٹی انہوں نے ختم کر دی۔ اب یہ کہتے ہیں کہ کشکول ہم نے توڑ دیا' مانگنے کی عادت ہم نے ختم کر دی ہے۔ Foreign reserves 15 ارب ڈالر سے زیادہ ہیں۔ اس بجٹ میں 398 ارب کا خسارہ ہوا جبکہ 2006-07 میں اس خسارے کو پورا کرنے کے لیے 212 ارب روپے قرض لیا۔ اس وقت ملک کا ہر شخص 243 ڈالر کا مقروض ہے۔ یہ کہتے ہیں خزانہ بھرا ہوا ہے۔ اگر خزانہ بھرا ہوا ہے تو یہ 212 ارب ڈالر انہوں نے کیوں قرضہ لیا۔ یہ جو 16 ارب' پندرہ ارب ڈالر کے reserves ہیں ان کے منہ غریبوں کے لیے کھولیں تاکہ ان کی قسمت سنور جائے' ان کے گھر کے حالات بہتر ہوں۔ یہ کہتے ہیں کہ بے روزگاری ہم نے ختم کر دی ہے۔ چھ ارب ڈالر کی سرمایہ کاری ہوئی ہے۔ ان کی سروے رپورٹ کے بارے میں بڑے چیمبرز کہتے ہیں کہ ۲۱ لاکھ

بے روزگار ہیں اگر ۲۱ لاکھ بے روزگار ہیں ایک چپڑاسی کی نوکری کے لیے اگر advertisement آتی ہے تو اس کے لیے ہزاروں درخواستیں وصول ہوتی ہیں اور اس کے اندر جو application دینے والے لوگ ہیں وہ M.A,B.A پاس اور educated لوگ چپڑاسی کی نوکری تلاش کر رہے ہوتے ہیں۔ مجھے یہ سمجھ نہیں آتا کہ یہ کیسے کہتے ہیں کہ بے روزگاری کم ہو رہی ہے یا ۲۱ لاکھ لوگ بے روزگار ہیں۔ میرا خیال ہے کہ اس سے بہت زیادہ quantity ہے اور ہر سال یہ quantity بڑھتی جا رہی ہے۔ ملک کی 73.6 فیصد آبادی کی آمدنی فی کس ۲ ڈالر یومیہ ہے۔ دو ڈالر یومیہ کیا چیز ہے؟ ایک تو 120/ روپے کے اندر کیسے وہ بجلی کا بل دے گا پانی گیس، گھر کا کرایہ، بچوں کی فیس، تنخواہیں یہ ممکن نہیں ہے۔ ابھی میں سینیٹر صاحبہ کی بات سن رہا تھا کہ موبائل فون آ گئے ہیں، گاڑیاں آ گئی ہیں۔ یہ کوئی criterion نہیں ہے وہ جا کر ان علاقوں میں دیکھیں جہاں غربت ہے، جو اصل غربت کی جگہ ہے میں نے وہ جگہیں دیکھی ہیں، کہاں وہاں پر TV ہے، کہاں وہاں فریج ہے، کھانے کے لیے روٹی نہیں ہے۔لوگوں نے تو ناشتہ کرنا بند کر دیا ہے۔ دوپہر کا ایک وقت کا کھانا کر دیا ہے کہ کھانا بھی پورا نہیں ہوتا ہے یہ کہتے ہیں کہ وہاں پر فریج ہے، ائرکنڈیشنر ہے، بجلی ہے نہیں تو ائرکنڈیشنر کیسے لگیں گے ۔سرکاری ملازمین کی تنخواہوں کے بارے میں انہوں نے پہلے اعلانات شروع کیے کہ ہم 50% ان کی تنخواہیں بڑھائیں گے۔ 50% کا نعرہ دیا اور گزشتہ پانچ سالوں سے میرے پاس جو figures ہیں 273 % مہنگائی میں اضافہ ہوا ہے۔ آپ ان کی 10% تنخواہ بڑھا دیتے ہیں۔ 15% کر دیتے ہیں ۔یہ اس مسئلے کا حل نہیں ہے۔ یا تو اس کی ratio برابر ہو جتنی مہنگائی ہو رہی ہے اتنا ان کی تنخواہوں میں بھی اضافہ ہونا چاہیے۔ غیر ہنرمند کی چار ہزار سے -/4600 کی ہے یہ بہت کم ہے۔ اس سے ان کا گزارہ نہیں ہوگا۔ صحت کے بارے میں میرے پاس اکنامک سروے رپورٹ 2006-7ء کے حوالے سے ہے۔ 54 افراد کے لیے صرف ایک ڈاکٹر یہ ان کی سروے رپورٹ کہہ رہی ہے یہ میں نہیں کہہ رہا ہوں۔ صرف ایک ڈاکٹر، 6235 خواتین کے لیے ایک Mid-wife، 18318 مریضوں کے لیے ایک لیڈی ہیلتھ visitor ، یہ ہیلتھ کے بارے میں کیا ہو رہا ہے؟ International recommmended standard health کے لیے 34/ ڈالر per capita ہے۔ ہمارے ملک میں ان کا per-capita چار ڈالر ہے جو کچھ بھی نہیں ہے۔ Life saving drugs جو ہیں ان کی

قیمتیں آسمانوں سے باتیں کر رہی ہیں۔ اس کے اوپر انہوں نے ڈیوٹیاں لگائی ہیں۔ ڈیوٹیاں ختم کریں۔ ابھی چوہدری بھنڈر صاحب ذکر کر رہے تھے کہ گوجرانوالہ میں Hepatitis ہے اس کے علاج کا مسئلہ حل ہونا چاہیے اور اس کے لیے سنٹرز قائم ہونے چاہئیں۔ میرے خیال میں سنٹرز بعد میں قائم کریں پہلے اس کے root cause کو دیکھیں اس کا root cause کیا ہے ۔ اس کا root cause پانی ہے۔ 327 فلٹریشن پلانٹ انہوں نے پورے ملک میں لگانے ہیں۔ وزیر اعظم نے اعلان کیا تھا کہ 2007 میں ہر گھر کو ہم صاف پانی دیں گے۔ ایسا نہیں ہوا۔ گیسٹرو یا پانی کی جو بیماریاں اس وقت عام ہیں ہم اخباروں میں پڑھ رہے ہیں اس سے اس وقت لوگ مر رہے ہیں۔ کس وجہ سے مر رہے ہیں؟ پانی کی وجہ سے مر رہے ہیں۔ ہمیں صاف پانی پینے کے لیے اس ملک میں available نہیں ہے۔ تعلیم کے لیے یہ کہتے ہیں کہ 24 ارب روپیہ ' دفاع کے لیے 275 ارب روپیہ ' یہ comparison آپ دیکھیں کہ تعلیم کتنی important ہے اس کے لیے انہوں نے کتنی رقم رکھی ہے۔منسٹری آف ایجوکیشن کے سروے کے مطابق اس وقت پرائیویٹ سیکٹر انتہائی تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ 2000ء میں 36096 سکول تھے۔ 2005ء میں اس وقت سروے کے مطابق ان کی تعداد 81103 ہے۔ اگر پرائیویٹ سکول بڑھیں اور گورنمنٹ سکول کم ہوں گے تو غریب آدمی پرائیویٹ سکول کو afford نہیں کر سکتا۔اس کا حل نکلنا چاہیے تاکہ غریب آدمی کے بچے پڑھیں اور وہ آگے آ سکیں۔ قیمتوں کو کنٹرول کرنے کا کوئی سسٹم نہیں ہے۔ اس کو کنٹرول کرنے کی کوئی کمیٹی نہیں ہے۔ میں صرف گوشت کی بات کرتا ہوں۔ 220/230 روپے انہوں نے ریٹ رکھا ہے۔ چھوٹا گوشت 250/270 روپے مارکیٹ میں ملتا ہے۔ بڑے گوشت کا انہوں نے /130 روپے ریٹ رکھا ہے اور 170/180 روپے مارکیٹ میں بکتا ہے۔ یہ کیا price control ہے؟

یوٹیلٹی سٹورز کی بات کرتے ہیں تو یہ پورے ملک میں total 10% ہیں' باقی 90% جگہ سے لوگوں نے خریداری کرنی ہے' وہاں پر پابند کریں' پرائس کنٹرول کمیٹیاں بنائیں' جو ہمارے پبلک کے نمائندے ہیں' ان کو ان کمیٹیوں کا نمائندہ بنائیں تاکہ اس price کو control کیا جاسکے۔ ابھی چوہدری انور بھنڈر صاحب نے بات کی کہ بنکوں کا مارک اپ بڑھ رہا ہے۔ یہ کیوں بڑھ رہا ہے' آپ کو میں بتاتا ہوں۔ یہ بنکوں کا مارک اپ اس لیے بڑھ رہا ہے کہ

حکومت نے لوکل بنکوں سے loan لینے شروع کر دیے ہیں جو کہ پہلے نہیں ہوتا تھا۔ جب سے انہوں نے لوکل بنکوں سے loan لینے شروع کیے ہیں' اس سے ریٹ بڑھا ہے اور جب یہ rate بڑھے گا تو businessman کو بھی زیادہ mark up پر loan ملے گا۔ جب اس کو زیادہ mark up پر ملے گا تو اس کی cost زیادہ ہو گی۔ جب cost زیادہ ہو گی تو اس کا اثر indirectly عوام پر بڑے گا اور عوام ہی اس کو بھگتے گی۔

جناب! انہوں نے لوہے' پلاسٹک اور کاغذ پر پندرہ فیصد کی بجائے بیس فیصد سیلز ٹیکس لگا دیا ہے۔ یہ کہتے ہیں کہ ہم ہاؤسنگ پراجیکٹس کو بڑھانا چاہتے ہیں۔ ہم housing industry کو push up کرنا چاہتے ہیں۔ یہ کیا push up کر رہے ہیں؟ جس دن انہوں نے پندرہ سے بیس فیصد سیلز ٹیکس اناؤنس کیا' اسی دن ٹی وی پر پٹی چل رہی تھی کہ لوہے کا ریٹ دو ہزار روپے بڑھ گیا ہے تو یہ کس طرح اس انڈسٹری کو support کر رہے ہیں؟ یہ کوئی criteria نہیں ہے۔ میں آخر میں تین بڑی important باتیں کرنا چاہتا ہوں اور میری گزارش ہے کہ یہ تین پوائنٹ اگر کسی ممبر نے فنانس کمیٹی کو refer نہیں کیے' جس طرح انور بھنڈر صاحب نے کہا کہ اس کو assess کرنے کا وقت بہت کم ہوتا ہے' میں تو سمجھتا ہوں کہ بہت important points ہیں' ان کو فنانس کمیٹی میں refer کیا جائے۔

ایک نکتہ یہ ہے کہ 2006-07 کا جو economic survey ہے وہ یہ کہہ رہا ہے کہ اس ملک میں پبلک سکول کی کل بلڈنگز دو لاکھ سولہ ہزار چار سو نوے ہیں اور ان کی پانچ اعشاریہ سات فیصد بلڈنگز ایسی ہیں جو خطرناک پوزیشن میں ہیں' گرنے والی ہیں اور یہ وہ سکول ہیں جہاں پر پرائمری سکول کے پانچ سے نو سال تک کے بچے پڑھتے ہیں۔ اس کے علاوہ انہی کی سروے رپورٹ یہ کہہ رہی ہے کہ سولہ فیصد ایسے سکول ہیں جہاں major repairs کی ضرورت ہے' یہ بارہ ہزار تین سو چالیس بنتے ہیں یعنی پانچ اعشاریہ سات فیصد۔ اگر یہ buildings damage ہوتی ہیں تو ہمارے معصوم بچے affect ہوتے ہیں تو اس کی ذمہ دار موجودہ حکومت ہوگی۔ اس لیے اس بجٹ میں ان کے لیے پیسے رکھیں' ان کو کچھ دیں تاکہ ان کی بلڈنگز صحیح حالت میں ہوں۔ میری دوسری گزارش یہ ہے کہ پہلے private companies کا آڈٹ ہوتا تھا' چھ ماہ میں process complete کرتے تھے۔ جو private limited companies ہیں وہ چھ مہینے میں اپنا audit

complete کرتی تھیں اور annual general meeting کرتی تھیں۔ اس کے بعد انہوں نے اس کو چار مہینے کر دیا، چار مہینوں میں process complete کرنا ہے۔ اب اس بجٹ میں اس کو تین مہینے کر دیا ہے، دو مہینے آڈٹ کے اور ایک مہینہ annual general meeting کا۔ میرا خیال ہے کہ اتنے کم وقت میں وہ آڈٹ تفصیلاً نہیں ہو سکے گا، اس میں ٹیکس کی وصولی انہیں کم ہو گی لہذا میری گزارش ہے کہ اس کو تین کی بجائے چار مہینے، جو پہلے period تھا اس کو اسی طرح رکھا جائے۔

جناب! تیسرا بڑا important point ہے کہ ابھی انہوں نے sales tax کا criteria بنایا ہے۔ اگر کسی نے اس کو refer نہیں کیا تو خدارا اس کو فنانس کمیٹی کو refer کریں کہ جس انڈسٹری یا کمپنی کا بجلی کا بل چھ لاکھ روپے سالانہ ہو گا، اس پر سیلز ٹیکس لاگو ہو گا۔ میرا سوال یہ ہے کہ مثال کے طور پر ایک ماربل کی فیکٹری ہے، اس کا سال کا bill چھ لاکھ روپے آتا ہے اور ایک دوسری فیکٹری ہے اس کا bill ساڑھے پانچ لاکھ روپے تو جو ماربل کی ایک فیکڑی چھ لاکھ روپے کے حساب سے پندرہ فیصد سیلز ٹیکس اور دوسرا پندرہ فیصد سیلز ٹیکس نہیں دے رہا تو وہ فیکٹریاں بند ہو جائیں گی اور اس کا جو دوسرا impact ہو گا وہ یہ ہو گا کہ کوئی شخص یہ نہیں چاہے گا کہ میرا سال کا bill چھ لاکھ کی limit تک پہنچے۔ وہ بجلی چوری کرے گا اور اس سلسلے میں وہ واپڈا کو پیسے دے گا۔ وہ کہے گا کہ اگر میری سالانہ sale ایک کروڑ روپے ہے اور مجھے پندرہ لاکھ روپے دینا پڑتے ہیں تو واپڈا کو لاکھ یا ڈیڑھ لاکھ روپے دو اور آپ کا واپڈا اور جو الیکٹرک کمپنیاں ہیں یہ بیٹھ جائیں گی۔ اس کو Finance Committee میں refer کریں کہ جو اس کو assess کروائے، یہ بالکل غلط پالیسی ہے۔ Sales tax product پر لگنا چاہیے، product پر چاہے لاکھ کی sale ہو یا کروڑ کی ہو۔ آخر میں، میں یہ شعر پڑھ کر اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں۔

کتنے فیصد بجٹ کہیں اچھا، کتنے فیصد برا کہیں اچھا
دس فیصد سمجھ پائے ہم، نوے فیصد نہیں سمجھ پائے ہم

جناب! یہ میرا اپنا ذاتی شعر ہے۔

یہ کاریگری ہے حکومت کے کارندوں کی
ہم پیش کرتے ہیں ان کی خدمت میں سلام

جناب چیئرمین، شکریہ۔ میر محمد نصیر خان مینگل۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان جمعہ کی آواز سنائی دی)

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل (وزیر مملکت برائے پیٹرولیم و قدرتی وسائل)، اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب شکریہ کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔ بجٹ پر اظہار رائے کرنے سے پہلے کل کوئٹہ میں ایک واقعہ ہوا ہے جس میں نو افراد شہید ہوئے ہیں اور کچھ زخمی ہیں۔ ہم اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔ میرے خیال میں ان کے لیے دعا ہونی چاہیے' اللہ ان کے لواحقین کو صبر دے۔

جناب چیئرمین، جی دعا کریں۔

(اس موقع پر شہدا کو مذ کے لیے دعا مغفرت کی گئی)

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، جناب والا! جو بجٹ بنایا گیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ متوازن' عوامی اور انقلابی بجٹ ہے۔ بجٹ میں وسائل کے اندر رہتے ہوئے توازن برقرار رکھا جاتا ہے۔ پاکستان میں یہ پہلا بجٹ بنایا گیا ہے جو کہ عوامی ہے اور یہ نیچے کے طبقوں پر اثر انداز ہو گا۔ اس میں جن لوگوں نے حصہ لیا ہے' میں ان کو مبارکباد دیتا ہوں' اس میں صدر پاکستان کی راہنمائی حاصل ہوئی ہے' وزیر اعظم پاکستان جو ماہر معاشیات ہیں ان کی کافی خدمات ہیں۔ اس کے علاوہ وزیر خزانہ اور ہماری پارٹی کو credit جاتا ہے کہ جس کے صدر چوہدری شجاعت صاحب ہیں اور مشاہد حسین صاحب جنرل سیکریٹری ہیں' ان سب لوگوں کی محنتوں' کاوشوں اور راہنمائی سے یہ ایک عظیم بجٹ بنا ہے۔

میری اپنے بھائیوں سے اور جو دوسری طرف لوگ بیٹھے ہوئے ہیں وہ بھی کافی senior ہیں اور مختلف پارٹیوں سے تعلق رکھتے ہیں' جید علما ہیں' senior parliamentarians ہیں' میں ان سے یہ عرض کروں گا کہ ہر چیز کے روشن اور تاریک پہلو ہوتے ہیں۔ اخلاقیات اور اسلامی نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو جہاں وہ نقائص کی نشاندہی کرتے ہیں' تنقید کرتے ہیں وہاں

اگر کوئی اچھائی اور بہتری ہو تو اس کی پذیرائی ہونی چاہیے۔ یہ اسلامی اصول بھی ہے' میزان ہو گا تو اس میں اچھائی اور بُرائی کو تولا جائے گا۔ لہٰذا علما کرام اور senior parliamentarians کو چاہیے کہ پارٹی سے بالا تر ہو کر جو اچھائی ہے اس کو بھی ظاہر کیا جائے لیکن افسوس ہے کہ اس طرف کوئی دھیان نہیں ہوتا' ہمارے ملک میں جتنے مسائل ہوتے ہیں' پارٹی میں رہ کر ملکی اور قومی احادیث کو مدنظر نہیں رکھا جاتا۔ اس سے پہلے ان کی بھی حکومتیں رہی ہیں' چاہے مرکز میں' چاہے صوبوں میں' ایسی کوئی انقلابی تبدیلی نہیں لائی گئی' یہی بجٹ پیش کیا جاتا رہا اور پاکستان کے مسائل حل نہیں کر سکے۔ لہٰذا بلاجواز تنقید کرنا' ان کو یہ بھی زیب نہیں دیتا ہے؛ وہ اللہ کی ذات ہے' یٰسین شریف میں ہے کہ "کن فیکون" کہ ہو جا' ہو جاتا ہے۔ ایک فلاحی ریاست کی کوشش ہوتی ہے' تگ و دو ہوتی ہے لیکن اس میں کامیابی اپنے مسائل اور efforts کے مطابق ہوئی ہے۔ آج کل مہنگائی کا دور ہے' یہ صرف ہمارے ملک میں نہیں ہے' یہ ایک بین الاقوامی مسئلہ ہے اور پوری دنیا میں اس کے اثرات ہیں۔ لہٰذا' پاکستان میں بلاشبہ مہنگائی ہے لیکن اس کو کم کرنے کے لیے جو ممکن اقدامات ہیں' جو ہو سکے ہیں' وہ کئے جا رہے ہیں اور اس بجٹ میں ان سب کو شامل کیا گیا ہے۔ ان سے میری یہ request ہے کہ باہمی تعاون اور افہام و تفہیم سے بیٹھ کر مسائل کے حل کی تجاویز دی جائیں تاکہ پاکستان ایک مثالی ریاست بن جائے اور welfare state بن جائے۔ ہمارے چوہدری شجاعت حسین صاحب نے دعوت دی ہے' تمام لوگ بیٹھنے چاہئیں مسائل کے حل کے لیے صدر پاکستان کی قیادت میں' صدر پاکستان کو باہر کے ممالک میں' ابھی اسلامی کانفرنس میں بلایا گیا' ان سے مشاورت کی گئی تو ہمیں چاہیئے کیونکہ وہ ملک کے صدر ہیں' ان سے رہنمائی یا ان سے گفت و شنید کے دروازے بند نہیں ہونے چاہئیں۔ حکومت میں جو party ہے' Opposition ہے' ان سب کو مل بیٹھ کر ملکی' عوامی اور قومی مسائل کو حل کرنا چاہیئے تو اچھے سے اچھا بجٹ بھی آ سکتا ہے۔ Law and order کا مسئلہ بھی ٹھیک ہو سکتا ہے' باقی مسائل بھی ختم ہو سکتے ہیں۔ اس سے پہلے کسی قسم کی محاذ آرائی ہو' ایوب خان کے زمانے میں جیسے ہوا تھا' آخر میں وہ کامیاب نہیں ہو سکا کہ کوئی اور طاقت گئی اور جمہوریت کا راستہ بند ہو گیا۔ یہی ذوالفقار علی بھٹو کے زمانے میں ہوا جب مفاہمت کو نہیں پہنچے تو اور طاقت آ گئی پھر مسائل کا ایک نیا سلسلہ شروع ہو گیا۔

لہذا' میری ان سے request ہے کہ جیسے reference کا معاملہ ہے' صدرِ پاکستان نے آج بھی بتایا ہے کہ ایک آئینی reference تھا' قانون کے مطابق تھا اور جب reference آیا تو ان کا فرض تھا اس کو عدالت کو بھیجنا اور عدالت میں قانون کی نظر میں کوئی بھی over and above the law نہیں ہے۔ ان کو صبر کرنا چاہئیے' politicise نہیں کرنا چاہیئے۔ قانون کے مطابق حکومت نے کہا ہے' ہماری party کے صدر نے کہا ہے جو فیصلہ ہو گا' من و عن تسلیم کریں گے۔ لہذا' غیر ضروری طور پر مسائل پیدا کر کے politicize نہیں کرنا چاہیئے' تمام پارٹیوں کو' تمام senior لوگوں' تمام ذمہ داروں کو اس میں مدد کرنی چاہئیے اور ان کا مثبت رویہ ہونا چاہئیے۔

اس سے پہلے ہماری party کے level پر صدر صاحب مشاورت بھی کرتے ہیں' مشاورت کے قائل ہیں تو مشاورت سے ہمارے امور چل رہے ہیں' اگر Opposition والے مشاورت کریں' اپنے اچھے دلائل سے ہمیں مستفید کریں تو اس ملک کی بہتری اور اس قوم کی بہتر خدمت ہو گی۔ صدر صاحب نے کہا ہے کہ جو ان کا election ہو گا' وہ بھی وہ آئین کے مطابق کرائیں گے۔ Next elections آئیں گے' آئین کے مطابق ہوں گے۔ جیسے چوہدری شجاعت صاحب نے ان کو دعوت دی ہے' بیٹھیں' لائحہ عمل طے کریں تاکہ صحیح اور شفاف elections ہوں اور اس میں سب کی مدد کی ضرورت ہے' ان سب لوگوں کے تعاون کی ضرورت ہے۔ تعاون کریں اور ہم ان کو welcome کریں گے۔ اس بجٹ کا سارا سہرا' سارا credit ہماری party مسلم لیگ اوراس کی اتحادی پارٹیوں کو جاتا ہے' ہماری party کے صدر ایک شریف النفس' وضع دار' روایتی شخص ہیں' وہ گفت و شنید کے قائل ہیں' وہ سب کو ساتھ لے کر چلنے کے قائل ہیں۔ لہذا ہم مختلف مسائل پر اگر بیٹھ کر حزب اختلاف اور حزب اقتدار آپس میں مشاورت کریں تو میرے خیال میں بجٹ کے علاوہ ہمارے دوسرے مسائل حل ہو سکتے ہیں' مزید پیش رفت ہو سکتی ہے۔ جب policies بنتی ہیں پاکستان میں تو کبھی تسلسل نہیں رہا اور نہ کوئی continuity رہی اس صورت میں کہ یہ continuity اور تسلسل رہے اور اس کے لئے ہمارے صدر صاحب کے کافی اقدامات ہیں۔ ان کے تسلسل کے لئے ان کی راہنمائی چاہیے اور ان کا ساتھ بھی دینا چاہیے تاکہ اس ملک کی معیشت میں بہتری آ سکے۔

میرے بھائی اسفندیار ولی نے بہت اچھی بات کی تھی کہ پاکستان میں ہر ایک کو سیاسی آزادی ہونی چاہیے، زبان بندی نہیں ہونی چاہیے، کسی پر پابندی نہیں ہونی چاہیے، کسی کو اپنے آپ کو ایک شہر کا اجارہ دار نہیں سمجھنا چاہیے۔ مجھے امید ہے کہ اسفندیار ولی صاحب اس چیز کو پورے ملک میں لاگو کرنے کے لئے جہاد کریں گے۔ ہمارے ایسے علاقے ہیں، ادھر میرے دوست بیٹھے ہوئے ہیں وہ جانتے ہیں 'جہاں مخالفین کی بات کو برداشت کرنا death warrant کے برابر ہے' ان لوگوں کو علاقہ بدر کرنے کے لئے کہا جاتا ہے، ان کی معیشت کو ختم کیا جاتا ہے۔ ان کے دادا غفار خان اس حالت میں آئے تھے، اللہ ان کی مغفرت کرے جبکہ ان کو سہارے کی ضرورت تھی، ایسے علاقے ہیں، ایسے گھرانے میں جن کی خدمات تھیں، جب ان لوگوں کی مخالفت سیاسی ہوگئی تو ان لوگوں پر عذاب آگیا، یہ ان کے وارث ہیں تو ان علاقوں میں بھی جہاد کریں۔ میرے خیال میں اس سفر میں عبدالرحیم مندوخیل تھے یا نہیں تھے، آغا عبدالکریم تھے تو وہاں جب زبان بندی ہو رہی ہے 'سیاست پر پابندیاں ہو رہی ہیں' علاقے میں کسی کو اپنا نظریہ پیش کرنے پر پابندی ہے تو لہٰذا اس جہاد کو کراچی شہر سے نکال کر پورے ملک میں پھیلانا چاہیے اور خاص طور پر ہمارے صوبے میں اس پر عملدر آمد کرانا چاہیے۔

کل ہمارے ڈاکٹر مالک صاحب کہہ رہے تھے .Red Indian میں ان کو جانا چاہتا ہوں یہ بھی صوبائی وزیر تھے ان کے ایک State Minister آگئے، ایک ایسے علاقے میں جانا چاہتے تھے وہاں پر اس کو بند کیا گیا، لشکر کے ذریعے روکنے کی کوشش کی گئی تو یہ تمام اقدامات ہیں، مختلف علاقوں میں ہیں، اگر یہ جہاد ہے، اس میں پیش رفت کرنی ہے تو پورے پاکستان میں کرنی چاہیے۔ ہم اس کو welcome کریں گے ہم یہی کہتے ہیں کہ

ہر ملک ملک ماست ملک خدائے ماست

وہاں سیاسی سوچ کے اظہار کا ہر ایک کو حق ہونا چاہیے۔ اس کے بعد عوام پر چھوڑنا چاہیے کہ جو وہ کرسکیں۔ اس کے علاوہ اس بحث میں human rights کے متعلق ایس ایم ظفر صاحب نے کہا۔ ہم کہتے ہیں human rights اچھی چیز ہے لیکن ان کا بھی اپنا pick and choose ہوتا ہے۔ جہاں ظلم وستم ہوتا ہے، جہاں دہشت گردی ہوتی ہے، دیدہ دلیری سے قتل کیا جاتا ہے، لوگوں کو علاقہ بدر کیا جاتا ہے وہاں ہم نے کبھی نہیں دیکھا کہ human rights اور media

والے پہنچے ہوں۔ ہمارا جو electronic media ہے ان علاقوں میں بھی پہنچے جہاں اس قسم کی human rights کی violation ہوتی ہے۔ اس میں میڈیا کا تعاون چاہیے اور ایسے کمشنوں کا تعاون چاہیے ان کا تعاون محدود اور خاص علاقوں تک نہیں ہونا چاہیے' پورے پاکستان میں ہونا چاہیے۔ہم ان کی مدد کے لئے تیار ہیں وہ نشان دہی کریں اور اس کا تدارک کریں جس کے لئے ہم ان کے مشکور ہوں گے۔

اب ہم آتے ہیں اس بجٹ پر چونکہ اس بجٹ سے پہلے صدر پاکستان نے جتنے اپنے وعدے کیے ہیں بلدیات کے دو دفعہ انتخابات ہونے ہیں ان کے ذریعے grass roots level پر عوامی خدمت ہو رہی ہے۔ 2002ء میں انتخابات ہونے ابھی وہ کہتے ہیں آئینی طریقے سے ہوگا تو اس کے لئے ایسا ماحول بنایا جائے' ان کے ساتھ تعاون کیا جائے تاکہ ایسے ماحول میں انتخابات ہوں اور جو بھی پارٹی جیت جائے اس کو اقتدار دیا جائے گا۔ حکومت کرنے کا حق دیا جائے گا۔ ساتھ ہی اس بجٹ کے متعلق جیسے کہ ہمارے وزیراعظم صاحب کو بھی اس کا credit جاتا ہے وہ ایک ماہر اقتصادیات ہیں' میں ملائشیا گیا تھا 'سعودی عرب اور دوسرے ممالک میں گیا ہوں تو انہوں نے کہا کہ شوکت عزیز صاحب جب ان کے ہاں تھے تو ان کی معیشت کو بہتر کرنے میں ان کا کافی ہاتھ ہے بلکہ پرنس ولید نے کہا جو دنیا کا تیسرا بڑا سرمایہ دار اور مالدار آدمی ہے کہ پاکستان میں ' میں اس لئے investment کرنے کے لئے آرہا ہوں کہ مجھے معلوم ہے کہ وہ ایک ایسے وزیراعظم ہیں جن کی قیادت میں یہ ملک ترقی کر رہا ہے۔

جناب چیئرمین، وقت کا خیال رکھیئے۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، ہماری investment کامیاب ہوگی۔ لہٰذا ہمیں بھی ان کو سراہنا چاہیے' ان کا ساتھ دینا چاہیے اور ان کے اقدامات کی بھرپور تائید کرنی چاہیے تاکہ ہماری معیشت بہتر ہو' ہمارا ملک ترقی کرے۔ پہلے آٹھ سالوں میں بھی ان کا contribution رہا ہے یہ finances آئے ہیں کافی تبدیلیاں آئی ہیں تو اس کے لئے ہم ان کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔کہتے ہیں کہ یہ غریبوں کا بجٹ نہیں ہے۔ غریبوں سے کیا مطلب ہے ' چھوٹے لیول کے لوگ یہ عوامی بجٹ ہے بلکہ میں کہتا ہوں کہ اس میں کپڑا مکان روٹی کا تصور ہے۔ اس

بجٹ میں کماحقہ اس کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ چھوٹے ملازمین کو پندرہ فیصد الاؤنس دیا گیا ہے جو اربوں روپے کا ہے۔ تو اس کے لئے ان سے پوچھیے کہ کیا تاثرات ہیں۔ اسی طرح پنشن میں بھی پندرہ سے بیس فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔ سروسز میں ہمیشہ charm یہی ہوتا ہے کہ بھرتی ہونی چاہیے۔ ابھی ایک سے چار سکیل، پانچ سے سات، سات سے نو، نو سے گیارہ، چودہ، یہ ایک appreciation ہی ہے۔ اس طرح سے ان کی مالی معاونت بھی ہو گی اور ان کو فائدہ پہنچے گا۔۔۔

جناب چیئرمین، وقت کا خیال رکھیں۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، جی اچھا۔ حکومت ملازمین کے لئے ہاؤسنگ سکیمیں اور پلاٹ کا منصوبہ شروع کر رہی ہے۔ عام لوگوں اور خصوصاً زمینداروں کے لئے بجلی میں رعایت دی گئی ہے پندرہ فیصد، تو اس سے کتنا اچھا اثر پڑے گا۔ ڈی اے پی کی قیمت چار سو ستر کے بجائے چار سو کی گئی ہے۔ یوٹیلٹی سٹورز پر لائنیں لگی ہوئی ہیں۔ اس طرح سٹورز پر تیس سے پینتیس فیصد اضافہ خریداروں میں ہوا ہے وہاں چھوٹے غریب لوگ جاتے ہیں اور بھی بہت relief دیے گئے ہیں۔ صحت کی مد میں کافی relief دیا گیا ہے۔ بیواؤں، یتیموں کے لئے ۱۵ فیصد کیا گیا ہے۔ ان تمام سہولتوں کو بہم پہنچانے کے بعد ہم بلاشبہ اس بجٹ کو غریبوں کا بجٹ کہہ سکتے ہیں۔

جناب! چونکہ میرا تعلق بلوچستان سے ہے۔ صدر پاکستان کے ہم ممنون ہیں۔ جب سے انہوں نے اقتدار سنبھالا ہے۔ بلوچستان کو دوسرے صوبوں کے برابر لانے کے لئے کوشاں ہیں اور جتنے کام اس دور میں ہوئے ہیں چاہے گوادر پورٹ ہو، چاہے کوسٹل ہائی وے ہو، میرے ایک بھائی کل کہہ رہے تھے کہ فائدہ نہیں ہوا ہے۔ پہلے تین دن لگتے تھے اب چھ دن لگتے ہیں۔ پہلے مچھلی دس روپے کی بکتی تھی ابھی سو روپے کی بکتی ہے۔ بہرحال گوادر میں لوگوں نے زمینیں بیچی ہیں اور بچوں کو پڑھا رہے ہیں۔ ان کو صحیح قیمت مل رہی ہے۔ کسی قسم کی بندش نہیں ہے۔ اس سے پہلے بلوچستان کا ساڑھے تین فیصد کوٹا تھا۔۔۔

جناب چیئرمین، وقت کا خیال رکھیں، جمعہ کی نماز کے لئے بھی جانا ہے۔ ختم کریں۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، اس کو چھ فیصد کیا گیا ہے۔ سومیانی بندرگاہ بنائی جا رہی ہے۔ افسوس ہے لوگ اس کی بھی مخالفت کر رہے ہیں۔ حکومت چاہتی ہے کہ ترقی دیں، پورٹس بنیں لیکن وہ مخالفت کرتے ہیں۔ عوام حکومت سے تعاون کریں تاکہ مخالف عناصر کی اجارہ داری ختم ہو۔ کیڈٹ کالج چھ کھل رہے ہیں۔ یہ بھی تعلیم کا میدان ہے۔ سبکزئی ڈیم، میرانی ڈیم، کچھی کینال ہے اس کے علاوہ مواصلات کے میدان میں نقل ہے۔ آپ نے خود دیکھا ہوگا کہ وہاں پر کتنی تکلیف تھی۔ انشاء اللہ اگلے جون تک مکمل ہو جائے گی۔ ایک راستہ رتو ڈیرو سے گوادر کو ملایا جا رہا ہے۔ چمالنگ کوئلے کے پروجیکٹ کے شروع ہونے سے ایک ہزار لوگوں کو روزگار ملا ہے۔ یہ سب کریڈٹ اس حکومت کو جاتا ہے۔

ساتھ ہی زیارت، قلات، گوادر سے قلعہ عبداللہ کی طرف اور پشین۔ کچلاک کے علاقے کو ترقی دی جا رہی ہے۔ دادو سے خضدار ملانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ نوشکی کے لئے بھی سروے ہوا ہے۔ تو یہ تمام اہم اقدامات ہیں جس کا اس حکومت کو کریڈٹ جاتا ہے۔

جناب چیئرمین، مینگل صاحب! بہت زیادہ وقت ہوگیا ہے۔ ایک اور مقرر ہے۔ نماز جمعہ کے لئے بھی جانا ہے۔ بہت باتیں دہرائی جا رہی ہیں۔ ختم کریں۔

سینیٹر میر محمد نصیر مینگل، بہت سے roads بن رہے ہیں لیکن اس کے لئے رکاوٹیں پیدا کی جا رہی ہیں۔ ان کو دور کرنے کے لئے حکومت نے مصمم ارادہ کیا ہے کہ اپنے ایجنڈے کی تکمیل کی جائے گی۔

دفاع کے لئے جو رقم رکھی گئی ہے۔ Internal/external security کی ذمہ دار یہی افواج پاکستان ہیں اور اس کے لئے رات دن حتیٰ کہ سیاچن کے مقام پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ افواج پاکستان کو condemn نہیں کرنا چاہیے۔ یہ ایک ادارہ ہے، جو وہ کر رہے ہیں یہ ان کا فرائض منصبی ہے۔ فوج میں بلوچستان سے بھرتی بھی کی جا رہی ہے۔ یہ پہلا موقع ہے کہ ان کو فوج میں لیا جا رہا ہے۔ کئی شعبوں میں تربیت بھی دی جا رہی ہے۔

تین چار میں تجاویز دینا چاہتا ہوں۔ اول بجلی کی روانی تسلسل سے جاری رہنی چاہیے۔ تاکہ زمیندار اور دوسرے لوگوں کو فائدہ ہو۔ جو سڑکیں بن رہی ہیں ان کی تکمیل میں تیزی پیدا

کی جائے تاکہ لوگوں کو سفر میں آسانی ہو سکے اور جو roads زیر تعمیر ہیں انہیں immediately complete ہونا چاہیے تاکہ وہاں سفر کرنا آسان ہو۔ پوسٹ آفس کی facility زیادہ ہونی چاہیے تاکہ لوگوں کو employment ملے۔ میری یہ سفارش ہے کہ وہاں کے لوگوں کو پہلے بھرتی کیا جائے اور اس کے بعد انہیں تربیت دی جائے۔ وہاں کے لوگ at present corporations کے rules and regulations کو fulfil نہیں کرتے لیکن اگر ان کو تربیت دی جائے اور موقع دیا جائے تو وہ اپنے talent کو ثابت کر سکتے ہیں۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین، سردار مہتاب احمد نہیں ہیں، سردار محمد لطیف خان کھوسہ بھی نہیں ہیں۔ رخسانہ زبیری صاحبہ can you finish by 12.45 pm because we have to disperse for the Friday prayers.

سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری، جناب! alright sir. بہت بہت شکریہ۔ جناب! budget House میں present کیا جاتا ہے کیونکہ یہ ایک constitutional requirement ہے۔ Article 80 of the Constitution یہ کہتا ہے کہ annual budget statement of the estimated receipt and expenditure of the Federal Government. اور اس کا document House میں lay کیا جاتا ہے۔ جناب! اس سے پہلے Prime Minister کی طرف سے ایک report آئی ہے جو اس budget سے linked ہے جو millennium development goals کے مطابق ہے اور millennium development goal, measurable goals ہیں اور international community کی کاوشوں سے یہ goals ترتیب دیے گئے تھے۔ اس report میں exact numbers ہونے چاہیے تھے کہ ہم نے کیا حاصل کیا جیسا کہ غربت نمبر ایک goal ہے۔ جناب! ان goals کو ترتیب دینے میں محترمہ بینظیر بھٹو کا بہت بڑا ہاتھ ہے کیوں کہ بہت پہلے international fora پر ان goals کی بات ہو رہی تھی۔ اس millennium development goals سے پہلے ایک CIDA کا convention بھی ہم نے sign کیا تھا۔ Government of Pakistan was signatory لیکن مجھے بڑا تعجب ہوا کہ کل مجھے یہ report ملی کہ CIDA کے متعلق Ministry of Women Development attended the United

Nations Forum for its exchange اور انہوں نے وہاں جا کر یہ کہا ہے کہ ہمارے ہاں ہر یونین کونسل کے Commissions ہیں اور Committees ہیں اور اس طرح پاکستان کی خواتین کے مسائل حل ہو گئے ہیں لیکن اگر آپ خواتین کی وزارت کا بجٹ دیکھیں اور جو اس نے federal amount خرچ کی ہے یہ اس amount سے کم ہے جو اس بجٹ میں اسلام آباد کلب کے swimming pool کو replace کرنے کے لیے 30 ملین روپے دیے گئے ہیں اور خواتین کو اس سے بھی کم level پر رکھا گیا ہے۔

اگر اس report کو آپ دیکھیں تو آٹھ سال جو حکومت بلا شرکت غیرے رہی ہے اس میں صرف انشاء اللہ اور ما شاء اللہ دیکھیں گے، ہم یہ کریں گے ہم وہ کریں گے۔ اس سے پہلے اور جو reports آئی تھیں وہ UNESCO کی report آ چکی تھی، World Health Organization کی report تھی، UNICEF کی report تھی اور پندرہ سال کے جو ٹارگٹ تھے جناب وہ 2000 میں شروع ہوئے، 2007 ہم mid میں پہنچ چکے ہیں، جو غربت کی شرح کم ہونی تھی پندرہ سال بعد اب اس کے آدھے پر ہمیں آنا چاہیے تھا لیکن ہم نے اس وقت 15% achievement حاصل کی ہے۔ یہ ہماری کارکردگی ہے اور اس کے ساتھ ہی ایک Human Development Industry Report, Transparency International report یہ بھی ہمارے سامنے ہیں کہ ہم کس طرح وہاں ترقی کر رہے ہیں اور اس کے بعد Asian Development Bank کی report ہے، وہ زکوٰۃ کے متعلق کہتے ہیں کہ آپ کا پورا سسٹم flawed ہے اور زکوٰۃ میں جو recipients ہیں ہم نے دیکھا کہ وہ selected لوگ ہیں۔ ساتھ ہی World Bank has come up with several reports sir, جس میں انہوں نے سسٹم کو inefficient کہا ہے۔ پھر ہم بھی جانتے ہیں کہ ہمارے ہاں credible statistics کا کتنا بڑا مسئلہ ہے۔ سٹیٹ بنک کی رپورٹ ہے، جو ہمارے ملک کا بنک ہے، جس میں وہ کہتے ہیں کہ غربت بڑھی ہے کیونکہ تیل کی قیمتوں میں جو کمی ہوئی اس کو لوگوں تک pass on نہیں کیا گیا۔ جناب! سینیٹ کمیٹی کی متفقہ رپورٹ ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ایک سو ساٹھ ارب روپے کا غبن ہوا ہے۔ اس کے بعد NAB کی رپورٹ ہے دو سو ساٹھ ارب روپے غبن کی جو آج بھی وزیر اعظم اور صدر پاکستان کے سرد خانوں میں پڑی ہوئی ہے، وہ اس پر کیا کر رہے ہیں؟ ہمیں تو یہ پتا چلا ہے کہ NAB کے چیئرمین گھر جا کر

بیٹھ گئے ہیں کیونکہ انھوں نے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ I mean business. جہاں تک غربت کا سوال ہے poverty reduction strategy وہ paper میں ہی پھل پھول رہی ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ اس وقت جو غربت ہے، جو ہمارے مسائل ہیں اگر اس کا حل ہم ایک لفظ میں کہیں تو یہ corruption is a root cause of all our problems کیونکہ نوٹ چھپ رہے ہیں، عمارتیں تعمیر ہو رہی ہیں لیکن ہم ادارے تعمیر نہیں کر رہے ہیں۔

Sir, it's national concern for all of us especially for you and me

کہ سندھ میں آدھے سکول بند ہیں۔ عمارتیں تعمیر ہیں چونکہ ان میں کچھ اور ہوتا ہے اور چند اور ہیں جو چل نہیں رہے ہیں۔ Sir, کراچی جو Capital of Pakistan ہے جو industrial and trading centre of Pakistan تھا اور ہے اس میں پانی اور بجلی کا اتنا بڑا مسئلہ ہے کہ اس وقت لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہمیں کچھ نہیں چاہیے آپ صرف ہمیں پانی اور بجلی دے دیں that is our minimum requirement. Sir اگر ترقی کو نام دیا جا رہا ہے 2% لوگوں کے لیے flyover بنانے کا، signal free corridors بنانے کا تو بوڑھے، بچے، خواتین جن کے لیے اس road کو cross کرنا بھی ناممکن کر دیا گیا ہے جس میں flyovers بن رہے ہیں وہ جو wheel chair پر ہیں ان کے لیے ہمارے پاس کوئی پروگرام نہیں ہے، وہ جو بوڑھے ہیں ان کے لیے ہمارے پاس کوئی پروگرام نہیں ہے۔

جناب غربت بڑھ رہی ہے اور strategy ہم کاغذوں پر ہی بنا رہے ہیں۔ Sir کل تک KESC کی privatisation ہو رہی تھی، اس کی بات تھی کہ کراچی جنت نظیر بن جائے گا، لوڈشیڈنگ نہیں ہوگی وغیرہ وغیرہ۔ آج ہم اسے واپس لینے کی بات کر رہے ہیں۔ Sir آج conflict of interests کا مسئلہ ہے لیکن اس کو ہم نے قانون کے مطابق accept کر لیا ہے۔ اب آپ کو پتہ ہے FBI کی ٹیم آئی ہوئی ہے کہ inside information سے جو trading ہوئی تھوڑا سا amount ہے ہمارے حساب سے لیکن وہ بیٹھے ہوئے ہیں آ کے اور یہاں پر وہ اس کی تفتیش کر رہے ہیں جبکہ ہم نے سینکڑوں ارب روپے جو Stock Exchange میں inside trading کی وجہ سے لوگوں کے lose ہوئے ہم نے اس کو بالکل ignore کر دیا۔ Sir, Constitution of Pakistan میں Article-34,35,36,37,38, they all guarantee what

کے is written in CIDA, what is written in Millennium Development Board
جو targets ہیں' World Bank جو کہہ رہا ہے یہ سب یہاں ہے' دیا ہوا ہے۔ یہ کہا گیا ہے کہ
ہر انسان کا' ہر citizen کا ایک right ہو گا اس کو business کرنے کا' اس کو پڑھنے کا لیکن
Sir, let us see what is happening. Sir, ہم state within state بنا رہے ہیں۔

Sir, this is a question of injudicious spending by the government departments. What Finance Ministry has to do with making, mending roads, with building flyovers, with having water treatment plants? They have no business to do it. They should facilitate us. That's our mother constituency of وہ اتنا کریں کہ کون سی ministry. They should do their job. please کرنا' کس سینیٹر کو please کس ایم این اے کو کے the National Assembly کرنا ہے۔ So, sir, this is a question of judicious spending. Sir, this is also the question of taking care of public money as public money is not my personal. Sir, آپ پورٹ قاسم اتھارٹی کو دیکھیں۔ وہاں پر ایک کمپنی جس نے وہاں پر contract لینے کی کوشش کی اسی کے آدمی کو بورڈ کا ممبر بنا دیا گیا۔ اسی طرح سے اگر آپ دیکھیں پورٹ قاسم کا میں نے ذکر کیا کہ وہ پیپلز پارٹی کے زمانے میں' ذوالفقار علی بھٹو کے زمانے میں بنی۔ Sir, یہ Ministry of Defence کی Year Book ہے اس میں interpretation یہ کر رہے ہیں کہ POF Industry, 1972 میں بنی جو بھٹو صاحب کے زمانے کی بات اس میں کی گئی ہے۔ Sir, یہ جو state within state کی ہم بات کر رہے ہیں public sector companies چاہے وہ PSO ہو' چاہے وہ Trading Corporation of Pakistan ہو Sir, I would invite you to visit there in my constituency. Sir جو اس وقت بات ہو رہی ہے فلاحی فاؤنڈیشن کی بات ہو رہی ہے' Fauji Foundation Welfare Trust کی بات ہو رہی ہے' Sir, they are competing with private business. They have immense opportunity. They have immense leverage. NLC ہو گیا' یہ trust ہیں' یہ Government کے resources پر' public کے resources پر پبلک کے لیے دروازے بند کر رہے ہیں۔ فوجی فاؤنڈیشن فلاحی ادارہ ہے۔ اس کے جو universities and

schools ہیں اس میں میرے بچے جب پڑھنے جاتے ہیں' ایک عام پاکستانی کے بچے جب پڑھنے جاتے ہیں ان کی فیس اور ان کے اپنے بچوں کی فیس sir everything is being based on public money. It is a facility they are providing. Sir, hospital کا بھی یہی ہے کہ ایک جگہ hospital نہیں ہے they should cater to the whole population تو چونکہ آپ نے time کی پابندی لگائی ہے اور آپ کی بڑی مہربانی ہے۔ کل میں نے اس لیے آپ سے request کی تھی تو میں نے ایک چھوٹا سا website بنا دیا ہے' میں نے کہا لوگوں کے لیے easy رہے گا' .Senator Zuberi.Com.PK میں ساری رپورٹس آہستہ آہستہ اس پر ڈالوں گی ۔ MDCP بھی پڑا ہوا ہے' corruption کی رپورٹ آئے گی' یا جو بھی چیزیں public domain میں ہوں گی I would like to put it for the information of my colleagues. Thank you.

جناب چیئرمین ، شکریہ ۔ I adjourn the House to meet against at 4 p.m. sharp. انشاء الله ۔ سبحان ربک رب العزت عما یصفون وسلام علی المرسلین و الحمد لله رب العالمین ۔

(اجلاس کی کارروائی سہ پہر چار بجے تک ملتوی کی گئی)

(وقفہ کے بعد اجلاس کی کارروائی زیر صدارت جناب چیئرمین (جناب محمد میاں سومرو) دوبارہ شروع ہوئی)

جناب چیئرمین، بادینی صاحب آپ بولیں گے۔ جی بولیے۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی، جناب چیئرمین! میرا ایک Point of Order ہے اگر آپ اجازت دیں تو کر لوں۔

جناب چیئرمین، اس کو تقریر کا حصہ بنالیں۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی، اس کی وجہ یہ ہے کہ آج تین دن سے ہمارے کمرے کا AC خراب ہے' آپ کو بھی لیٹر لکھا ہے۔

جناب چیئرمین، وہ میں نے کل ہی بھیج دیا تھا۔ ہم سختی سے اس کا notice لیں گے، آپ تسلی رکھیں۔ راجہ صاحب اس کو مہربانی کر کے دیکھیں۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی، مہربانی کر دیں، کیونکہ اس وقت بڑی تکلیف ہے۔ شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ سب سے پہلے میں جنرل پرویز مشرف صاحب، شوکت عزیز صاحب اورمسلم لیگ کی حکومت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ یہ پہلی حکومت ہے جس نے اپنا پانچواں بجٹ ایوان میں پیش کیا ہے۔ اگر دیکھا جائے تو موجود بجٹ میں جو relief package ہے، اس میں زندگی کے ہر طبقے کو relief دیا گیا ہے۔ یہ پہلی حکومت ہے جس نے چوتھی بار ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا ہے، اس سے پہلے کسی حکومت نے اتنی مرتبہ ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہیں کیا۔ جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں کہ 99ء میں پاکستان کی معیشت بالکل تباہ ہو چکی تھی، خزانہ خالی ہو چکا تھا، بیرونی ممالک قرضہ دینے کی لیے تیار نہیں تھے۔ صدر پاکستان جنرل پرویز مشرف صاحب کی مدبرانہ سوچ اور بہتر معاشی پالیسیوں کی وجہ سے آج پاکستان کے زر مبادلہ کے ذخائر اربوں ڈالر تک پہنچ گئے ہیں اور ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔

جیسا کہ ہم سب کو معلوم ہے کہ بلندی پر جانے کے لیے سیڑھی سے جانا ہوتا ہے، اوپر سے کوئی نیچے نہیں آتا، اسی طرح مملکت خدا داد موجودہ set up کی مخلصانہ قیادت کی وجہ سے آہستہ آہستہ ترقی کی منزلیں طے کرتا جا رہاہے۔ آج ہمارا ملک، براعظم ایشیا میں تیزی سے ترقی کرتے ہوئے ممالک میں شمار ہوتا ہے۔ جناب چیئرمین صاحب! ہمارے ملک میں جب بھی اشیا خورد و نوش کی قیمتیں ایک دفعہ بڑھ جائیں تو پھر کم نہیں ہوتیں لیکن اس حکومت کی مثبت اقتصادی پالیسیوں کی وجہ سے کیونکہ خزانہ اللہ تعالیٰ کے کرم سے بھرا ہوا ہے، لہٰذا اس حکومت نے بہت ساری خورد و نوش کی اشیا پر subsidy دے کر بڑھتی ہوئی قیمتیں کم کر دی ہیں۔ اس کا سارا credit جنرل پرویز مشرف صاحب کو جاتا ہے کہ پچھلے سات سالوں سے اقتصادی پالیسیوں میں جو تسلسل ہے وہ ان ہی کی وجہ سے ممکن ہو سکا۔

جناب چیئرمین صاحب! گھر بنانے کا خواب ہر آدمی دیکھتا ہے، ماضی میں کچھ حکومتوں نے "اپنا گھر" سکیمیں بنائیں لیکن اس پر عمل درآمد نہیں کیا گیا۔ ہمارے علاقے میں جو گھر

بنائے گئے ہیں وہ آج تک کھنڈرات بنے ہوئے ہیں اور لوگ اس میں بھیڑ بکریاں باندھتے ہیں، جونیجو کے دور سے لے کر آج تک کامیاب نہیں ہوئے۔ ہماری حکومت نے اس وقت کم آمدنی والے طبقے کے لیے پہلی مرتبہ 37 ہزار فلیٹ بنانے کا انتظام کیا ہے، جس کے لیے حکومت قرضہ بھی دے گی۔ یہ ایک ایسی سکیم ہے جس کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ اس کا credit بھی جنرل پرویز مشرف اور وزیر اعظم جناب شوکت عزیز صاحب کو جاتا ہے۔ پاکستان میں بڑھتی ہوئی غیر ملکی سرمایہ کاری جنرل پرویز مشرف صاحب کا vision ہے، جتنی سرمایہ کاری اس دور میں ہوئی ہے یہ ایک مثال ہے جو کہ اقتصادی شعبہ میں مسلم لیگ حکومت کی عمدہ کارکردگی کا واضح ثبوت ہے۔ اس بجٹ میں کسانوں کے لیے بھی کافی relief دیا گیا ہے۔ ٹیوب ویل پر subsidy دی گئی ہے، کھاد کی قیمتیں کم کی گئیں، کسانوں کو زرعی قرضے ان کے دروازے پر فراہم کئے جا رہے ہیں۔ جناب چیئرمین صاحب! میں ایک مسلم لیگی ہوں اور ہر وقت اپنی حکومت اور پاکستان کی بہتری کے لیے سوچتا ہوں۔ جناب! اس سلسلے میں کچھ تجاویز بھی پیش کرنا چاہتا ہوں، ان تجاویز کو اگر اس بجٹ میں شامل کیا جائے تو بہتر ہو گا۔

جناب! سب سے پہلے scrap ہے، ایران سے تفتان border پر آتا ہے، ہمارے علاقے میں زراعت ہے نہ صنعت ہے، نہ نہریں ہیں، سارے مزدوری پر لگے ہوئے ہیں، اس کا tax بڑھایا گیا ہے۔ لہٰذا میری درخواست ہے کہ اس کا tax کم کریں جو پہلے تھا، وہی رہے۔ آج مزدور سے لے کر سرمایہ دار تک سارے ادھر بیٹھے ہوئے ہیں، مال خریدا ہوا ہے، ان کا مال پڑا ہوا ہے، نقصان پر نہیں لا سکتے اس scrap کی وجہ سے اور پاکستان میں ایک rate ہونا چاہئیے، ادھر گڈانی کا rate الگ ہے، وہاں کا rate الگ ہے، اس پر مہربانی کر کے ہماری request ہے کہ جو پہلے تھا، اسی طرح رہے تاکہ لوگوں کا روزگار چلے۔

جناب! مہنگائی ایک بین الاقوامی مسئلہ ہے جس سے ہمارا ملک بھی متاثر ہو رہا ہے، لہٰذا مہنگائی روکنے کے لیے مؤثر کوششیں کرنی چاہئیں۔ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 15% اضافہ کیا گیا ہے، میری تجویز ہے کہ اس کو 25% کیا جائے تاکہ ان کا گزارہ ہو سکے کیونکہ بغیر حساب سے ہیں، اگر چھ آدمیوں کے خرچے کا حساب لگایا جائے تو یہ کبھی پورا نہیں ہوتا ہے۔ غربت کے خاتمہ اور ملازمتوں کے مواقع فراہم کرنے اور افراط زر کے خاتمے کے لیے اور اس ملک میں

اقتصادی ترقی اور تیز رفتار ترقی کے لیے ضروری ہے کہ شرح سود میں خاطر خواہ کمی کی جائے۔ شرح سود میں کمی کرنے سے لوگ سرمایہ کاری کریں گے اور زیادہ سے زیادہ لوگ net میں آجائیں گے، لہذا، میں سفارش کرتا ہوں کہ شرح سود میں نمایاں کمی کی جائے۔ مہنگائی کو روکنے کے لیے ضروری ہے کہ تیل کی قیمتیں نہ بڑھنے دیں، تیل کی قیمتیں بڑھنے سے ہر چیز کی قیمتیں بڑھ جاتی ہیں اور یہ مہنگائی ہر طبقے پر، خاص کر غریب طبقے پر براہ راست اثر انداز ہوتی ہے، لہذا، تیل کی قیمت کو مناسب جگہ پر رکھا جائے۔

جناب چیئرمین صاحب! ہمارے ملک میں اکثر لوگ tax چوری کرتے ہیں اور وہ اس وجہ سے کرتے ہیں کہ یہاں پر tax rate بہت زیادہ ہے، لہذا، میں تجویز پیش کرتا ہوں کہ tax network کو وسیع کرنے کے لیے tax rate کم رکھا جائے تاکہ ہر شخص آسانی سے tax ادا کر سکے۔ جناب چیئرمین صاحب! ڈیموں کی تعمیر اس ملک کے لیے انتہائی ضروری ہے، خاص کر جیسے ہمارے بارانی علاقے ہیں، جہاں بھی ہیں، پنجاب میں، بلوچستان میں ہیں یا سندھ میں ہیں، بارانی علاقے کے لیے بہت ضروری ہے تاکہ ہم آنے والے دنوں میں بجلی کے بحران اور پانی کی کمی کے بحران سے بچ سکیں۔ لہذا، نئے ڈیموں کی تعمیر کے لیے funds مختص کئے جائیں، اس سلسلے میں گزارشات درج ذیل ہیں۔

نمبر ایک، ضلع نوشکی کو gas supply کی منظوری جناب وزیر اعظم شوکت عزیز صاحب دے چکے ہیں، باقاعدہ survey بھی ہو گیا ہے، funds نہ ملنے کی وجہ سے کام شروع نہیں ہو سکا۔ لہذا، استدعا ہے کہ funds مہیا کئے جائیں تاکہ اس منصوبے پر کام شروع ہو سکے۔ ایران سے تفتان تک بجلی آ رہی ہے، جناب! وہ بجلی بڑی سستی آ رہی ہے۔ درمیان میں نوکنڈی اور دالبندین، نوشکی تک اس بجلی کو اگر پہنچایا جائے تو لوگ اس سے بہت سہولت حاصل کریں گے خاص کر زراعت کے لئے کم سے کم پانچ، چھ ہزار ٹیوب ویل لوگوں کے لگے ہوئے ہیں، تیل مہنگا ہونے کی وجہ سے وہ سارے بند ہو چکے ہیں۔ لہذا ہماری سفارش ہے کہ مہربانی کرکے جو معاہدہ جتوئی صاحب نے جا کر کیا تھا اس معاہدے کے تحت بجلی کو نوشکی تک لایا جائے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین، شکریہ۔ جی امجد عباس۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی، ایک منٹ جناب! ابھی میری تقریر باقی ہے۔

جناب چیئرمین، اچھا میں نے کہا آپ نے کہہ دیا شکریہ تو تقریر ختم ہوگئی ہے۔ معاف کیجیے۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی، شکریہ تو نوشکی کو بجلی دینے کے لئے کیا تھا۔ اس پر اگر آپ مہربانی کرکے ذرا دھیان دے دیں تو یہ زیادہ بہتر ہوگا۔ سرکاری ملازم ریٹائر ہونے کے بعد دوبارہ ملازمت پر لیے جاتے ہیں contract base پر جو کہ ایک روایت بن چکی ہے۔ بہت سارے لوگوں کا جائز حق مار دیا جاتا ہے۔ لہٰذا اس practice کو بند کیا جائے تاکہ آنے والے لوگوں کا حق نہ مارا جائے۔ وفاقی ملازمتوں میں بلوچستان کے لوگوں کو آئین میں دیے ہوئے کوٹا کے مطابق حصہ دیا جائے۔ PTCL کی privatization کی وجہ سے لوگوں کو زبردستی ملازمتوں سے نہ نکالا جائے بلکہ جن کا پنشن کا حق بنتا ہے ان کو پنشن دی جائے ورنہ گولڈن ہینڈ شیک دیا جائے اگر ان کو نکالنا چاہتے ہیں۔دوسری بات یہ ہے کہ کل ہمارے ایک Member نے یہاں بڑی زور دار تقریر کی اور شکایت کی، وہ تھا بھی بلوچستان کا کہ وہاں پر کوئی بھی میگا پراجیکٹ نہیں ہوئے۔ میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں وہ اس علاقے کا رہنے والا ہے۔وہ چھ دن میں وہاں نہیں پہنچ سکتا تھا اب چھ گھنٹے میں اپنے گھر پہنچ رہا ہے۔ یہ کہاں سے ہوا ہے؟ یہ میگا پراجیکٹ ہی ہے کہ کوسٹل ہائی وے بنی، چھ سے سات گھنٹے میں ہم گوادر اور تربت پہنچتے ہیں، پسنی پہنچتے ہیں اس کا گھر بھی ادھر ہی ہے۔ بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ناشکری کر رہے ہیں 'سارے بلوچستان کو شکایت ہے کہ ایک کونے پر پراجیکٹ بن رہے ہیں۔ کل اسرار اللہ زہری نے فرمایا تھا کہ خالی مکران بلوچستان نہیں ہے کہ سارے پراجیکٹ ادھر ہی بن رہے ہیں لیکن اس کے باوجود وہ وہاں کا رہنے والا اور سب کچھ دیکھتے ہوئے یہ کہتا ہے تو بڑا افسوس ہوتا ہے۔جائز بات کو کہنے کے لئے کوئی بھی تیار نہیں ہوتا۔ اس مثال سے آپ اندازہ لگا لیں کہ صاحب جو وہاں کا رہنے والا ہے اپنی گاڑی میں کراچی سے بیٹھ کر چھ گھنٹے میں وہ تربت پہنچ جاتا ہے اگر وہ چاہے تو شام کو واپس کراچی بھی آسکتا ہے۔لیکن اس کے باوجود وہ کہتا ہے کچھ بھی نہیں ہوا۔ مہربانی کرکے آپ سنیں ہم نے کبھی آپ کی تقریر میں بات کی ہے!

Mr. Chairman: Please no cross talk. Yes Badini Sahib.

سینیٹر میرولی محمد بادینی، اندرون ملک میں کراچی سے شروع ہو کر ڈیرہ غازی خان تک یہ روڈ بن رہا ہے، یہ کہاں سے ہو رہا ہے۔ ایک ملین ہو، دس ملین ہو آپ اپنا کام لیں۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ حقیقت کو چھپائیں۔ آپ کے سارے ٹینڈر ہو چکے ہیں، کام شروع ہو چکے ہیں، سارے ٹھیکیدار اپنے کاموں میں لگے ہیں وہ جانیں، ان کا پیسہ جانے، NHA جانے اور وہ۔ کام کافی ہو رہا ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے ویسے یہ اعتراض کریں تو ان کی مرضی۔ یہ ہمارے بھائی ہیں ان کا حق ہے وہ اعتراض کریں ہم ان کی مخالفت نہیں کریں گے۔ لہذا یہی میری عرض ہے۔ باقی بلوچستان کے بارے میں کل میر اسرار اللہ زہری نے چند باتیں کی ہیں ہم اس کی تائید کرتے ہیں۔ اس نے صحیح کہا ہے غلط نہیں کہا۔ اس نے یہ نہیں کہا کہ پراجیکٹ نہیں کر رہے، کام نہیں ہو رہا ہے لہذا کام ہوتے جا رہے ہیں دوسرا مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے ہمارے جو بلوچستان اور صوبہ سرحد میں اتحادی ہیں فنڈز خود بانٹتے ہیں اور بعد میں ادھر آ کر وہ شکایت کرتے ہیں کہ ادھر کچھ نہیں ہو رہا ہے یہ تو کوئی بات نہ ہوئی۔ حقیقت کو تو آپ لوگ بیان کریں کیونکہ آپ حکومت کے ساتھ شامل ہیں ۔بجٹ بناتے ہو، خرچ کرتے ہو سب کچھ کرتے ہو اس کے باوجود ادھر آ کر کہتے ہیں کہ کچھ نہیں ہے۔ ان باتوں کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین، امجد عباس صاحب۔

سینیٹر محمد امجد عباس، شکریہ۔ جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں حکومت کو تاریخ کا سب سے بڑا بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ There are certain positive things جس سے ملک کی rating بھی positive ہوگئی this is the achievement of this Government. Federal reserves ہمارے بڑھ گئے ۔ This is also the credit to the Government. اب ہمیں تیس سال کی مدت کے قرضے مل رہے ہیں جبکہ کوئی وقت تھا کہ کوئی ہمیں قرضہ دینے کے لئے تیار نہیں تھا۔ لیکن جناب! جہاں پر یہ بجٹ اچھا ہے اس میں errors بھی بہت ہیں۔ مثال کے طور پر انہوں نے جو اپنی population

declare کی ہے that is 159.3 million جبکہ UNFPA کے مطابق 161 million ہے - یہ کافی زیادہ difference ہے جس سے سارے statistics change ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح MMR کا ریٹ بھی ہے، population growth rate بھی change ہو جاتا ہے ۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد، جناب چیئرمین! مجھے چند منٹ ضرور چاہئیں آپ سے۔ میں یہ بات کہنا چاہ رہا تھا کہ یہ بات record پر ہے کہ سات stock brokers, کو نیشنل اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے پاس بھی اور Securities & Exchange Commission کے پاس بھی کہ ان سات بڑے stock brokers نے پچھلے سات سالوں میں اربوں روپیہ کمایا ہے۔ 2000ء میں ان میں سے ایک بھی stock broker نہ تو کسی بینک کا مالک تھا نہ کسی شوگر انڈسٹری کا مالک تھا نہ fertilizer factory کا مالک تھا اور نہ ہی ان کے پاس کوئی اور صنعتی نظام تھا لیکن آج ہم دیکھتے ہیں کہ سات سالوں میں ان چند stock brokers کی اپنی empire بن چکی ہے۔ یہ کس قیمت پر ہے؟ یہ پاکستان کے ان چھوٹے stock holders کی قیمت پر ہے کہ جو سٹاک مارکیٹ میں اپنی سرمایہ کاری کر کے اپنا کاروبار کرتے تھے آج وہ اور ان کے بچے روٹی کے محتاج ہیں چونکہ ان کے stock borkers اربوں کے مالک ہیں۔

جناب والا! ہم نے یہ بھی دیکھا کہ stock brokers سے ایک روپیہ بھی حکومت نے پچھلے سات سالوں میں ٹیکس نہیں لیا۔ یہ ٹیکس اس ملک کے عوام کا حق تھا' ان سے نہیں لیا گیا بلکہ ان کو کھلی چھٹی دی گئی۔ جناب والا! ایک چیز اور بھی دیکھیں کہ دنیا بھر میں بینک قائم کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ بینک کو چلانا بھی مشکل کام ہے۔ ان کی profitability پوری western world میں دیکھیں یا developed countries میں' وہ ایک بڑی مناسب حد تک کہ پانچ سے سات فیصد تک profitability بینکوں کی ہوتی ہے۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ پچھلے چار سالوں سے اس ملک میں ایک دوڑ لگی ہوئی ہے' نئے بینک establish کرنے میں۔ پاکستانی national بینکوں کو privatise کرنے کی ایک race لگی ہے۔ یہ race اس لیے لگی ہے کہ پاکستان غالباً دنیا میں وہ واحد ملک ہے جہاں بینکوں کو اپنے عوام کی '.depositors کی کھال کھینچنے کی اجازت ہے۔ یہاں پینتیس سے چالیس فیصد تک annual profit ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ تین سالوں میں بینک free of cost ہو جاتا ہے۔ اس سے بڑا اچھا دنیا میں کوئی نہیں

چاہے افغانستان میں ہیں، چاہے بلوچستان میں ہیں، چاہے صوبہ سرحد میں ہیں، چاہے FATA میں ہیں، ہر جگہ مار کھا رہے ہیں، وہ صرف اس لیے مار کھا رہے ہیں کہ وہ ہمیشہ دین اسلام کے حامی رہے ہیں، دین اسلام کے ساتھ رہے ہیں۔ وہ ہمارے ملک پاکستان کے خیرخواہ رہے ہیں لیکن ان کو کوئی حق نہیں دے رہا، ان کی کوئی access ہی نہیں ہے۔ پتہ نہیں ہماری مسلم لیگ کو کس قسم کے لوگ پسند ہیں، جو لوگ چاہتے ہیں بلکہ وہ بلوچستان کے پشتونوں کو اس حق سے محروم کرنا چاہتے ہیں۔ ہمیں کوئی گلہ نہیں ہے، حکومتیں آتی جاتی ہیں لیکن ہمیں اپنی party سے یہ گلہ ہے کہ انہوں نے پشتونوں کو آگے نہیں آنے دیا۔ آج یہ جو اقتصادی کونسل کا اجلاس ہوتا ہے یا Federal Government میں ECNEC کا اجلاس ہوتا ہے، اس میں بلوچستان میں پشتون علاقے کے لیے قلعہ سیف اللہ میں 20 کروڑ روپے کے ڈیم کے علاوہ جو وہاں پر ایک Senior صوبائی وزیر علاقے میں گئے جو قلعہ سیف اللہ کا رہنے والا ہے۔ باقی وفاقی حکومت کے ADP میں پشتون علاقوں کا کوئی project نہیں ہے۔ کیا پشتون علاقے صرف قلعہ سیف اللہ ہیں، پشتون علاقے قلعہ عبداللہ، پشین، زیارت، لورالائی، ژوب یہ سارے اضلاع محروم رہ گئے ہیں۔ یہ کتنے افسوس کا مقام ہے کہ ہم جب بھی اپنی party کی meetings میں آتے ہیں یا party میں بات کرتے ہیں تو ہماری party میں ہم لوگوں کا کوئی notice ہی نہیں لیتا ہے۔

جناب چیئرمین، کاکڑ صاحب! وقت کا رکھیں۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، مجھے گلہ شکوہ یہاں پر تو نہیں کرنا چاہئیے تھا، میں اس party کا وفادار ہوں۔

جناب چیئرمین، پارٹی کا معاملہ ہے، party meeting میں طے کر لیں، یہاں پر بجٹ پر بات کرلیں اور وقت کا بھی خیال رکھیں۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، افسوس کا مقام ہے کہ ہمیں اس کے ساتھ وہ عزت نہیں ملی جو ایک پارٹی کے ساتھی کو ملنی چاہیے تھی۔ وہ کام نہیں ہوئے جو ایک پارٹی کے رکن کے ہونے چاہیے تھے۔ آپ خود سوچیں کہ ہمارے علاقے میں MMA والے gas پہنچا رہے ہیں جبکہ میں نے دو سال سے جو projects دیے ہوئے ہیں، ایک بھی approve نہیں ہو رہا

ہے لیکن یہ لوگ tents لگا کر بیٹھتے ہیں تو میرا خیال ہے کہ میں کل یا پرسوں ایک tent لگا دوں اور نیچے بیٹھ جاؤں کہ سرکاری پارٹی کا آدمی بھی احتجاج کر رہا ہے یعنی ہمارے ساتھ یہ زیادتیاں ہو رہی ہیں۔

جناب چیئرمین، کاکڑ صاحب اور کچھ کہیں گے، آپ کا وقت ہوگیا ہے، 10 minutes دیے تھے، 12 minutes ہو گئے ہیں اور بھی کافی speakers ہیں، آج ختم کرنا ہے۔ آپ کی جو تجاویز ہیں، مہربانی کرکے وہ دے دیں، کافی وقت تھا۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، یہ ان کے آپس کے اختلافات ہیں، وہ party میں کر لیں۔

جناب چیئرمین، پارٹی کے معاملے party meeting میں کر لیں، یہاں پورے House میں جو related باتیں ہیں، وہ کر لیں۔ کاکڑ صاحب! اور کوئی point ہے یا کسی اور کو floor دوں۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، سارا forum آپ کے ہاتھ میں ہوتا ہے، ہم تو سال میں دو، تین لفظ کہتے ہیں، آپ بڑے مقرر ہیں، بڑے عالم ہیں، بڑے سمجھدار لوگ ہیں، خدا نے آپ کو زبان بھی لمبی دی ہے، ہم غریب لوگ ہیں، ہمیں دو منٹ دیا کریں، ہم مجبور ہیں، آپ کیوں ہم سے ڈرتے ہیں۔

جناب چیئرمین، کاکڑ صاحب، آپ تشریف رکھیں۔ میں دوسرے speaker کو بلا لوں کیونکہ وقت تھوڑا ہے۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، وہ اعتراف کر رہے ہیں کہ ایم ایم اے والوں نے گیس پہنچائی ہے زیارت میں، قلعہ عبداللہ میں یہ بڑی اچھی باتیں ہیں ان کو کہنے دیں۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، یہ حکومت آپ کی ہے ۔جناب والا! میرے علاقے میں بجلی ہے نہ گیس ہے۔ میں نے کئی دفعہ وزیراعظم صاحب کو ان کے بارے میں لکھا ہے اور بتایا ہے لیکن ابھی تک ہمیں اپنے علاقے کے لئے گیس ملی ہے نہ ہی بجلی ۔ جناب والا! آپ خود بتائیں کہ ہم کیا کریں۔ آپ مہربانی کرکے ہمارے یہ مطالبات ہمارے حکمرانوں تک پہنچا

دیں۔ جناب والا! میں اپنی تقریر ختم کرنا چاہتا ہوں کیونکہ میں شوگر کا مریض ہوں میرا گلہ خشک ہو گیا ہے۔ میں معافی چاہتا ہوں اور اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین، طاہرہ لطیف صاحبہ۔ میرا خیال ہے وقت تھوڑا ہے۔جی طاہرہ لطیف صاحبہ۔

سینیٹر طاہرہ لطیف ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! موجودہ بجٹ اس حکومت کا تاریخی کارنامہ ہے ۔ گزشتہ حکومتوں نے روٹی کپڑا اور مکان کے نعرے لگائے ، قرض اتارو ملک سنوارو کے نعرے لگائے لیکن پرویز مشرف نے یہ پورا کردکھایا۔ اس حکومت کی یہ تاریخی کامیابی ہے کہ اسے پانچواں بجٹ پیش کرنے کا موقع ملا ہے۔اس پر میں حکومت کو مبارکباد پیش کرتی ہوں اور اپنے نوجوان وزیر عمر ایوب کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں۔ صدر پرویز مشرف کا vision ہے ، وزیراعظم شوکت عزیز کی انتھک محنت اور چوہدری شجاعت کی کاوشوں کا نتیجہ ہے یہ بجٹ۔ جناب چیئرمین! موجودہ بجٹ غریبوں کا بجٹ ہے، عوام کا بجٹ ہے، مزدوروں کا بجٹ ہے، کسانوں، نوجوانوں، خواتین کا بجٹ ہے اور سرکاری ملازمین کا بجٹ ہے۔ میں غریبوں کا بجٹ اس لئے کہتی ہوں کیونکہ اس میں روزمرہ اشیا کی چیزیں، دالیں، چاول، آٹا، گھی وغیرہ کی قیمتیں کم کی گئی ہیں اور یہ اشیا یوٹیلٹی سٹورز پر وافر مقدار میں موجود ہیں۔ پانچ ہزار نئے یوٹیلٹی سٹورز کھولے گئے ہیں اور ہر یونین کونسل میں ایک یوٹیلٹی سٹور ہوگا۔ اس سے ہر کوئی استفادہ کرسکتا ہے۔ یہ صبح نو بجے سے لے کر رات آٹھ بجے تک کھلے رہتے ہیں۔ اس بجٹ میں عورتوں کو خصوصی مراعات دی گئی ہیں۔ وزارت سماجی بہبود، پہلے بیوہ عورتوں کی بچیوں میں سے صرف ایک بچی کو جہیز کے لئے پچاس ہزار روپے دیتی تھی۔لیکن اب انہوں نے اس فنڈ کو بڑھایا ہے اور اس میں بیوہ کی تمام بچیوں کو پچاس ہزار روپے جہیز فنڈ دیا جائے گا۔عورتوں کے لئے ملازمتوں میں کوٹا رکھا گیا ہے ۔ ملازمت پیشہ میاں بیوی کی نوکری ایک سٹیشن پر ہونا یقینی کی گئی ہے۔ جناب چیئرمین! موجودہ حکومت نے ماضی کی حکومتوں کے برعکس ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کا خیال رکھا ہے جس میں غریب اور سرکاری ملازمین سرفہرست ہیں۔ ملازمین کی تنخواہوں میں 15% اضافہ کیا گیا ہے۔ ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن میں

پندرہ سے بیس فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔ سرکاری ملازمین کے لئے دو لاکھ پچاس ہزار اپارٹمنٹس بنائے جا رہے ہیں جو ان کو ریٹائرمنٹ پرملیں گے جبکہ پہلے کوئی ملازم ریٹائر ہو جاتا تھا تو اس کو در بدر کی ٹھوکریں کھانا پڑتی تھیں۔ ان کے پاس رہنے کی جگہ نہیں ہوتی تھی۔ اب وہ آسان قسطوں پر یہ اپارٹمنٹس ریٹائر ہونے والے ملازمین کو دیں گے۔ Lower grades کے سرکاری ملازمین کو ترقی دی گئی ہے اور ان کے گریڈز بڑھا دیے گئے ہیں۔ سرکاری ملازمین جو contract پر ہیں ان کو بھی پانچ ہزار پی ایچ ڈی الاؤنس دیا جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین! کسان اور زراعت ہماری معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ موجودہ بجٹ میں ان کو خاص مراعات دی گئی ہیں۔ تمام کھادوں پر کسانوں کو subsidy دی گئی ہے۔ آب پاشی کے لئے استعمال ہونے والے ٹیوب ویل کے اوپر بجلی کے ریٹ میں 25% رعایت دی گئی ہے۔ آب پاشی کے لئے استعمال ہونے والی چھوٹی نہروں اور کھالوں کو پختہ کرنے کے لئے خطیر رقم رکھی گئی ہے۔ نظام آب پاشی کمپیوٹرائیز کرنے کے لئے بھی کافی رقم رکھی گئی ہے۔

جناب چیئرمین! نوجوان کسی بھی قوم کا سرمایہ ہیں۔ موجودہ حکومت نے نوجوانوں کی ترقی کے لئے، روزگار فراہم کرنے کے لئے بےشمار اقدامات کئے ہیں۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لئے دس ہزار ماہانہ وظیفہ کا اجرا کیا گیا ہے۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن نے اعلیٰ تعلیم فراہم کرنے کے لئے کروڑوں روپے کے scholarships دیے ہیں تاکہ باہر جاکر اچھی تعلیم حاصل کرسکیں اور واپس آکر اپنے ملک میں serve کریں۔ میں یہ نہیں کہوں گی کہ وہ باہر جا کر وہاں ہی settle ہوں۔ صرف تعلیم کے لئے جو انہیں وظائف دیے گئے ہیں ان کو چاہیے کہ وہ باہر جاکر اور اچھی اعلیٰ تعلیم حاصل کرکے واپس اپنے ملک میں آ جائیں۔ شعبہ تعلیم اور نوجوانوں کا آپس میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ اس بجٹ میں تعلیم کے لئے total GDP کا 4% حصہ مختص کیا گیا ہے۔ جبکہ پہلے 2% یا اس سے بھی کم ہوتا تھا۔

جناب چیئرمین! موجودہ بجٹ میں تاجروں کے اوپر کوئی ٹیکس نہیں لگایا گیا ہے۔ گورنمنٹ نے بلیک منی رکھنے والے افراد کے لئے خصوصی پیکج کا اعلان کیا ہے جس سے وہ بلیک منی کو white money میں تبدیل کرسکتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے حکومت نے Real Estate

Investment Trust قائم کیا ہے ۔ تاجروں کا کاروبار بڑھانے کے لئے پرکشش مواقع پیدا کئے ہیں اور اس سلسلے میں بے شمار منصوبے دیے گئے ہیں۔

جناب چیئرمین! ہمارے ملک میں بجلی کا بحران ہے اور یہ ایک اہم مسئلہ ہے ۔ اس سنگین بحران پر قابو پانے کے لئے اس کا واحد حل ڈیم بنانا ہے ۔ اس مقصد کے لئے حکومت نے خطیر رقم مختص کی ہے اور مجھے امید ہے کہ اپوزیشن اس معاملے کو issue بنا کر ملکی ترقی میں رکاوٹ ڈالنے کی بجائے اس کی حمایت کرے گی اور ملکی ترقی کے عمل کو تیز کرے گی۔ میری اپوزیشن میں بیٹھے ساتھیوں سے درخواست ہے کہ تنقید برائے تنقید کی بجائے حکومت کو اچھی تجاویز دیں اور گھسے پٹے نعرے چھوڑ کر کوئی نئی بات کریں۔

جناب چیئرمین! موجودہ بجٹ 08-2007 ، انتہائی متوازن' ideal اور عوام دوست بجٹ ہے جس میں معاشرے میں ہر طبقے کا خیال رکھا گیا ہے ۔ غریب عوام کا بوجھ کم کیا گیا ہے۔ سرکاری ملازمین کو بے شمار مراعات دی گئی ہیں۔ موجودہ بجٹ صحیح معنوں میں غریبوں کا بجٹ ہے۔ یہ بجٹ عوامی امنگوں کے مطابق ہے جس میں صرف باتیں نہیں بلکہ 520 billion روپے کا Public Sector Development Programme رائج کرکے حکومت نے ایک مثال قائم کر دی ہے جو کہ ماضی کی کوئی بھی حکومت پیش نہ کرسکی ۔ آخر میں ، میں یہ کہنا چاہوں گی کہ PSDP کے زمرے میں مختص کی گئی یہ خطیر رقم ملک کی تقدیر بدل دے گی ۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین، سردار مہتاب احمد ۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد ، شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب چیئرمین! اس معزز ایوان میں آئندہ آنے والے مالی سال کے بجٹ کے اوپر بحث ہو رہی ہے اور میں اس بارے میں یہ ضرور کہوں گا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ تسلسل کے ساتھ ایک فوجی آمر کی حکومت نے پچھلے آٹھ سالوں میں اس قوم کو آٹھواں بجٹ دیا اور یہ ایک ہی Financial Manager ہیں جنہوں نے اس قوم کو آٹھ سالوں میں آٹھ بجٹ دیے۔ جناب والا! ماضی میں بھی 1958 سے لے کر آج تک پچھلے پچاس سالوں میں چار دفعہ اس ملک میں فوجی آمریت آئی، جنرل ایوب سے

لے کر جنرل ضیا تک۔ اب جنرل مشرف نے اس قوم کو ترقی و خوشحالی کے بڑے سبز باغ دکھائے ہیں۔ اس ملک کے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ 1947 میں کسی فوجی جرنیل نے اس ملک کو انگریزوں سے آزاد کرا کے عوام کو آزادی نہیں دلائی تھی بلکہ ایک قومی تحریک اور جدوجہد کے نتیجے میں یہ ملک بنا۔ آج کے فوجی آمر اور ماضی کے فوجی آمر ہمیشہ یہ سمجھتے رہے کہ وہ اس ملک کو ایک خوشنما بجٹ دے کر خوشحالی اور ترقی کا ڈھنڈورا پیٹ کر ملک کے عوام کو اپنے تسلط میں رکھ سکتے ہیں۔ جناب والا! گزشتہ چند روز سے ہم دیکھ رہے ہیں کہ بجٹ پیش ہونے کے ساتھ ساتھ ہم نے اخبارات میں، ٹیلی ویژن پر اور پارلیمنٹ کے علاوہ مختلف جگہوں پر sign boards اور hoardings دیکھے ہیں جہاں پر موجودہ حکومت نے کروڑوں روپیہ خرچ کر کے اشتہار بازی کی ہے۔ مجھے یاد آ رہا ہے کہ 1968 میں بھی اس وقت کے فوجی آمر جنرل ایوب نے اپنا دس سالہ خوشحالی کا دور منایا تھا اور پوری قوم نے دیکھا کہ اس دس سالہ جشن منانے کے بعد تھوڑے عرصے میں نہ صرف ایوب خان کی حکومت کا خاتمہ ہوا بلکہ اس قوم نے اپنی تاریخ کا سب سے بڑا سانحہ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی صورت میں دیکھا۔ آج ہم دیکھتے ہیں کہ جنرل مشرف اور ان کے Financial Managers نے بھی ہر اس لفظ کو دہرایا جو اس سے پہلے فوجی آمر بجٹ پیش کرتے ہوئے کہتے رہے لیکن جناب والا! اس قوم نے دیکھا کہ اس ملک کے ہر فوجی آمر نے اور خاص طور پر جنرل مشرف نے پاکستان میں یہ آٹھ سال ماسوائے اپنے اقتدار کو مضبوط کرنے کے کچھ نہیں کیا، اسے پاکستان کے عوام کی خوشحالی و ترقی سے کوئی سروکار نہیں تھا اور ہم یہ بات بڑے وثوق سے کہتے ہیں کہ یہ پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دور ہے۔ جناب چیئرمین! میں اس کو سیاہ ترین اس لیے کہتا ہوں کہ اس ملک میں خوشحالی اور ترقی اگر ہے تو وہ ایک محدود طبقے میں ہے، ایک مختصر گروہ میں ہے، جس نے ملک کے قیمتی وسائل کو اپنے قبضے میں لے رکھا ہے اور اس ملک کے سولہ کروڑ عوام آج بھی ایک مجبور اور غربت کی زندگی گزار رہے ہیں۔ مجھ سے پہلے اس بجٹ پر تقریر کی ابتدا کرتے ہوئے میرے فاضل دوست سینیٹر اسحاق ڈار صاحب نے نہایت عالمانہ طور پر اس بجٹ کے اوپر تجزیہ پیش کیا تھا اور انہوں نے ایک بڑی اچھی بات اس قوم کو بتائی کہ 1999ء میں جب اس ملک میں جمہوریت کا خاتمہ ہوا اور جنرل مشرف نے نواز شریف کی حکومت کا خاتمہ کرنے کے بعد اقتدار سنبھالا تو اس وقت اس ملک میں غربت کی سطح پر رہنے

والوں کا جو معیار قائم کیا گیا تھا وہ ایک ڈالر per person کی income کے مطابق تھا اور ہم دیکھتے ہیں اور اسی average کو اگر مانا جائے تو 1999 میں جو purchasing power تھی، قوت خرید تھی، ایک ڈالر کے اندر اس کو آٹھ سالوں میں مہنگائی نے دوگنا بلکہ اس سے بھی زیادہ کر دیا ہے۔ اگر ہم آج اسی معیار کو قائم رکھیں تو ہمیں یہ بات سامنے رکھنا پڑے گی کہ 1999ء میں ایک فرد ایک ڈالر میں جو چیزیں خرید سکتا تھا، آج اس کی ضروریات کی خریداری کم سے کم دو ڈالر میں ہوگی۔ دو ڈالر کو ہمیں bench-mark رکھنا پڑے گا۔ یہ انصاف کا تقاضا ہے۔ حقائق کی آنکھ سے دیکھنا پڑے گا کہ آج مہنگائی نے اس ملک کے عوام کی زندگی کو مشکل بنا دیا ہے۔

جناب چیئرمین، وقت کا خیال رکھیں، مختصر رکھیں۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد، میں جو بات کہنا چاہ رہا ہوں کہ ان کے تجزیے کے مطابق اس ملک کی 73% آبادی غربت کی سطح سے نیچے رہتی ہے اورجو یہ ڈھنڈورا پیٹا جا رہا ہے کہ پندرہ ارب ڈالر اس ملک میں ہمارے reserves ہیں۔ جناب والا! ان reserves کے، قوم نے فائدے ابھی تک نہیں دیکھے۔ ان reserves کی جو کہانی ہے یہ بھی ایک علیحدہ کہانی ہے لیکن اصل بات دیکھنے والی یہ ہے کہ جنرل مشرف کے اس آٹھ سالہ دور کے اس قوم پر impact کیا ہوئے ہیں؟ ہمیں یہ بات ماننی پڑے گی کہ یہ بدترین دور ہے۔ اس ملک میں اس وقت بدامنی پاکستان کی تاریخ میں سب سے زیادہ ہے۔ وہ بلوچستان میں قتل عام ہو، بلوچ عوام یا صوبہ سرحد میں قبائلی علاقہ جات میں عوام کا، وہاں کے پشتونوں کا قتل عام ہو یا کراچی میں 12 مئی کے واقعات ہوں یا چاروں صوبوں میں امن و امان کے مسائل ہوں۔ یہ سارے واقعات پاکستان کی history میں سب سے زیادہ بد امنی کے عکاس ہیں۔

جناب والا! ہم نے یہ بات بھی دیکھی ہے کہ اس حکومت کی مدد سے پہلی بار، بڑے بڑے کارٹلز قائم ہوئے۔ شوگر کے کارٹلز، سیمنٹ کے کارٹلز، petroleum products کے کارٹلز اور اس کے ساتھ ہم نے ان آٹھ سالوں میں اس ملک کے سات بڑے stock brokers کو اربوں روپے بنا کر ---

جناب چیئرمین، دو منٹ میں ختم کریں وقت کافی ہوگیا آپ کا۔ دو منٹ میں ختم کریں۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد، جناب چیئرمین! مجھے چند منٹ ضرور چاہئیں آپ سے۔ میں یہ بات کہنا چاہ رہا تھا کہ یہ بات record پر ہے کہ سات stock brokers, کو نیشنل اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے پاس بھی اور Securities & Exchange Commission کے پاس بھی کہ ان سات بڑے stock brokers نے پچھلے سات سالوں میں اربوں روپیہ کمایا ہے۔ 2000ء میں ان میں سے ایک بھی stock broker نہ تو کسی بینک کا مالک تھا نہ کسی شوگر انڈسٹری کا مالک تھا نہ fertilizer factory کا مالک تھا اور نہ ہی ان کے پاس کوئی اور صنعتی نظام تھا لیکن آج ہم دیکھتے ہیں کہ سات سالوں میں ان چند stock brokers کی اپنی empire بن چکی ہے۔ یہ کس قیمت پر ہے؟ یہ پاکستان کے ان چھوٹے stock holders کی قیمت پر ہے کہ جو سٹاک مارکیٹ میں اپنی سرمایہ کاری کر کے اپنا کاروبار کرتے تھے آج وہ اور ان کے بچے روٹی کے محتاج ہیں چونکہ ان کے stock borkers اربوں کے مالک ہیں۔

جناب والا! ہم نے یہ بھی دیکھا کہ stock brokers سے ایک روپیہ بھی حکومت نے پچھلے سات سالوں میں ٹیکس نہیں لیا۔ یہ ٹیکس اس ملک کے عوام کا حق تھا' ان سے نہیں لیا گیا بلکہ ان کو کھلی چھٹی دی گئی۔ جناب والا! ایک چیز اور بھی دیکھیں کہ دنیا بھر میں بینک قائم کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ بینک کو چلانا بھی مشکل کام ہے۔ ان کی profitability پوری western world میں دیکھیں یا developed countries میں' وہ ایک بڑی مناسب حد تک کہ پانچ سے سات فیصد تک profitability بینکوں کی ہوتی ہے۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ پچھلے چار سالوں سے اس ملک میں ایک دوڑ لگی ہوئی ہے' نئے بینک establish کرنے میں۔ پاکستانی national بینکوں کو privatise کرنے کی ایک race لگی ہے۔ یہ race اس لیے لگی ہے کہ پاکستان غالباً دنیا میں وہ واحد ملک ہے جہاں بینکوں کو اپنے عوام کی .depositors' کی کھال کھینچنے کی اجازت ہے۔ یہاں پینتیس سے چالیس فیصد تک annual profit ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ تین سالوں میں بینک free of cost ہو جاتا ہے۔ اس سے بڑا اچھا دنیا میں کوئی نہیں

ہے، پاکستان سے زیادہ۔ لیکن یہ کس کی سرپرستی میں ہو رہا ہے؟ یہ جنرل مشرف اور اس کی ٹیم کی سرپرستی میں ہو رہا ہے۔ جناب والا۔۔۔

جناب چیئرمین، بس اب ختم کریں اور بھی سپیکرز ہیں۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد، I will just take three more minutes جناب!

ایک چیز اور بھی آپ کو بتانا چاہتا ہوں۔ ۱۹۹۹ء میں جب جنرل مشرف نے اقتدار سنبھالا تو سترہ اکتوبر کو اپنی قوم سے کہا تھا کہ حکمرانوں نے پاکستانی بینکوں کو لوٹا ہے اور میں قوم سے وعدہ کرتا ہوں کہ دنیا بھر میں جہاں کہیں بھی ہوں گے، میں یہ بینکوں کا لوٹا ہوا پیسہ واپس لے کر آؤں گا لیکن جناب میں آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں، آپ کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے کہ ۱۹۸۸ء سے لے کر ۲۰۰۱ء تک اگر پاکستان کے بینکوں نے جو قرضے معاف کیے، اس کی کل مقدار تیس ارب روپیہ ہے۔ لیکن اس کے بعد یہ بات ریکارڈ پر ہے کہ سال ۲۰۰۱ء سے لے کر ۲۰۰۷ء تک ایک سو ارب روپیہ بینکوں نے معاف کیا ہے۔ کن لوگوں کا؟ اس تمام ٹولے کا اور اس گروہ کا جو آج اس حکومت کی گود میں بیٹھا ہوا ہے۔ یہ وہی لوگ ہیں جو غریب نہیں ہیں۔ ان کے گھر اجڑے نہیں ہیں لیکن ایک سو ارب روپیہ بینکوں کا قرض تھا۔ جو پانچ سالوں میں معاف ہوا۔ اس کا مطلب ہے کہ per year twenty billion rupees جب کہ اس سے پہلے پندرہ سالوں میں جو تیس ارب معاف ہوا وہ billion rupees per year کے حساب سے تھا۔

جناب چیئرمین، تشریف رکھیے۔ میں next speaker کو بلاؤں۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد، جناب والا میں بالکل آخر میں wind up کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین، وقت کا خیال رکھیے مہربانی کر کے۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد، میرا خیال ہے آپ میری بات زیادہ سننا نہیں چاہتے۔

I will just take some minutes more جناب والا! میں ایک اور بات کہنا چاہتا ہوں کہ یہ حکومت جو بڑا دعویٰ کرتی ہے اس ملک میں ترقی کا، لیکن آج ساری قوم witness ہے اس بات کی کہ پاکستان energy crisis کے بدترین دور سے گزر رہا ہے۔ سارا کراچی پچھلے کئی ماہ سے اس کا شکار ہے۔ آدھے کراچی میں بجلی بند ہوتی ہے اور آدھے میں کھلی ہوتی ہے۔ آج

پورے ملک میں دو سے لے کر چھ گھنٹے تک لوڈشیڈنگ ہوتی ہے ۔ اس کا کسی کو پتا نہیں کہ کب ہو رہی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس حکومت نے پچھلے آٹھ سالوں میں ایک میگاواٹ بھی انرجی کا اضافہ نہیں کیا۔ اگر یہ سنجیدہ ہوتے اس ملک کے معاملات میں ' اگر یہ واقعی چاہتے کہ اس ملک نے ترقی کرنی ہے تو اس کے لیے کوئی consolidated sustainable development programme لے کر آتے لیکن ان کا یہ مقصد نہیں تھا ۔ جناب ان کا صرف مقصد اقتدار پر قبضہ کرنا تھا' اپنے اقتدار کو قائم رکھنا تھا ۔ اس ملک کے عوام کو ہر وہ تکلیف پہنچانے کا اور اس ملک کی سالمیت اور sovereignty, integrity اپنے غیرملکی آقاؤں اور امریکہ کے حوالے کرنے کی پالیسی تھی اور آج ہم نے دیکھا' اس قوم نے دیکھا کہ جنرل مشرف نے پاکستان کے ہر اس ریاستی اور constitutional institution پر حملہ کیا۔ اس حملے میں اس کا مقصد صرف یہ تھا کہ میں نے---

(مداخلت)

جناب چیئرمین، تشریف رکھیے ۔ میں next speaker کو بلاؤں ۔ آپ تشریف رکھیں۔ میں نے کئی دفعہ کہا ہے کہ تجاویز دیں ۔ ٹائم تھوڑا ہے ۔ Sardar Jamal Khan Leghari is the next speaker please. آپ نے ڈبل ٹائم لے لیا ہے ۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد، جناب چیئرمین آپ کو میری بات سننی چاہیے ۔

جناب چیئرمین، ڈبل ٹائم ہو گیا ہے۔ مہربانی کر کے وقت کا خیال رکھیں۔

Senator Sardar Mehtab Ahmed: But I want to wind up my speech now.

Mr. Chairman: Then do it.

Senator Sardar Mehtab Ahmed: You cant force me. I have my right to speak more and I am going to speak on this, I am winding up, if you do not permit me.

جناب چیئرمین، ٹائم ضائع نہ کریں۔ جو کچھ کہنا ہے ایک منٹ میں کہہ دیں مہربانی کرکے۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد، جناب چیئرمین! آپ بھی اپنے آپ کو ان لوگوں میں شامل مت کریں----

جناب چیئرمین، مہربانی کرکے ایک منٹ میں wind up کریں۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد، آپ سننا نہیں چاہتے جنرل مشرف کے متعلق یہ جائز بات ہے اگر آپ ہماری بات کو نہیں سننا چاہتے تو ہمیں اس کی کوئی پرواہ نہیں ہے لیکن آپ کا فرض ہے کہ ہماری بات سنیں۔

جناب چیئرمین، لیکن آپ کا بھی فرض ہے کہ جو اصول ہے، طور طریقہ ہے اس کے مطابق چلیں۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد، میں آپ سے کہہ رہا ہوں کہ I am winding up now.

جناب چیئرمین، تو جلدی کرلیں، میں آپ سے کتنی دفعہ بولوں گا۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد، اس کا یہ مطلب تو نہیں کہ میں اپنی بات کو چھوڑ دوں۔

جناب چیئرمین، بات تو چھوڑنی پڑے گے جو کہنا ہے آپ prioritize کریں۔ اگر نہیں کر سکتے تو دوسرے مقرر کو وقت دیں۔ ایک منٹ میں آپ wind up کرلیں۔

سینیٹر سردار مہتاب احمد، جناب والا! میں کہہ رہا تھا کہ اس حکومت نے اور اس ملک کے اس آمر نے پاکستان کے عوام کو اپنے قبضے میں جاری رکھنے کے لیے جو اگلی منصوبہ بندی کی اس کے مطابق بارہ مئی کو اس پاکستانی قوم نے بڑا المیہ دیکھا کہ اس حکومت کے ساتھ ایک شریک حکومت نے کراچی میں قتل عام کیا۔ اس کے ساتھ عوام نے دیکھا کہ اسلام آباد میں جنرل مشرف نے اپنے حواریوں کو اکٹھا کرکے اس قوم کو مکا دکھایا کہ ہم نے طاقت کا مظاہرہ وہاں بھی کیا اور یہاں بھی کیا لیکن میں ان کو بتانا چاہتا ہوں جناب والا! کہ بے شک اس نے سات سال گزار لیے ہیں لیکن اس سے زیادہ کا وقت یہ قوم اس کو نہیں دے گی۔ اب اس قوم کی آنکھیں کھل چکی ہیں۔ اس ملک میں اب میڈیا آزاد ہو چکا ہے۔ اس ملک کی سول سوسائٹی اب کسی

مزید مارشل لا کو برداشت کرنے کے لیے تیار نہیں ہے۔ ہم نے یہ بھی سنا کہ " آج" ٹیلی ویژن پر چند ہفتے قبل جنرل مشرف نے یہ کہا کہ وہ اپنی وردی میں اقتدار کو قائم رکھنے کے لیے کوئی ماورائے آئین بھی قدم اٹھا سکتے ہیں۔ میں آپ کی وساطت سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ انشاء اللہ تعالیٰ اب اس ملک سے مارشل لا، آمریت کو ہمیشہ کے لیے دفن کرنے کا وقت آ چکا ہے۔ یہ سال اس کے خاتمے کا سال ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ یہ قوم آئندہ کسی مارشل لا کو برداشت نہیں کرے گی۔ وہ کسی بھی ظالم کو برداشت نہیں کرے گی، کسی آمر کو برداشت نہیں کرے گی۔

جناب چیئرمین، ایک منٹ ہو گیا ہے، تشریف رکھیے، میں نے آپ کو کہا ہے تجاویز دیں۔ سردار جمال خان لغاری has the floor.

سینیٹر سردار محمد جمال خان لغاری، ---------- (عربی)۔ میں شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے پاک نام سے، جناب چیئرمین! آپ کی مہربانی آپ نے مجھے وقت عنایت کیا۔ میرے محترم ساتھی سینیٹر سردار مہتاب عباسی صاحب نے بجٹ کی تقریر کی آڑ میں ہماری قوم کے اس وقت والی وارث، ہے تو اللہ تعالیٰ سب کا والی وارث لیکن جناب جنرل پرویز مشرف صاحب کے بارے میں کچھ الفاظ استعمال کیے ہیں---

(مداخلت)

جناب چیئرمین، مہتاب صاحب! فلور ان کے پاس ہے، آپ senior parliamentarian ہیں، آپ کو آداب پتا ہیں، disturb نہ کریں۔ آپ نے تقریر کر لی ہے اب ان کی باری ہے مہربانی کرکے آداب کو ملحوظ رکھیں۔

سینیٹر سردار محمد جمال خان لغاری، جناب والا! فوجی وردی کے اندر پرویز مشرف صاحب سے زیادہ جمہوری جرنیل آج تک آیا ہے، نہ آئے گا۔ وہ دور یاد رکھیں جب ہماری state کے main organs, judiciary پر وار ہوا تھا۔ اس وقت کی دو تہائی اکثریت حاصل کرکے آنے والے جمہوری وزیر اعظم میاں نواز شریف صاحب نے، اس دور کی یاد دلاتا ہوں جس وقت army institution پر ضرب کاری لگائی جا رہی تھی، جب جہاز کو اغوا کرکے دہلی ہوائی اڈے پر اتارنے کا منصوبہ کیا جا رہا تھا تو اس آمریت کے دور میں جو سویلین کے لبادے اوڑھ کے میاں

صاحب آئے تھے اور آج کا وہ جمہوری جرنیل جس نے ایک organ of state میڈیا کو create کیا جس نے میڈیا کو زبان دی۔ ان کے دور میں پی ٹی وی کا ایک چینل ہوتا تھا' پیمرا آرڈیننس' پیمرا آرڈیننس کے جواب میں صدر صاحب نے اپنے کمال لچکدار رویے سے کر دکھایا۔ ہمارے صدر مملکت کی یہ خوبی آج کل ہر سڑک پر عام ہے کہ اگر وہ کبھی کوئی فیصلہ کرتے ہیں ہو گا وہ جو جرنیل چاہتے ہیں' فوجی وردی پہنے ہوئے ہیں لیکن جتنا پرویز مشرف کا ذہن جمہوری ہے اور ان کا کردار جمہوری ہے اس سے بڑھ کر میں نے تو جمہوریت نہیں دیکھی۔ صدر صاحب کے بارے میں سڑکوں پر یہ بات مشہور ہے کہ وہ فیصلہ بے شک کر لیتے ہیں لیکن اگر اس فیصلہ کے بعد ان کو کوئی شخص یا کوئی ادارہ ' یا کوئی اپنی مسلم لیگ کی جماعت اگر کوئی بہتر راہ' یا بہتر رائے' یا بہتر اصلاح یا بہتر مشورہ دیتے ہیں تو صدر صاحب کی کمال نوازش ہے کہ ان میں وہ لچک ہے کہ وہ اس فیصلے پہ نظر ثانی کرتے ہیں اور بہتری کے لئے نظر ثانی کرتے ہیں۔

I have got all my respect for honourable Sardar Mehtab Ahmed, but having made our party's point of view clear from the Treasury Benches I would like to know now we come on to the budget, sir.

جناب چیئرمین صاحب! بجٹ کے بارے میں ہمارے جو فاضل Opposition members ہیں یہ کہتے ہیں کہ بربادی کا بجٹ ہے۔ ہم اس کے برعکس Treasury Benches والے کہتے ہیں کہ فلاح کا یہ علم بردار بجٹ ہے۔ میری ناقص رائے ایک اور زاویہ سے پورے بجٹ کو دیکھتی ہے اور میں آپ کے سامنے اس وقت جناب! گوش گزار بھی کروں گا کہ میں کس زاویہ سے بات کو دیکھتا ہوں۔ جب ہم بات کرتے ہیں کہ عوام کی فلاح کا بجٹ ہے تو اس وقت مثال دیتے ہیں کہ ہم لوگوں نے' الحمد للہ گھی کے اندر ایک ہزار دو سوملین کی subsidy فراہم کی ۔ بات کرتے ہیں کہ pulses کے اندر ہم نے دو سوملین کی subsidy دی' آٹے میں ہم نے چار سوملین کی subsidy دی۔ یہاں پر اب ہمیں چاہیے کہ subsidy کا بجٹ میں اعلان کر دیں اور موٹی موٹی کتابوں کی زینت بنا دیں' تھوڑا سا یہاں پر اپنے brains کو apply کریں۔

محترمہ رخسانہ زبیری کے گوش گزار میں کرنا چاہتا ہوں کہہ رہی ہیں brain apply اور ساتھ میں ان کو یہ باور کرا دینا چاہتا ہوں اپنی محترمہ بہن کو کہ جب تک ایک ہزار plus پانچ ہزار

utility stores کا قیام جیسا کہ ہمیں Minister Sahib نے یقین دہانی کرائی ہے کہ چار ماہ کے اندر اندر نہیں ہو جاتا ہے تو غریب انسان کو ان چیزوں کا trickled down effect باہم نہیں مہیا آپ کر سکتے۔ تو یہ میری جناب آپ کے توسط سے گزارش ہوگی کہ چار ماہ کے بعد اسی ایوان کے اندر progress report lay کی جائے کہ آیا وہ ایک ہزار جمع پانچ ہزار جو utility stores ہیں وہ عمل پذیر ہیں کہ نہیں۔ میری محترم بہن ہماری Treasury Benches کی ہیں' وہ ابھی آ گئی ہیں' ہماری Chairperson Women Development کی طاہرہ لطیف صاحبہ' انہوں نے کہا کہ آٹھ سے لے کر نو بجے تک وہ کھلے رہتے ہیں' تو نہیں کھلے رہتے۔ غلط بات ہم لوگوں کو نہیں کرنی چاہیے۔ کھلے رہنے چاہئیں۔ پانچ ہزار ابھی تک نہیں کھلے۔ کھلنے چاہئیں اور جب کھلیں گے تو اس کے بعد یہی میری محترمہ جو Opposition سے ہیں وہ خود اس بات کا بانگ دہل کیونکہ یہ بھی honest بندے ہیں' یہ بھی اس بات کا اعتراف کریں گے کہ ہاں واقع حکومت نے زمینی سطح کے اوپر کچھ نہ کچھ کر کے دکھایا۔

۲۔ اس حکومت کو بالکل خراج عقیدت میں پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے DAP fertilizers کی مد میں نو ہزار پانچ سوملین روپے کی subsidy مختص کی لیکن کیا ایک غریب کاشت کار' کیا ایک غریب کسان کو وہ rebate ملے گی؟ مصیبت یہ ہے کہ بجٹ کے اندر تصاویر بہت خوبصورت اور rosy دکھائی جاتی ہیں لیکن المیہ یہ ہے کہ ناگزیر وجوہات کی بنیاد کے اوپر جب realization کا وقت ہوتا ہے اور جو end کے اندر ایک عام آدمی اس کے ثمرات میسر ہونے کا وقت آتا ہے تو پھر لفظ سلجھاتے ہیں۔ اس وقت میں مجبور ہو جاتا ہوں۔ جناب چیئرمین! آپ کو استدعا کروں اور آپ سے درخواست کروں کہ

پلا کر گرانا تو سب کو آتا ہے۔
مزہ تو تب ہے کہ گرتوں کو تھام لے ساقی

جناب چیئرمین! آپ پلانے والے نہیں ہیں لیکن آپ سے گزارش یہ ہے کہ آپ مہربانی کر کے ساتھیوں کو کہیں کہ تھام لیں ہم لوگوں کو' جناب چیئرمین! میرا اشارہ ان کالی بھیڑوں اور ذخیرہ اندوزوں کی طرف ہے جو ڈی اے پی اور فرٹیلائزر کو آرام سے ذخیرہ کر لیتے ہیں۔ میں لعنت بھیجتا ہوں ان زمینداروں پر' ان جاگیرداروں پر جو ان کے ساتھ مل کر ذخیرہ اندوزی کا حصہ بنتے

ہیں لیکن ان لوگوں کو اس بات کو باور کرانا ہوگا جناب چیئرمین! کہ ہم کوئی ایسا mechanism evolve کریں کہ ان ذخیرہ اندوزوں سے کسان اور کاشت کار کو دور رکھیں اور کسانوں اور کاشت کاروں کو یہ جو rebate حکومت نے دیا ہے ایک احسن قدم اٹھایا ہے۔یہ ان کو ملنا چاہیے۔

اگلی بات کرتے ہیں sugar industry کی طرف۔ PCP کو sugar import کے لئے سات ہزار پانچ سو ملین روپے کی subsidy دی گئی ہے۔ کیا sugar cartel اس rebate کو ایک غریب کسان اور کاشت کار تک آنے دے رہے ہیں؟ جہاں پر سب سے پہلے اپنی کلاس کو پکڑا۔ زمیندار کو برا بھلا کہا اس جاگیردار کی نشان دہی کی جو اس قسم کی ذخیرہ اندوزی کی لعنت کے اندر پڑا ہے۔ نشے کے اندر دولت کی دھن میں ہے۔ تو اس وقت میں بات کروں گا کہ جو sugar cartel والے ہیں لعنت ان پر بھی ہے۔ میں بات کر رہا ہوں کہ ان کو بھی چاہیے کہ وہ اس بات کا نوٹس لیں۔ ہارون خان ہمارے بھائی بیٹھے ہوئے ہیں ان کو چاہیے کہ oppose کریں کہ ان کی sugar-cane industry کے، کہ جو شوگر ملز والوں میں، industry میں، کچھ کالی بھیڑیں ضرور ہوں گی جناب جو اس قسم کی لعنت کے اندر مبتلا ہیں ان کو بھی expose کریں۔ کون نہیں جانتا کہ شوگر کی جو بوریاں ہیں وہ مختلف گوداموں کے اندر ذخیرہ کی جاتی ہیں۔ کون نہیں جانتا کہ discount کی پرچیاں پہلے sugar-cane mill کے سامنے قطار در قطار ٹریکٹر ٹرالیاں کھڑی ہوتی ہیں۔وہاں پر باہر ایک چھوٹا سا آفس ہوتا ہے جو sugar mill مالک کے کسی نہ کسی قریبی عزیز کا ہوتا ہے اور اس کو کہا جاتا ہے کہ تمہیں جو دس ہزار کی پرچی ملی ہے وہ مجھے دو تجھے تو جب پیسے ملیں گے۔ یہ نو ہزار روپے میرے سے لے لو اور سمجھو تمہارے دس ہزار روپے ہو گئے تو اس غریب کاشت کار کا استحصال جو یہ sugar cartel کر رہی ہے اس کو بے نقاب کون کرے گا یہی ہارون خان کرے گا۔ انشاء اللہ۔

ہاں ایک اہم نقطہ رہ گیا ہے۔ Drip Irrigation Project پچھلے سال وزیر خزانہ صاحب نے بہت نعرے لگائے تھے بانگ دہل کہ جناب! جس irrigation.... (شکر الحمدللہ ان کی بہت لمبی عمر ہے میں نے پیچھے نہیں دیکھا تھا نہ میرے سر کے پیچھے آنکھیں ہیں۔ آ گئے ہیں تشریف لے آئے ہیں۔) Drip Irrigation Project ایک بلین روپے کا یعنی ایک کھرب ہوا ناں۔ ایک کھرب روپے کے فنڈ allocate کئے گئے 2006-07 کے اندر۔ اس Drip Irrigation

1.25 billion have been allocated پر آج تک ایک ٹکا خرچ نہیں ہوا۔ اس دفعہ project
Drip Irrigation میری مختصر گزارش یہ ہے کہ ہمیں نہیں چاہیے وہ for the same project
60% Project سے 80% بہتر طور پر آپ کے water کی utilization کے لیے استعمال ہوتا
ہے۔ ہم لغاریوں کو نہیں چاہیے، ہم بھٹوز کو نہیں چاہیے، نہ تالپوروں کو چاہیے، نہ جتوئیوں کو
چاہیے، نہ ٹوانوں کو چاہیے، نہ شاہ صاحبان کو چاہیے ہم لوگوں کو یہ پراجیکٹ اس وقت چاہیے جب
ٹیکنالوجی کا ٹرانسفر صحیح معنوں میں پہلے غریب کاشت کار کو ملتا ہے۔ غریب کسان کاشت کار کو
drip irrigation project سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا جب تک اس ٹیکنالوجی کو اس level تک
نہیں لے کر جاتے۔ ہم لوگوں کو تو ہو جائے گا۔ ہم لوگوں کو جدید قسم کی land levellers
بھی مل جاتے ہیں لیکن اس غریب کسان کاشت کار کو کیا ملتا ہے۔ جس وقت ایک بڑا زمیندار اس
کے نام کے اوپر، اس کے شناختی کارڈ کے اوپر باقاعدہ طور پر قرضہ حاصل کر لیتا ہے، اس کے بعد
زمیندار تو ہیرو حاصل کر لیتا ہے یا لینڈ کروزر لے لیتا ہے اور غریب کسان کاشت کار کو کچھ
سالوں کے بعد پولیس پکڑ رہی ہوتی ہے۔ پورے سسٹم کو ٹھیک کرنے کی زبردست ضرورت ہے۔
آخر میں، میں ایک ہی بات کروں گا۔ بجٹ اچھا ہے، بجٹ برا ہے میں اس بحث میں نہیں پڑنا
چاہتا لیکن اس قوم کا المیہ آج تک یہی ہے کہ بجٹ کے اندر جو دکھایا جاتا ہے اس کا نفاذ کبھی
نہیں ہوتا۔ پوچھیئے یہاں پر میڈم رزینہ عالم صاحبہ بیٹھی ہیں، ایجوکیشن کی اس وقت یہ چیئرپرسن
ہیں۔ ان سے بعد میں پتا کروائیے کہ جو education sector کے لیے allocation کی گئی وہ
گزشتہ سال کیا تھی۔ آزاد ذرائع کے مطابق utilization 20% ہوئی، بقول ان کے 40% ہوئی۔
ساٹھ فیصد ناگزیر وجوہات کی بنا پر خرچ نہیں ہو سکا۔ جو drip irrigation project ایک بلین کا
تھا ایک ٹکا خرچ نہیں ہوا۔ میں کہتا ہوں کہ بے شک education sector کے اندر بڑھانے کی
بجائے reduction کریں لیکن جتنی figures دکھاتے ہیں کم از کم اس کو استعمال تو کریں۔
یہ میرے پاس پانچ فارم ہیں۔ PC1, PC.2, PC.3,A, PC.3,B, PC.4, and PC.5. پلاننگ
کمیشن کے یہ فارم ہیں۔ پلاننگ کمیشن کے فارموں میں PC.4 and PC.5, کی آج تک کسی نے
completion دیکھی ہے؟ جو monitoring and evaluation کے ہوتے ہیں کہ ان
projects کا end پر فائدہ ہوا، ہوا تو cost benefit ratio کیا بولتی ہے؟ آج تک ہم لوگوں

نے تو نہیں دیکھے یہ جو PC4 and PC5 ہیں یہ غیر ممالک اور غیر ممالک کی جو different agencies ہیں وہ ہمارے projects کے اوپر کر رہی ہوتی ہیں۔ یہ المیہ نہیں ہے۔ آخر میں، میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں، میں مایوس نہیں ہوا، ابھی ایک ہی سال سینیٹ میں ہوا ہے ۔ آخری شعر کے ساتھ میں اجازت چاہوں گا۔

موج بڑھے یا آندھی آئے دیا جلائے رکھنا ہے
گھر کی خاطر سو دکھ جھیلیں، گھر تو آخر اپنا ہے

جناب چیئرمین، رازق خان صاحب آپ بولنا چاہیں گے۔

سینیٹر عبدالرازق، نہیں۔

جناب چیئرمین، اچھا ٹھیک ہے۔ بی بی یاسمین شاہ ۔

سینیٹر بی بی یاسمین شاہ ، شکریہ جناب چیئرمین! بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اتنی جذباتی اور اتنی اچھی تقریر سننے کے بعد کوشش کروں گی کہ اس ماحول کو برقرار رکھوں۔ جناب چیئرمین! آج ہمارے ہاتھوں میں 2007-08 کا بجٹ ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ یہ ایک مکمل فلاحی اور عوام دوست بجٹ ہے لیکن یہاں پر سیدھے ہاتھ پر بیٹھے ہوئے جو ممبران ہیں ان کا کہنا ہے کہ یہ عوام دوست بجٹ نہیں ہے بجٹ آنے کے ایک دن بعد ان کے لیڈران جو باہر بیٹھے ہوئے ہیں ان کی statement اخبار میں آ گئی تھی کہ یہ عوام دوست بجٹ نہیں ہے۔ ظاہر ہے کہ انہوں نے وہی بات کرنی ہے جو ان کے لیڈران نے کی ہے ۔ پارٹی head کے بعد تو یہ بات نہیں کریں گے۔

چیئرمین صاحب! میں صدر صاحب کی قیادت میں اتنا شاندار اور عوام دوست بجٹ پیش کرنے پر شوکت عزیز صاحب کو ، عمر ایوب صاحب کو اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتی ہوں کہ انہوں نے اتنا بڑا بجٹ اپنے ملک کے لیے پیش کیا ۔ جناب عالی! اس بجٹ کی خصوصیات یہ ہیں کہ 15 سے ۲۰ فیصد تنخواہوں میں اور پنشن میں اضافہ کیا گیا ہے جو ایک عام آدمی کے لیے بہت ضروری ہے جس سے ان کے گھر کا چولہا جلتا ہے اور ان کی روٹی روزی کا اس میں گزر ہوتا ہے۔ جناب! اس میں ۵ سے ۱۱ گریڈ کے چھوٹے وفاقی ملازمین کو ترقی دی گئی

ہے۔ میری حکومت سے گزارش ہے کہ نیشنل اسمبلی اور سینیٹ سیکریٹریٹ کے جتنے ہمارے ملازمین ہیں ان کے گریڈ بھی بڑھا دیے جائیں کیونکہ میں سمجھتی ہوں کہ ان کی جو کارکردگی ہے اور ان کی جو محنت ہے وہ کسی اور ملازم سے کم نہیں ہے۔ عام لوگوں کو ریلیف کے لیے ۱۱۴ ارب روپے کی سبسڈی دی گئی ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ یہ بہت بڑی رقم ہے ۔۲۵ ہزار نئے مکانات تعمیر کیے جائیں گے۔یوٹیلٹی سٹورز کا پورے ملک میں جال بچھا دیا جائے گا جس سے خورد و نوش کی اشیا سستے داموں میں لوگوں کو میسر ہوں گی اور یہ بھی عام لوگوں کو اور عوام کو فائدہ پہنچائے گا۔ جناب چیئرمین! 543 ارب روپے کا PSDP کا یہ سالانہ ترقیاتی پروگرام ہے۔ اتنی بڑی رقم ترقیاتی کاموں پر خرچ کرنے کا مطلب بھی یہی ہے کہ ہماری معیشت کتنی مضبوط ہے اور اسی لیے ہماری حکومت کا موقف یہ ہے کہ ترقی جاری رکھنے کے لیے continuity کی ضرورت ہے۔ جناب عالی! GDP میں ہم نے 7.02 کا growth rate حاصل کیا ہے اور یہ بہت بڑی achievement ہے۔ ایگری کلچر میں 1.6 سے بڑھ کر ہمارا جو growth rate 5% ہو گیا ہے اور یہ بھی بہت بڑی achievement ہے ۔ جناب چیئرمین! میرا تعلق کیونکہ رورل ایریا سندھ سے ہے اور دیہات کے لوگوں کا ذریعہ معاش ایگری کلچر ہے اور اس سیکٹر کے بارے میں' میں suggestion دوں گی کہ جو 5% growth agriculture میں ہوا ہے وہ ہماری حکومت کی بہت بڑی achievement ہے ۔اس شعبے میں ابھی بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم نے زراعت پر مطلوبہ توجہ نہیں دی ہے۔ ہمیں خود پتا نہیں کہ زراعت کیا ہے اور اس پر کہاں اور کتنی توجہ دی جائے؟ اکنامک سروے کے مطابق ملک کی آبادی کا ۶۶ فیصد حصہ اس میں بتایا گیا ہے جبکہ عمر ایوب صاحب کی جو تقریر تھی اس میں انہوں نے 7% کا ذکر کیا ہے لیکن میں یہ کہوں گی کہ یہ کم ہے اور یہ figures صحیح نہیں ہیں۔ یہ 70 % کے قریب ہے۔ ہم کھاد پر جو سبسڈی دے رہے ہیں وہ تقریباً ضائع ہو رہی ہے یا یہ کہیں کہ اس کا کسانوں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ رہا ہے۔ حکومت نے 950 ارب روپے DAP پر سبسڈی دی ہے لیکن مارکیٹ میں یہ کھاد available نہیں ہے اور اگر ملتی بھی ہے تو اصل قیمت سے زیادہ ملتی ہے اور بلیک مارکیٹ میں بیچی جاتی ہے ۔اسی طرح یوریا کھاد کی بھی یہی حالت ہے۔ اصل سوال یہ ہے کہ حکومت سبسڈی دے رہی ہے۔ یوریا یعنی کھاد import کر کے اس کی distribution marketing

companies پر چھوڑ دی جاتی ہے جس کو وہ غلط استعمال کرتے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ حکومت یہ سبسڈی براہ راست کسانوں کو دے تاکہ مڈل مین اس کا ناجائز فائدہ نہ اٹھا سکیں۔ وزیر خزانہ صاحب نے کہا ہے کہ بہتر seeds پیدا کرنے کے لیے laboratories قائم کی جائیں گی جن پر 33 کروڑ روپے خرچ کیے جائیں گے۔ میں سمجھتی ہوں یہ بہت ہی حقیر رقم ہے لیکن PSDP paper میں جو تفصیلات دی گئی ہیں جناب! ان کے مطابق اس مرتبہ صرف 2.5 یعنی کہ ڈھائی کروڑ روپے دکھائے گئے ہیں۔ زراعت کے لیے خالص بیج، خالص کھاد اور خالص زرعی ادویات کی شدید ضرورت ہے جس کا ذکر میں ہر بار اپنی budget speech میں ضرور کرتی ہوں کیونکہ میں rural area سے belong کرتی ہوں اور وہاں ہمارے عام لوگوں یا کسانوں کا دارومدار یا خوشحالی کا دارومدار ہے وہ انہی چیزوں پر ہے جناب! لیکن حکومت اس سلسلے میں کچھ بھی نہیں کر رہی۔

دوسرا مسئلہ جناب! ہمارے پاس سندھ میں، آپ بھی سندھ سے belong کرتے ہیں، drainage کا ہے۔ ہمارے ہاں یہ بہت بڑا مسئلہ ہے جس کی وجہ سے ہماری قیمتی زمینیں تباہ ہو جاتی ہیں اور کتنے ہی ایکڑوں پر جو فصل ہوتی ہے وہ تباہ ہو جاتی ہے۔ جناب! اس سلسلے میں World Bank نے LBOD Project شروع کیا تھا لیکن یہ پراجیکٹ ناقص design and planning کی وجہ سے ناکام ثابت ہوا اور اس میں ہمیں کوئی بھی سہولت نہیں ملی۔ جناب! یہ میں نہیں کہہ رہی یہ World Bank کی اپنی رپورٹ ہے کہ ان کا جو investigation panel تھا، ان کی رپورٹ یہ ہے کہ اب اس منصوبے کی rehabilitation ہو رہی ہے لیکن اس کے لیے بہت ہی حقیر رقم رکھی گئی ہے جناب! اور وہ رقم ہے دس کروڑ روپے۔ میں نہیں سمجھتی کہ دس کروڑ روپے میں اتنا بڑا پراجیکٹ مکمل ہو جائے گا یا ہمیں اس کی سہولت ملے گی۔ میں چاہتی ہوں کہ اس کے لیے زیادہ سے زیادہ رقم رکھی جائے۔ World Bnak نے خود کہا ہے کہ یہ flawed منصوبہ ہے اور اس کی rehabilitation نہیں ہونی چاہیے لیکن اگر کرنی بھی ہے تو اس کے لیے کم از کم دو ارب روپے مختص کیے جائیں، یہ جناب! World Bank کی رپورٹ ہے۔ حکومت سے میری گزارش ہے کہ مہربانی فرما کر دیہات میں light کے مسئلے کو حل کیا جائے کیونکہ جناب! یہ بنیادی مسئلہ ہے، عام آدمی کا مسئلہ ہے۔ Light کے بغیر ہمارے ہاں کوئی کام نہیں ہو سکتا،

یہ آپ بھی اچھی طرح جانتے ہیں کہ ان کے ٹیوب ویل چل سکتے ہیں، نہ گھروں میں پنکھے چل سکتے ہیں۔ اس کے لیے میری حکومت سے گزارش ہے کہ زیادہ سے زیادہ ہمارے چاروں صوبوں میں دیہات میں جتنا بھی light کا مسئلہ ہے، اس کو حل کیا جائے اور اس کے لیے زیادہ سے زیادہ فنڈز دیے جائیں۔

جناب! میں تھوڑی سے ایک جھلک پچھلی حکومت کے جو بجٹ تھے، ان کے حوالے سے۔ جناب! 1996-97 میں تمام Social Sector اس میں Education صحت Social Welfare, Population Research, Science and Technology وغیرہ آتے ہیں، ان پر total budget جو ان کا out lay تھا جناب! وہ 8% تھا جبکہ موجودہ حکومت نے 2006-07 میں صرف تعلیم کے لیے جو ٹوٹل GDP کا حصہ رکھا ہے وہ 2.42% ہے جو انہوں نے تعلیم کے لیے خرچ کرنا ہے۔ اب اس سے صاف فرق ظاہر ہو جائے گا۔ 1996-97 میں جناب! ADB کا جو کل سائز تھا وہ انہوں نے ایک سو پانچ بلین روپے کا رکھا تھا جبکہ ہمارا 2007-08 کا PSDP کا سائز پانچ سو بیس بلین روپے کا ہے یعنی چار سو پندرہ بلین روپے زیادہ ہے۔ جب اتنی بڑی رقم خرچ کی جائے گی اور اتنے ترقیاتی کام کیے جائیں گے تو ظاہر ہے اس سے عوام میں خوشحالی بھی آئے گی اور عوام کی بہتری کے کام ہوں گے اور اس سےمعیشت کتنی مضبوط اور stable ہو گی اس کا اندازہ بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔ 1996-97 میں انہوں نے جو subsidy دی تھی، وہ آٹھ ارب روپے کی تھی جب کہ صدر مشرف صاحب کی حکومت میں ایک سو چودہ ارب روپے رکھی گئی ہے۔ میں سمجھتی ہوں جناب! کہ اس بجٹ میں ایسے کافی سیکٹرز ہوں گے جن کو زیادہ توجہ کی ضرورت ہو گی۔ حکومت سے میری گزارش ہے کہ ان sectors کے سلسلے میں نظر ثانی کی جائے اور جہاں جہاں سمجھتے ہیں کہ یہاں اور زیادہ کام کیا جائے یا پیسہ دیا جائے تو میں سمجھتی ہوں کہ حکومت کو اس چیز پر نظر ثانی کرنی چاہیے اور ان sectors کو دوبارہ touch کرنا چاہیے۔ بڑی مہربانی۔ Thank you.

جناب چیئرمین، جاوید علی شاہ صاحب۔

سینیٹر سید جاوید علی شاہ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! یہاں بجٹ کے حوالے سے کئی دنوں سے بہت سی باتیں سننے میں آئیں۔ بجٹ کے موقع پر ایک tradition رہی ہے کہ گو کہ یہ بجٹ اجلاس ہوتا ہے مگر سال میں ایک مرتبہ ہر ممبر کی خواہش ہوتی ہے کہ بجٹ کو بنیاد بنا کر ہر topic پر بات کی جائے، جس میں ملکی حالات بھی شامل ہیں، جس میں ملکی سیاست بھی شامل ہے، جس میں ملکی معیشت بھی شامل ہے، good governance, economy اور تمام وہ چیزیں جو کسی کے دائرہ کار میں آتی ہیں وہ بھی زیر بحث آتی ہیں۔

جناب چیئرمین! آج ہم جن ملکوں کی تقلید کرتے ہیں اور جن کو model اور نمونہ بنا کر ہم اپنے ملک میں جمہوریت کی بات کرتے ہیں، idealism کی بات کرتے ہیں۔ کوئی وقت تھا کہ وہاں بھی جمہوریت جو آج ہمیں نظر آتی ہے اس طرح ہرگز نہیں تھی۔ یہ west ہی تھا کہ جس نے ایک پاکستانی لفظوں میں کالا پانی introduce کرایا، لوگوں کو ان جگہوں پر جیلوں میں بھیجا جہاں کالا پانی ہوتا تھا، کالے سمندر ہوتے تھے اور وہاں سے کسی قیدی کا نکل کر آنا محال ہوتا تھا۔ اس کالا قانون اور اس کالے اوقات کی آخر ایک شام ہوئی اور پھر وہ وقت بھی آیا کہ جب وہ جیلیں ٹوٹیں۔ آج جب لوگ سیرو تفریح کو نکلتے ہیں اور اُن علاقوں میں جاتے ہیں آسٹریلیا، جزائر انڈومان اور Port Haward جہاں وہ جیلیں ہوا کرتی تھیں تو اب وہ ایک history رہ گئی ہے۔ مجھے بھی ایک دفعہ وہاں جانے کا اتفاق ہوا تو وہ شخص جو ہمیں ان جیلوں کے بارے میں بتا رہا تھا، ان قوانین کے بارے میں بتا رہا تھا تو اس نے یہ بھی بتایا کہ اس جیل میں سب سے چھوٹا قیدی ایک بچہ آیا جس کی عمر 6 سال تھی اور اس جیل میں سب سے اہم قیدی Leader of Opposition British Parliament آیا، اور پھر ایک دن وہ آیا کہ جب British Parliament میں ایک Parliamentarian نے ایک sentence کہا اور اس کے بعد فلاسفی change ہو گئی۔ اس نئے فلسفے سے ان جیلوں کی اہمیت ختم ہو گئی۔ اس کے بعد اسمبلیوں نے اپنا کام شروع کیا۔ Will of the people کا احترام شروع ہوا مگر شروع شروع میں جو اسمبلیاں بنیں ان میں بھی اتنی عجیب باتیں ہو جایا کرتی تھیں کہ لوگ، لکھنے والے elite class, intellectuals نے اسمبلیوں اور Parliamentarians کے خلاف کتابیں بھر

ڈالیں۔ اگر مختلف ادوار کی ان لکھی تحریروں کو اٹھا کر دیکھا جائے تو جو کچھ parliament کے خلاف لکھا گیا' اس کا ایک چھوٹا سا نمونہ میں آپ کو یہاں بتانا چاہتا ہوں۔ جناب! یہاں تک لکھا گیا کہ

"پارلیمنٹ سے طوائف الملوکی پھیلتی ہے' Parliament خوانچہ فروش سیاستدانوں کا بازار ہے' Parliament جاہلوں کی ایک مجلس کا نام ہے' Parliament اخبارات کا ایک کھلونا ہے' جمہور کوتاہ اندیش ہوتے ہیں' رائے عامہ ہوتی نہیں بنائی جاتی ہے' Parliament انسانی گمراہی کا مندر ہے' Parliament موقع پرستوں کا ایک ہجوم ہے' انتخابات سے مدبر لوگ پیدا نہیں ہوا کرتے' Parliament بددیانت لوگوں کا تکیہ ہے' Parliament سے party سیاست کو فروغ ملتا ہے۔"

جناب چیئرمین! آہستہ آہستہ جب تسلسل رہا اور ان اداروں نے اپنا احسن طریقے سے کام کرنا شروع کر دیا تو آج ہمیں مختلف قسم کی جمہوریت' مختلف قسم کی parliaments اور یہ ادارے دیکھنے کو ملتے ہیں۔ آج آزادی صحافت اور media کی آزادی کا دور ہے' آج ہم چاہیں بھی تو اس یلغار کو جو قلم میں قوت اور طاقت ہوتی ہے روک نہیں سکتے اور نہ ہی روکنی چاہیئے۔ جناب چیئرمین! ہم کیوں بھول جاتے ہیں کہ جس democracy کی ہم بات کرتے ہیں' وہ democracy کیا چیز ہے؟ اگر میں نے دنیا میں جتنی خوبصورت چیزیں دیکھی ہیں' میرے نزدیک جنت کا تصور اس سے بڑھ کر قطعاً نہیں ہو سکتا اور اسی طرح جمہوریت کی صحیح لذت اگر میں نے نہیں دیکھی تو جناب چیئرمین! مجھے کوئی پتا نہیں کہ جمہوریت کس چیز کا نام ہے۔ یہ کوئی میوہ ہے' یہ پھل ہے یا کوئی اور چیز ہے' میں نہیں جانتا' مگر جناب چیئرمین! یہاں بہت سے لوگ جو مختلف اوقات میں ہمارے colleagues رہے ہیں جس طرح مجھے بھی National Assembly میں دو تین دفعہ آنے کا موقع ملا' میں آج Senate کا Member بھی ہوں' ایسے senior لوگوں کے منہ سے ہم یہ باتیں سنتے ہیں کہ وہ اپنے دور کو بہتر اور ہر دوسرے دور کو تنقید کا نشانہ بناتے ہیں تو پھر ان کی اس intellectual dishonesty پر افسوس ہوتا ہے۔ ابھی یہاں میرے colleague میرے فاضل دوست Member from Abbottabad بات کر رہے تھے' بڑے senior member ہیں' بڑے سمجھدار اور سلجھے ہوئے لوگ ہیں' مگر نہ جانے

ایسا کیوں ہوا ہے کہ لوگ اس بات پر کہ انہوں نے دوسری جماعت کو تنقید کا نشانہ بنانا اور اپنے دور کی تعریف کرنی ہے، جناب! اس کی قسم اٹھا دی ہے۔

جناب! جہاں democracy کی بہت سی definitions ہیں جو مجھے پسند آئیں، وہ یہ تھیں کہ agree to disagree is democracy یہ دو لفظوں کی تعریف ہمیں اس کے حسن سے متعارف کرا دیتی ہے۔ کیا ہی بہتر ہو کہ ہم پورے ملک میں جمہوریت کی بات کرنے سے پہلے اپنی پارٹیوں میں جا کر یہ پوچھیں کہ کیا ہماری party میں democracy ہے؟ جناب! جو میں نے سنا ہے، کہتے ہیں کہ charity begins at home مگر میں آپ کو دعوے کے ساتھ کہتا ہوں کہ اس ملک کی کسی بھی بڑی یا چھوٹی جماعت کی leadership کو ان کی second line تک کوئی آدمی کھری بات منہ پر کر دے تو وہ party leadership اس شخص کو اٹھا کر بحیرہ عرب میں پھینکوا دے گی۔ میں اس بحث میں بھی نہیں پڑنا چاہوں گا کہ میری آنکھوں نے کئی مرتبہ کیا کیا دیکھا، یہ پانچویں مرتبہ ہے کہ میں Parliament کا Member ہوں، اس سے پہلے میں چار مرتبہ National Assembly کا Member رہ چکا ہوں۔ میں نے بہت سے ادوار میں ایسا دیکھا کہ کسی شخص نے اپنی leadership کے سامنے ایک صحیح بات کی تو جناب! اس کے قد کو اس کے سر کی طرف سے چھوٹا کر دیا گیا، میں ایسی بے شمار مثالیں دے سکتا ہوں۔ ایسی بہت سی meetings میں مجھے بیٹھنے کا اتفاق ہوا جس میں ایک چھوٹی سی بات point out کرنے پر بھی لیڈرشپ کی ناراضگی اس حد تک گئی کہ لوگوں کو بلا کر کہا گیا کہ یہ بات کرنے سے پہلے آپ resign کریں۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ democracy صرف کہنے کا نام نہیں، یہ ایک رویے کا نام ہے، ایک attitude کا نام ہے اور جو democracy کی beauty ہے، اس کا حسن ہے اس میں تین چیزیں بڑی اہم ہیں patience, tolerance and flexebility مجھے جو کسی سیاسی جماعت میں نظر نہیں آئیں۔ میں اور بات نہیں کرتا، کل کے دن موجودہ سسٹم کے تحت ہمیں یہ کہا گیا کہ ladies کی seats پر ان کے elections ہوں یا nominations ہوں گی۔ جناب! یہ کیسی جمہوریت تھی پارٹیوں کی کہ ہر پارٹی نے اپنے خاندان کے افراد کو member بنانا مناسب سمجھا ۔ ہر لیڈرشپ نے اپنے family members کو member بنانا مناسب سمجھا۔ کیا ان پارٹیوں کی خواتین اس قابل نہیں تھیں کہ ان کو میرٹ پر رکن بنایا جاتا۔

اور آج جب ملک میں ، میں ببانگ دہل کہتا ہوں اور ایک حقیقت کو جھٹلایا نہیں جاسکتا ، ایک سچائی کو آنکھیں بند کرکے اس سے کنارہ کشی اختیار نہیں کی جاسکتی۔

جناب ! صدر مشرف ایک military ruler کی حیثیت سے آئے مگر ان سے تو ہم توقع لگائے بیٹھے ہیں کہ وہ اس طرز کی جمہوریت ہمیں دے دیں جس طرح برطانیہ میں ہے ' جس طرح امریکہ میں ہے۔ جناب! ہمیں کبھی اس بات کا خیال آیا ہے کہ کسی بھی ملک کی ترقی کا راز سسٹم میں نہیں ہوتا بلکہ consistency in the system میں ہوتا ہے۔اس کی بے شمار مثالیں ہیں۔ China آج دنیا کی leading nations میں سے ایک ہے وہاں democracy نہیں ہے۔جن ملکوں میں Communist system ہے انہوں نے بھی ترقی کی ہے۔ USSR آج نہ سہی، دنیا کی ہستی سے بڑی بڑی سلطنتیں ختم ہوئیں ۔ روم کی سلطنت ختم ہوئی ، سلطنت عثمانیہ ختم ہوئی USSR کل کی بات ہے ختم ہوا۔ اللہ جانے کل امریکہ کا کیا حشر ہو مگر ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ ملک اس لئے ٹوٹے کہ وہاں جمہوریت نہیں تھی۔ جمہوریت کے بغیر بھی ملک چلا کرتے ہیں، جمہوریت کے بغیر بھی ملک ترقی کیا کرتے ہیں۔ چائنا آج دنیا کی اس صف میں کھڑا ہوگیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ imperialist countries کے لئے ایک مسلسل threat ہے۔ میں کہنا یہ چاہتا ہوں کہ اگر ہم جمہوریت کی بات کرتے ہیں تو سب سے پہلے ہمیں اپنی ہی صفوں میں، اپنی ہی لیڈر شپ کا، اپنی پارٹی کا احتساب کرنا چاہیے تب جا کر ہمیں یہ حق ملتا ہے کہ ہم ملک میں جمہوریت کی بات کرسکیں۔میں کہنا یہ چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین،وقت کا خیال رکھیے۔

سینیٹر سید جاوید علی شاہ، میں کہنا یہ چاہتا ہوں کہ کسی بھی ریاست کی جو prime responsibilities ہوتی ہیں چونکہ بجٹ کے حوالے سے بات کر رہے ہیں اور دوسری طرف وقت بڑی تیزی سے گزر رہا ہے۔ جب ہم بات کرنے لگتے ہیں تو مجھے لگتا ہے کہ سوئیاں تیز چلنا شروع ہوجاتی ہیں۔

جناب چیئرمین، وقت آپ سے بھاگ رہا ہے یا آپ سے اس کو لگاؤ ہے۔

سینیٹر سید جاوید علی شاہ، جناب چیئرمین! میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ کسی بھی ریاست کی جو prime responsibilities ہیں وہ دو ہیں۔ ایک لوگوں کے جان و مال کا تحفظ اور دوسرا لوگوں کو روٹی فراہم کرنا۔ جان و مال کا تحفظ پورے ملک میں امن کے پیچ کے ساتھ مربوط ہے اور اسی طرح روٹی کا دینا یا مہیا کرنا کسی بھی نوجوان کو روزگار مہیا کرنے سے مشروط ہے۔ میں کہتا ہوں اگر یہ دو چیزیں جو مل کر کسی بھی ملک میں اس فلسفے کی بنیاد بنتی ہیں جس کے لئے ریاست وجود میں آتی ہے یا جس کے لئے Government بنتی ہے۔اور میرے نزدیک welfare of the people سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں ہے۔ Social justice سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان چیزوں کے حصول کے لئے جان و مال کے تحفظ کے لئے ' امن کے قیام کے لئے ' سوشل جسٹس کے لئے ' روٹی اور روزگار کے لئے اگر ہمیں صحیح طریقے سے کوشش کرنی ہے تو پھر ہمیں چند باتوں پر عمل کرنا ہو گا۔

جناب! دنیا میں جتنے بھی بڑے مفکر آئے جہاں انہوں نے روٹی اور کپڑے کی بات کی وہاں انہوں نے امن کی بات بھی کی ۔ یہ الگ بات ہے کہ بھٹو نے اس نعرے کو روٹی' کپڑا اور مکان میں بدلا۔ مگر آپ کو اگر کسی ایسے قلعے میں بٹھا دیا جائے جس کے باہر سات دیواریں ہوں اور ان سات دیواروں کے باہر امن نہ ہو تو وہ مکان کسی کام کا نہیں ہوا کرتا جناب چیئرمین! میں کہنا یہ چاہتا ہوں کہ آج ہمارے ملک پر اور خاص کر ان اسلامی ممالک پر جن پر امریکہ نگاہ رکھتا ہے ان کو ایک terrorist country قرار دیتا ہے۔ پاکستان جو کہ ایک Atomic Power بھی ہے اور اسلامی ریاست بھی ہے۔ اگر اپنے تمام بنیادی حقوق اور تمام جمہوری انداز رکھنے کے باوجود بوسنیا کو معاف نہیں کرسکتا ۔ انہوں نے اس ریاست کو کبھی معاف نہیں کرنا جس کے پاس ایٹم بم بھی ہو اور وہ اسلام کا پرچار بھی کرتا ہو۔ حضور! کہنا یہ چاہتا ہوں کہ ہمیں 1990ء کے surprises کی طرف دیکھنا چاہیے کہ unification of Germany کے بعد 'جرمنی اور جاپان کے pact کے بعد امریکہ کو یہ خطرہ لاحق ہو گیا تھا کہ oil field پر جو ملک پہلے پہنچ جائے گا next world war وہ جیتے گا۔ یہی وجہ تھی کہ انہوں نے طریقے سے عراق کے ذریعے annexation کرائی کویت کی اور اسی کو بہانہ بنا کر آج کویت بھی ان کے پاس ہے' آج

عراق بھی ان کے پاس ہے ' آج ایران پر بھی ان کی نظر ہے ۔ آج Syria کو بھی اپنے لئے امریکہ threat محسوس کرتا ہے اور آج ہمیں بھی چند وہ چیزیں کرنی پڑ رہی ہیں۔ ممکن ہے وہ back date decisions ہوں جو ہماری حکومت کو لینے پڑے۔ مگر ہم خودکفیل ملکوں میں سے نہیں۔ Under developed country کا یا حکمران اگر اپنی دانشمندی سے وہ راستہ اختیار کرتا ہے جس سے سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے تو پھر اس صدر کو یہ کہنا کہ یہ امریکہ کا آلہ کار ہے۔ میں سمجھتا ہوں اس صدر کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔ مجھے بتائیں اگر یہاں کوئی بھی حکومت ہوتی ۔ آپ کسی بھی لیڈر کا نام لیں اس کو بھی یہی راہ اختیار کرنا پڑتی حضور۔ ہم طاقتور بن کر دکھاتے ہیں۔ اس وقت ہم سپرپاور سے بھی زیادہ طاقتور سمجھتے ہیں۔ جب ہم کوئی صدا لگانے پر آتے ہیں تو پھر ہمارے کشکول ہر جگہ پھر رہے ہوتے ہیں۔ اس وقت ہمیں امریکہ کی aid بری نہیں لگتی۔اس ملک میں ' میں نے وہ بھی لیڈرشپ دیکھی ہے جو دن رات امریکہ کو تنقید کا نشانہ بناتی ہے اور ان کی اپنی اولاد ان کے بچے سارے امریکہ میں تعلیم لے رہے ہوتے ہیں۔ جناب! ہمارے یہ double standards ہیں اور کسی بھی سوسائٹی میں ' کسی بھی under developed countries میں جو چیزیں زیادہ اہمیت اختیار کر جاتی ہیں وہ uncertainty اور double standards ہوتے ہیں۔ جناب! ہم نے کبھی یہ سوچا ہے کہ اس ملک میں یہ ذخیرہ اندوزی' یہ بے چینی' یہ پریشانی اور قناعت سے دوری کی وجہ کیا ہے؟ جناب! جس ملک میں system consistency نہ ہو وہاں uncertainty ہوتی ہے اور وہاں کا ممبر ' وہاں چاہے اسمبلیوں میں بیٹھے ہوں ' یا لوکل باڈیز کے اداروں میں بیٹھے ہوں ' چاہے کوئی نوکری پیشہ ہو ۔ جب اس کو یہ بے یقینی ہو جاتی ہے کہ میری کل کیسی ہوگی تو وہ اس uncertainty کا شکار ہوکر ہر شخص corruption کرتا ہے ۔ سوسائٹی double standards کا شکار ہو جاتی ہے-----

جناب چیئرمین، ختم کریں اور بھی کافی مقرر ہیں۔

سینیٹر سید جاوید علی شاہ ، بس جی میں اپنی بات ختم کرنے لگا ہوں۔ جناب! جب کبھی انہیں کوئی آزادی ملتی ہے تو پھر ان societies میں اس آزادی کا ناجائز استعمال بھی

ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ جناب! جس طرح آپ نے سنا ہوگا powers corrupts and absolute power corrupts absolutely. بالکل اسی طرح آج آپ کسی کو آزادی دے دیں ایک دفعہ وہ اس کا اس طرح استعمال کرے گا۔ اس ادارے میں، اس ادارے کی dictatorship نظر آنا شروع ہو جاتی ہے۔ آپ نے میڈیا کو آزادی دی۔ میڈیا کا احترام سر آنکھوں پر جناب! میڈیا کے بغیر ملک ادھورے ہوتے ہیں۔ ریاستیں ادھوری ہوتی ہیں۔ Media is the fourth pillar ہمارے جیسے ملکوں میں جب یہ آزادی تھوڑا سا زور پکڑتی ہے تو پھر میڈیا کی dictatorship شروع ہو جاتی ہے۔

اور تیسرا اگر آج اس ادارے کو آزادی دے دی جائے تو ہماری dictatorship شروع ہو جائے گی۔ ہمیں درمیانی راہ اختیار کرکے چیزوں کے فیصلے کرنے چاہئیں اور لوگوں کو توقعات بھی اس قسم کی رکھنی چاہئیں کہ ہم idealism کی تلاش اس وقت کریں جب ہمارے سارے ادارے اپنی اپنی جگہ صحیح کام کر رہے ہوں۔ آج اسمبلیوں سے یہ توقع رکھنا کہ وہ deliver کریں۔ سیاستدان ہر دن لوگوں سے گالی کھاتا ہے اور ہم سیاسی ورکر ہیں اور ہمیں پتا ہے کہ ہمیں کتنی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور لوگوں کو پتا نہیں ہوتا کہ یہ سیاستدان کتنی موج میلے کرتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ پتا نہیں ان کے دن رات کس طرح گزرتے ہوں گے۔ ہم دوسری طرف سے سوچتے ہیں کہ ہمیں اس دلدل میں کس نے پھینکا تھا۔ ہم اس سے نکلنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جناب چیئرمین! میں بات شاید بہت لمبی کر چکا ہوں، میں آج کے حوالے سے اب تھوڑا سا مسائل کی طرف بھی نشان دہی کرنا چاہوں گا۔

جناب چیئرمین، جلدی کریں شاہ صاحب بہت ٹائم لے لیا اور بھی بہت ساتھی ہیں۔ آپ کو خود احساس ہونا چاہیے۔

سینیٹر سید جاوید علی شاہ، میں یہ suggest کروں گا کہ education پر ہمیں سب سے زیادہ توجہ دینی چاہیے۔ یہ اکیلا میری constituency کا مسئلہ ہے، نہ میرے علاقے کا مسئلہ ہے، نہ یہ سرائیکی بیلٹ کا مسئلہ ہے، نہ یہ سدرن پنجاب کا مسئلہ ہے بلکہ جو میں نے سنا اور دیکھا ہے، education is the only common factor amongst the developed nations

دنیا کی developed countries میں کوئی چیز آپ common نہیں پائیں گے مگر education واحد چیز ہے۔ جناب! Chinese کی ایک saying ہے کہ،

"If you want to plan for one year grow rice, if you want to plan for ten years grow trees and if you want to plan for hundred years educate your people".

جناب! دنیا نے آج ثابت کر دیا ہے کہ education ہی واحد چیز ہے جس سے قومیں ابھرتی ہیں۔ جناب! سائنس اور ٹیکنالوجی کی مد میں ہم چار روپے رکھنے کو تیار نہیں ہوتے اور توقع رکھتے ہیں کہ اس ملک میں کوئی انقلاب آ جائے، جناب! ایسا قطعاً نہیں ہونے لگا۔ آج multinational companies آپ کو کوئی چیز دیتی ہیں تو ٹیکنالوجی دینے سے گریز کرتی ہیں اور دوسری طرف سے ہم under developed country ہونے کے باوجود سائنس اور ٹیکنالوجی کی طرف توجہ نہیں دیتے۔

جناب چیئرمین، شاہ صاحب وقت کا خیال رکھیے مجھے پھر دوسرے سپیکر کو نہ بلانا پڑے جو تجاویز ابھی آپ دے رہے ہیں پہلے دے دینی چاہیے تھیں۔

سینیٹر سید جاوید علی شاہ، جناب! میں اپنی بات ختم کرنے لگا ہوں۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا بے حد مشکور ہوں کہ آپ نے اتنی دیر تک میری باتیں برداشت کیں اور سنیں۔ میں کہنا یہ چاہتا ہوں کہ ہماری حکومت کو، کیونکہ یہ ایک زرعی ملک ہے، fertilizers, pesticides اور وہ basic machinery جس کے بغیر عام چھوٹا کاشت کار بھی گزارا نہیں کر سکتا اس کے بنانے کا بندوبست اپنے ملک کے اندر کرے بجائے اس کے کہ ہم چائنا سے یا دوسرے ملکوں سے یہ pesticides and fertilizers لیتے پھریں اور چھوٹی machinery کے لیے ہم دوسرے ملکوں کا سہارا لیں، ان پر زرمبادلہ خرچ کریں۔ ہمیں ان چیزوں کو اپنی قوت اور توانائی خرچ کر کے اپنے ملک میں پیدا کرنی چاہیے تاکہ ہم کاشت کاری میں خود کفیل ہوں۔ جناب! ملتان کے نزدیک دریائے چناب بہتا ہے اور ہمارا ایک بہت پرانا مطالبہ ہے کہ شجاع آباد اور خانیوال کے درمیان اگر bridge بنا دیا جائے تو اس سے دو ڈسٹرکٹ بھی مل جائیں گے اور

شیر شاہ bridge کے بعد یہ ایک check and defence line کا کام بھی وہ دے گی اور دونوں ضلعوں کی تجارت میں بھی اضافہ ہو گا۔ میں انہی الفاظ کے ساتھ اپنی گفتگو ختم کرتا ہوں اور اس توقع کے ساتھ کہ انشاء اللہ ہماری حکومت نے پہلے بھی بہت بہتر کام کیے اور ان چیزوں کو مدنظر رکھ کر ملکی مسائل کو حل کرنے میں پہلے ملک کو ترجیح دیں گے اور پھر کسی کی ذات کو ترجیح دیں گے۔ میں اپنی بات ختم کرتا ہوں اور خواجہ غلام فرید جو ہماری سرائیکی بیلٹ کے بہت بڑے شاعر ہیں' میں کسی مایوسی کا شکار نہیں ہوں اسی لیے ان کا شعر پڑھنا ضروری سمجھتا ہوں۔ وہ کہتے ہیں کہ

ہن تھی فریدا شاد ول — مونجھاں کوں نہ کر یاد ول

جھوکاں تھیسن آباد ول — دریا نہ واہندے ہِک منی

کدے ایہہ منی — کدے اوہ منی

جناب چیئرمین، میں ارکان سے درخواست کروں گا کہ مہربانی کر کے وقت کی قلت کو اور اپنے دوسرے ساتھیوں کے مواقع کا احترام کریں جو تجاویز ہیں' جو آپ کے اپنے specific مسائل ہیں ان کا پہلے ذکر کریں' پھر اگر ٹائم ہو تو آپ جنرل باتیں کر لیں تاکہ سب کو موقع مل سکے۔ مسٹر سلیم سیف اللہ خان۔

سینیٹر سلیم سیف اللہ خان (وفاقی وزیر برائے بین الصوبائی رابطہ)، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں تو بہت ہی کم بولتا ہوں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر ہم سچ بولیں تو ہمارے اس طرف کے colleagues ناراض ہوں گے اور جھوٹ بولیں تو اللہ ناراض ہو گا اس لیے اکثر کم ہی بولتا ہوں۔ بہر حال بجٹ ایک اہم موضوع ہے اور اس پر اپنا اظہار خیال کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ عمر ایوب اس وقت موجود نہیں ہے' وہ میرا بھانجا بھی ہے۔ میں State Minister for Finance Omar Ayub اور ان کی team سب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ جناب چیئرمین' کیونکہ خود بھی میں چار سال صوبائی وزیر خزانہ رہا ہوں کہ چپڑاسی سے لے کر اوپر Minister تک کتنی اس میں محنت ہوتی ہے اور کتنا کام ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین! President مرحوم ضیاالحق صاحب کی یہ خوش قسمتی تھی کہ ان کو

ایک اچھا وزیر خزانہ، غلام اسحاق خان کی شکل میں ملا اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ جنرل پرویز مشرف کی بھی خوش قسمتی ہے کہ انہیں شوکت عزیز صاحب کی شکل میں ایک اچھا وزیر خزانہ ملا۔ ہم بھی اس ملک کے رہنے والے ہیں۔ کچھ یہ ہے کہ ہماری memory ذرا short ہے اور مجھے یاد ہے کہ ایسا بھی وقت ہوا کرتا تھا کہ سو ڈالر کے لیے، اگر ہم باہر کے ملک میں جانا چاہتے تھے تو State Bank کے پاس درخواست جاتی تھی اور یہ ایک لمبا procedure ہوتا تھا۔ اگر ہم غیر ملکی tour پر جانا چاہتے تھے تو ٹکٹ کے لیے ہمیں کیا کچھ کرنا پڑتا تھا۔ آج الحمدللہ ایسا نہیں ہے اور یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے کہ پندرہ بلین ڈالر آج آپ کے reserves ہیں۔ یہ اس قوم کی محنت ہے لیکن ساتھ ساتھ یہ حکومت کی رہنمائی ہے اور اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہے کہ آج ہمارے foreign exchange reserves پندرہ بلین ڈالر سے بڑھ گئے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں زیادہ detail میں نہیں جاؤں گا۔ کافی باتیں ہوگئی ہیں اور بڑی اچھی اور مفید تجاویز اس side سے بھی آئی ہیں، یہاں سے بھی آئی ہیں۔ ملک کا وقار یا ایک انسان کا اس کی direct bearing یا مالی حالت سے بھی ہوتا ہے۔ اگر ایک ملک مقروض ہو، اس پر قرض ہو تو in the comity of nations اس کی وہ position نہیں ہوتی ہے ان کے مقابلے میں جن کی economy بہتر ہو۔ آج پاکستان کا جو وقار ہے، جو position ہے، میں آپ کو بے شمار تنظیموں کا نام دے سکتا ہوں کہ آج ہم کس کس تنظیم کے ممبر ہیں۔ آج جو یہ غیر ملکی Heads of State, Heads of Government پاکستان میں آ رہے ہیں تو اس کی ایک بنیادی وجہ یہ بھی ہے کہ ہماری معیشت میں استقامت اور بہتری آئی ہے۔

میں حیران ہوتا ہوں یہ بھی سنتے ہوئے ٹی وی پر، نیشنل اسمبلی میں اور یہاں پر بھی کہ جی باہر سے کوئی کہتا ہے ساٹھ بلین ڈالر آئے ہیں، کوئی کہتا ہے پچاس بلین ڈالر آئے ہیں، 65 بلین آیا ہے، 9/11 کی وجہ سے، فلاں وجہ سے۔ جو بھی ہے 9/11 کوئی پاکستان نے یا جنرل پرویز مشرف نے اس کو engineer نہیں کیا تھا۔ وہ ایک واقعہ ہوا جو ایک challenge تھا جس میں پاکستان کے لیے challenge تھا۔ اس challenge کو اگر opportunity میں ایک شخص اور ایک قوم نے اس کو تبدیل کیا تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کی تو تعریف ہونی چاہیے کہ ہم باہر سے اتنی بڑی رقوم اس ملک میں لانے کے قابل بنے۔ ہمارا ایک اور بڑا سانحہ جو earthquake ہوا

اور یہ ایک بہت بڑا challenge تھا۔ پاکستان کی تاریخ میں اتنا بڑا challenge شاید ہمیں درپیش نہیں ہوا national disaster کی شکل میں اور اس چیلنج سے بھی نمٹنا حکومت کی ایک کامیاب پالیسی تھی کہ اس کو حکومت نے ایک opportunity میں تبدیل کیا اور Donors Conference بلائی گئی جہاں پر ہم نے ان سے گزارش کی کہ پانچ یا ساڑھے پانچ بلین ڈالر کی ہماری ضرورت ہے۔ چونکہ donors کو ہم پر اعتماد تھا کہ رقومات صحیح استعمال ہوں گی، کسی کی جیب میں نہیں جائیں گی چنانچہ تقریباً بلین ڈالر کی commitments ہوئیں اور پاکستانی قوم نے جس طریقے سے اس کا مقابلہ کیا وہ آپ کے علم میں بھی ہے اور سب کے علم میں ہے۔

جناب چیئرمین! مجھے اس پر افسوس ہوتا ہے کہ جب Donors Conference میں اپوزیشن کے قائدین کو بھی دعوت دی گئی تو انہوں نے بائیکاٹ کیا۔ یہ صرف حکومت پاکستان کا کام نہیں تھا بلکہ یہ ہم سب کی ذمہ داری تھی، ہر ایک کی ذمہ داری تھی کہ ہم اس سانحہ میں جن کو نقصان پہنچا، جن کی جانیں گئیں ان کی مدد کریں۔ جب آدمی سچ بولے تو کچھ لوگ ناراض بھی ہوتے ہیں۔ آپ کہتے ہیں کہ 9/11 کی وجہ سے، یہاں پر پروفیسر صاحب بھی ہیں اور 85ء سے ہم سینیٹ میں ہیں۔ برا نہ مانیں جماعت اسلامی اور جمعیت کے یہاں پر قائدین تشریف فرما ہیں جائیں کہ کبھی آپ کی بھی اتنی تعداد اسمبلیوں میں آئی ہے پاکستان کی تاریخ میں۔ ہم تو سمجھتے ہیں کہ یہ 9/11 کی برکات ہیں کہ افغانستان میں جو حملہ ہوا اس کی وجہ سے آپ کو پورے پاکستان میں --- اور اتنی بھاری تعداد میں آج آپ سینیٹ میں موجود ہیں اور آپ نیشنل اسمبلی میں موجود ہیں اور صوبہ سرحد میں آپ کی حکومت ہے۔ جناب والا earthquake اگر یہ نہ ہوتا تو شاید ہماری growth سات کی بجائے ساڑھے سات فیصد ہوتی۔ میں سمجھتا ہوں کہ پھر بھی مسلسل سات آٹھ ساڑھے چھ فیصد کی growth ایک بہت بڑا کارنامہ ہے اور حکومت نے اس کام پر پینتیس بلین روپے مختص کیے ہیں۔ جناب چیئرمین! بلوچستان کے متعلق بہت باتیں ہوئی ہیں اور مجھے افسوس بھی ہوتا ہے کہ بلوچستان میں اس وقت ایک focus ہے اور میں یہ نہیں کہتا کہ ہم آپ پر کوئی مہربانی کر رہے ہیں۔ یہ آپ کا حق ہے جو آپ کو ملنا چاہیے تھا۔ اگر آپ ADP اٹھا کر دیکھیں جو ہمارا Annual Development Programme ہے PSDP کا، اس کا ایک بڑا حصہ آج بلوچستان میں صرف کیا جا رہا ہے۔ آج جو آپ کا کوٹہ ہے، جو ساڑھے تین

فیصد ہے، آپ کو فوجی سروس بھی نہیں دی جا رہی تھی ، اسے بڑھا کر، آپ کا حق تو پانچ فیصد بنتا تھا لیکن ماضی کی تلخیوں کو دور کرنے کے لیے اسے چھ فیصد کیا گیا۔ آپ نے صحیح فرمایا کہ آپ کے ٹیوب ویلز کے قرضوں کو معاف کرنے کا پرویز مشرف اور حکومت نے اعلان کیا۔ اگر اس پر کوئی عملدرآمد نہیں ہو رہا تو اس پر ہم انشاء اللہ کوشش کریں گے اور وہ بھی پانچ چھ بلین روپے ہیں، یہ نہیں ہے کہ وہ پانچ چھ کروڑ روپے کا نسخہ ہے۔ یہ وعدہ ہم نے کیا اور انشاء اللہ ہم اس وعدے کو پورا کریں گے۔ آج بلوچستان میں جس رفتار سے کام ہو رہا ہے، ہماری کوشش ہو گی کہ اس سپیڈ کو اور زیادہ بہتر کریں۔ چاہے وہ سڑکیں ہیں، چاہے وہ یونیورسٹیاں ہیں ، چاہے ہسپتال ہیں، چاہے وہ روزگار ہے ۔ ایک بہت بڑی تعداد میں روزگار اور روزگار کے متعلق حکومت نے جو سکیمیں پیش کی ہیں، میں اس کی بھی تعریف کروں گا۔ ہمارے بے روزگار graduates, جنہوں نے سولہ سال تعلیم حاصل کی ہے، ان کو دس ہزار روپے ۔ پہلے بھی ہم نے حکومتیں دیکھی ہیں، مجھے وہ وقت یاد ہے جب میاں نواز شریف صاحب وزیر اعلیٰ تھے اور محترمہ کی حکومت تھی اور جب ان کے سکریپ سے بھرے ہوئے جہاز آرہے تھے ، ان کو پورٹ پر روکا گیا تاکہ میاں نواز شریف کو مالی نقصان دیا جائے اور جب میاں صاحب حکومت میں آئے تو انہوں نے یہی کام پیپلز پارٹی والوں کے ساتھ کیا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی موجودہ حکومت کی صحیح حکمت عملی ہے کہ بلا امتیاز، انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ مسلم لیگ ہے ، یہ ایم کیو ایم ہے، یہ پیپلز پارٹی ہے یا کون سی ہے، جو بھی آیا اور اس نے یہاں پر investment کرنے کی کوشش کی ہے، حکومت نے اس کا ساتھ دیا ہے اور یہ نہیں پوچھا کہ جی آپ کا تعلق کس جماعت سے ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی موجودہ حکومت کی ایک اچھی پالیسی ہے۔ جناب والا! یہ بھی سننے میں، ایک popular slogan بن گیا ہے کہ جی غریب سے غریب تر ہو رہے ہیں امیر سے امیر تر ہو رہے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی ایک تقسیم ہے۔ جناب چیئرمین! کوئی کالا ہے، کوئی سفید ہے۔ کسی کا قد بڑا ہے، کسی کا چھوٹا ہے۔ کسی کو زیادہ دولت کسی کو کم لیکن اگر آپ چاہتے ہیں کہ اس ملک میں کارخانے لگیں، اس کے لیے آپ کو ایک breed ہے industrialists کی، ان کو آپ نے آگے بڑھانا ہے۔ جناب چیئرمین! شاید ہمارے ملک کا امیرترین، جو پرائیویٹ سیکٹر کا، میں یہی کہوں گا کہ جو ایم سی بی کے مالک ہیں، منشا صاحب، شاید سب سے زیادہ دولت مند

پاکستانی ہوں۔ انڈیا کے ایک ٹاٹا کی دولت پانچ سو منشا سے بھی زیادہ ہو گی۔ ایک امبانی کی دولت اس سے زیادہ ہو گی۔ ایک مرزا کی دولت اس سے زیادہ ہو گی تو یہ آپ کا قومی اثاثہ ہے۔ یہ لوگ جو اس مقام پر پہنچتے ہیں اور جو بینک بنا رہے ہیں۔ جو انڈسٹری لگا رہے ہیں۔ جو ٹیلی کام میں آ رہے ہیں۔ ان پر نکتہ چینی کرنا ' ان کو برا بھلا کہنا میں سمجھتا ہوں یہ بھی مناسب نہیں ہے لیکن آپ دیکھیں کہ حکومت نے بیت المال قائم کیا ہے اس کا پیسہ کس کے پاس جاتا ہے؟ امیروں کی جیب میں نہیں جاتا' جو پانچ ارب روپے تھا اس کو بجٹ میں ساڑھے سات ارب روپے کر دیا گیا ہے اور چونکہ بیت المال تنظیم کے پاس اتنا infrastructure نہیں ہے ورنہ اس کو ہم دس بلین روپے کرنے کے لیے بھی تیار ہیں۔ اگر یہ ساڑھے سات بلین روپے استعمال ہو گئے تو اس کو اور بڑھا دیں گے اور یہ غریب سے غریب ترین طبقے کو دیا جاتا ہے۔

آپ کی per capita income 430 dollar تھی' چند سال پہلے 935 dollar ہو گئی اور اگلے سال انشاء اللہ 1000 dollar ہو جائے گی۔ یہ بھی ایک پیمانہ ہے جس کو ہم استعمال کرتے ہیں۔

جناب والا! NFC Award کے بارے میں بھی بہت سی باتیں ہوئی ہیں اور میں اس سے اتفاق کرتا ہوں کہ صوبوں کی یقیناً جو percentage ہے وہ بڑھنی چاہیے۔ ہمارے revenues 330 billion rupees سے بڑھ کر 850 billion rupees تک اس سال انشاء اللہ ہوں گے۔ اس وجہ سے بھی صوبوں کو زائد رقومات مختص کی جا رہی ہیں۔ اس سال تقریباً 500 billion rupees will go to the provinces. لیکن یہ کہنا کہ صدر پاکستان نے آئین سے ہٹ کر یہ ایوارڈ دیا ہے یہ بھی مناسب نہیں ہے ۔ آئین میں ان کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ اگر صوبے یا فیڈریشن آپس میں مل کر نہیں دے سکتے تو صدر صاحب دے سکتے ہیں لیکن پھر بھی میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس بات پر سوچنا چاہیے کہ اگر انڈیا ساٹھ سال میں ہر پانچ سال بعد این ایف سی کے بارہ ایوارڈ دے سکتی ہے تو پاکستان میں ہم نے اب تک کیوں سات این ایف سی ایوارڈ دیے ہیں؟ صوبوں اور مرکز کو مل کر کوئی ایسا فارمولہ لانا ہوگا کہ جو صرف آبادی کی بنیاد پر نہیں ہونا چاہیے۔ اس سال 2007 میں این ایف سی کا نیا constitution ہو گا۔

جناب والا! پانی کے متعلق CCI نے ایک فیصلہ دیا ہے جس میں پانی کو صوبوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ہم جب بھی ڈیمز کی بات کرتے ہیں تو بدقسمتی سے ہمارا آپس میں اعتماد کا کچھ فقدان ہے اور ہو سکتا ہے کہ اس فقدان کی وجوہات بھی ہوں۔ اس فقدان کو دور کرنے کے لیے ایک یہ تجویز بھی ہوسکتی ہے کہ جو ایوارڈ دیا گیا تھا اس کو آئینی تحفظ دیا جائے تاکہ بلوچستان، سندھ، پنجاب اور سرحد کو پتا ہو کہ ڈیمز جہاں بھی بنیں لیکن ہمیں اتنا پانی ضرور ملے گا کیونکہ ہمیں ڈیمز بنانے کی سخت ضرورت ہے ۔ بجلی کا بحران ہے اور پانی کا بھی ہوسکتا ہے، اس سال تو اللہ تعالیٰ نے مہربانی کی اور کافی بارش ہوئی۔

جناب والا! میری کچھ تجاویز ہیں ۔ باتیں تو بہت ہیں لیکن آپ کے کہنے سے پہلے کہ آپ کا وقت ختم ہوگیا میں اپنی تقریر ختم کردوں گا۔

ایک تجویز یہ ہے کہ Vision 2030 میں کراچی کی آبادی تین کروڑ ہو جائے گی۔ اب تین کروڑ کا شہر، اس کے کتنے مسائل ہوں گے؟ ہمارے planners کو اب نئے شہر بنانے کی طرف بھی سوچنا چاہیے ۔ اسلام آباد بھی الحمدللہ ایک نیا شہر ہے اور ہمیں اب سوچنا چاہیے کہ on the right bank of the Indus جہاں پر زمین زیادہ ہے اور آبادی کم ہے وہاں پر نئے شہروں کو آباد کیا جائے۔

میرے بعض دوستوں نے برآمدات کے متعلق بھی بات کی ۔ میرے خیال میں اگر ہم اسی خوش فہمی میں رہے کہ باہر سے labour کا 5 billion remittance آ رہا ہے، 6 billion direct investment آ رہی ہے ، privatization proceeds آ رہی ہیں تو میرے خیال میں کسی وقت، جیسا کہ بھنڈر صاحب نے درست کہا کہ اس میں کمی بھی آ سکتی ہے تو اس لیے ضرور برآمدات کی طرف توجہ دینی چاہیے اور 17, 18 billion dollars کی exports پاکستان جیسے ملک کے لیے جیسی کہ ہماری location ہے، ہمارے جو مختلف assets ہیں ان کے لیے کم ہے۔ برآمدات کے لیے خصوصی پیکج کا اعلان کیا جائے تاکہ برآمدات کو ہم بڑھا سکیں۔

جناب والا! آخر میں، میں اپنے صوبے کے متعلق یہ کہوں گا کہ بدقسمتی ہے کیونکہ وہاں کا law and order بالکل اب نہ ہونے کے برابر ہے اور وہاں پر اس وقت کوئی خاص

investment صوبہ سرحد میں نہیں ہو رہی ہے اس کے لئے بھی حکومت کو چاہیے کہ کوئی خاص incentives دیئے جائیں صوبہ سرحد میں اور پھر جو میرا ضلع ہے میں اس پر وزیر اعظم پاکستان کا مشکور ہوں کہ انہوں نے جو دو نئے grid stations جو سخت ضرورت ہے اس علاقے کی، گرم علاقہ ہے، میں تو ہمیشہ یہ کہتا ہوں کہ بجلی ہمیں زیادہ گرم علاقے کی طرف دیں اورگیس سرد علاقوں میں دینی چاہیے۔ Planners کو یہ چیز ذہن میں رکھنی چاہیے۔ میں اس پر بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے دو grid stations لکی مروت کے لئے رکھے ہیں اور جو cadet college منظور ہوا ہے اور اس کے علاوہ جو گیس پر پہلی مرتبہ کوہاٹ، کرک، بنوں، لکی مروت، ٹانک میں جو کام ہو رہا ہے اس پر بھی میں حکومت پاکستان کا مشکور ہوں۔ شکریہ جناب۔

Mr. Chairman: Pari Gul Agha Sahiba.

سینیٹر آغا پری گل، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم--- جناب چیئرمین صاحب! آپ کا بہت بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ میں سب سے پہلے President of Pakistan جناب پرویز مشرف صاحب کو، اور وزیر اعظم پاکستان شوکت عزیز اور اپنے صدر چوہدری شجاعت حسین صاحب کو اور اپنے بھائی عمر ایوب صاحب کو مبارکباد پیش کرتی ہوں کیونکہ آج تک میرے Chairman Senate کا نام کسی نے نہیں لیا تو مجھے ذرا زیادہ محسوس ہو رہا تھا تو میں آپ کو بھی مبارکباد پیش کرتی ہوں کیونکہ آپ کا بھی اچھا خاصا role اس بجٹ میں ہے کہ جو صبح سے شام تک ہمارے ساتھ ہماری لڑائیاں، فساد سب برداشت کر کے سہتا رہتا ہے تو سب سے زیادہ مبارکباد کے مستحق چیئرمین سومرو صاحب ہیں۔

جناب چیئرمین صاحب! چونکہ بجٹ پر بہت زیادہ بحث ہوئی اور یہاں کے میرے colleagues اور وہاں کے colleagues نے اپنے اپنے تاثرات بیان کئے۔ میں صرف ایک بات پوچھنا چاہتی ہوں کہ جو ہم نے اس سے پہلے اتنی تجاویز دیں اور میرا خیال ہے ان لوگوں نے بھی، میں صرف یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ ہم نے جتنی بھی تجاویز اپنے علاقہ کے لئے دیں وہ تجاویز ہماری کہاں گئیں؟ دوسری بات جس میں کافی ہمارے علاقوں کے مسائل تھے۔

جناب چیئرمین! یہ بہت اچھا بجٹ ہے۔ بالکل سچ کو سچ بولنا چاہیے، غلط کو غلط بولنا چاہیے۔ اس پر بہت زیادہ محنت کی گئی۔ میرا خیال ہے چار سال ہمارے یہ بجٹ پیش ہوتے رہے اور ان سب میں سے یہ ایک بجٹ ہے جس میں ہمارے ملازمت پیشہ لوگوں کے لئے، مزدوروں کے لئے اور غریبوں کے لئے، تنخواہ داروں کے لئے، ان کے لئے انہوں نے بہت اچھا relief رکھا ہوا ہے۔

جناب چیئرمین صاحب! ایک بات میں ضرور کہوں گی کیونکہ میرا تعلق بلوچستان سے ہے اگر میں بلوچستان کے لئے بات نہیں کروں گی تو مجھے دکھ ہوگا اور مجھے واپس وہیں جانا پڑے گا۔ جناب! ایک اہم بات دو سال سے مسئلہ ہے بلوچستان کے زمیندار بہت زیادہ غریب ہیں اور وہاں کے زمینداروں کے ساتھ fixed rate tubewells کا چلا آرہا تھا۔

(اس دوران اذان مغرب ہوئی)

جناب چیئرمین، میرا خیال ہے break کرلیں یا آپ ختم کرنا چاہیں گی پھر break کرلیں۔پری گل صاحبہ پہلے آپ ختم کرلیں پھر break کرلیں گے۔

سینیٹر آغا پری گل، میں ختم کر لوں جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں اپنے بلوچستان کے بارے میں آپ کو بتانا چاہ رہی تھی کیونکہ ایک سال یا ڈیڑھ سال پہلے ہمارے غریب کسانوں کو گورنمنٹ کی طرف سے fixed rate ٹیوب ویل کو دیا جا رہا تھا جو کہ ختم کر دیا گیا ہے۔ ہر مہینے زمیندار چاہے امیر ہو یا غریب چار ہزار وہ واپڈا کو pay کرتا تھا۔ پتا نہیں کہ کیا بات ہوئی کہ ان لوگوں نے وہ subsidy ختم کر دی۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے اور آپ کا کافی بلوچستان سے تعلق رہا ہے اور ابھی بھی ہے۔ بارہ پندرہ سال سے وہاں کوئی بارش نہیں ہوئی اور جتنے بھی ہمارے باغات تھے وہ سب ختم ہو گئے ہیں۔ آپ نے نورک دیکھا ہوا ہے۔ لورالائی آپ نے دیکھا ہوا ہے۔ ژوب، قلات، پشین وغیرہ میں اتنے فروٹ کے باغات تھے۔ بارش نہ ہونے کی وجہ سے تمام باغات کٹ گئے۔ اب آپ مجھے بتائیں جناب چیئرمین! بلوچستان میں آپ کو درخت وغیرہ تو بہت کم نظر آئیں گے مگر زمیندار تو اب گندم اگاتے ہیں یا ٹماٹر یا مٹر یا پیاز تو اس کے باوجود بھی انہوں نے اتنا بڑا ظلم کیا جو fixed rate تھا وہ ختم کیا۔

جناب چیئرمین! میں آپ سے درخواست کروں گی کیونکہ اس وقت بلوچستان کے حالات بہت زیادہ نازک ہیں اور بہت زیادہ غریب ہیں اور اگر ایک زمیندار بیس ہزار بھی اپنی فصل سے نہ اٹھائے اور نوے ہزار اس کا واپڈا کا بل آئے اور پورا دن لوڈ شیڈنگ یعنی بلوچستان میں اتنی لوڈ شیڈنگ ہے کہ زمیندار بے چارہ بارشوں کے بغیر تباہ ہوگیا۔ دوسرا یہ ہے کہ واپڈا نے بلوچستان کے غریب کسانوں کو، بلوچستان کے لوگوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا کیونکہ اتنی لوڈشیڈنگ ہوتی ہے وہاں پر صبح سے لے کر شام تک، چھ چھ گھنٹے دس دس گھنٹے، ایک تو میری ایک درخواست ہے آپ سے کہ fixed rate برقرار رہنا چاہیے بلوچستان کے لئے، دوسرا وہاں پر لوڈ شیڈنگ کم سے کم دن کے وقت نہیں ہونی چاہیے تاکہ ہمارے غریب زمیندار جو مر رہے ہیں فصل کے لئے وہ ٹیوب ویل وغیرہ چلا سکیں۔ تیسری بات میں آپ کو ایک اور بتانا چاہتی ہوں کہ جس طرح ہمارے ساتھی جو اس وقت تو سارے سوئے ہوئے ہیں۔

جناب چیئرمین، آپ جگا دیں نا۔

سینیٹر آغا پری گل، اس طرح ایک اور بہت اچھی تجویز ہے جس طرح ہمارے بجٹ میں آیا ہے کہ جناب! نوکریوں کے لئے اتنا کوٹا رکھا گیا ہے۔ میں آپ سے درخواست کروں گی کہ ان نوکریوں کے کوٹوں میں ہمارا حصہ رکھا جائے۔ جس طرح اعجاز الحق صاحب نے حج کے کوٹے ہمیں دیے ہیں۔ ان نوکریوں میں تمام سینیٹرز کو پانچ پانچ کا کوٹا دیا جائے۔ تاکہ ہمارے سینیٹرز جو ہیں اپنے حلقے کے لوگوں کو ان نوکریوں پر لگوا سکیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ میں آپ کو کم از کم یہ بتانا چاہتی ہوں کہ ہمارے colleagues ہیں ہمارے بھائی ہیں، سینیٹرز ہیں کیونکہ پرویز مشرف جو President of Pakistan ہیں ان کا دل بہت بڑا ہے۔ اتنی اس بندے میں برداشت ہے میں کہتی ہوں کہ میں نے آج تک جتنے حکمران دیکھے ہیں میں کافی عرصے سے سیاست میں ہوں، مگر میں نے آج تک کسی بندے میں اتنا برداشت نہیں دیکھا۔ انہوں نے بہت برداشت کیا۔ کیا کچھ ہم نے ان کے لیے نہیں کہا مگر چار سال سے، تین سال سے ہمارے اپوزیشن کے لوگوں کو فنڈ مل رہا تھا تو میں آپ سے ایک درخواست کروں گی کہ ان کے فنڈ کو جاری کیا جائے تاکہ وہ اپنے علاقوں میں جا کر کام کریں۔ ہمارے colleagues ہیں،

ٹھیک ہے وہ تھوڑا بہت برا بھلا کہتے ہیں مگر یہ کیا کریں ان کی بھی مجبوری ہے۔ جب ان کی پارٹی leadership اخباروں میں حکومت کو برا بھلا کہتی ہے تو ظاہر ہے کہ تھوڑا بہت تو ان کو کہنا پڑتا ہے۔ وہ کہیں، مگر جب وہ کہیں گے تو ان کا جواب ہم ضرور دیں گے۔ میں کہتی ہوں کہ اس وقت پاکستان کی خواتین پر صدر مشرف کا بہت بڑا احسان ہے۔ کوئی مانے یا نہ مانے۔

(مداخلت)

سینیٹر آغا پری گل. بالکل احسان ہے، آج آپ سینیٹ میں بیٹھی ہیں، جب آپ کی اپنی وزیراعظم، بے نظیر وزیراعظم تھی تو انہوں نے آپ کو نہیں بٹھایا، آج آپ سینیٹ میں بیٹھی ہیں پرویز مشرف کی وجہ سے۔ کیا بات کر رہی ہیں میڈم؟ میں آپ کو بتا رہی ہوں کہ آپ کی بے نظیر صاحبہ دو دفعہ وزیراعظم بنی۔ میں نے خود لابی میں ان سے کہا کہ بے نظیر صاحبہ ہم خواتین آپ کے پاس آئی ہوئی ہیں کم از کم خواتین کی سیٹیں بحال کریں۔ آپ ایک عورت ہیں یہ کریڈٹ آپ لے جائیں، مگر وہ عورت کسی کو برداشت نہیں کرتی تھی۔ وہ کہتی کہ پاکستان کی شہزادی صرف اکیلی عورت میں ہوں۔ میں آپ کو بتا رہی ہوں کہ یہ اس وقت پرویز مشرف کا بہت بڑا احسان ہے۔ جس کی وردی آپ کو بری بھلی لگتی ہے اس کی وجہ سے آج آپ سینیٹ میں بیٹھی ہیں۔ کیوں سچ کو آپ لوگ چھپاتے ہیں؟ کیوں غلط باتیں آپ کرتے ہیں؟ کم از کم اللہ سے ڈرو، اللہ کو جان دینی ہے، جو آپ کے ساتھ قطرہ بھی نیکی کرے کم از کم اس کو مانا تو کریں، یہ نہیں کہ اگر آپ کی پارٹی مخالف ہے تو آپ مخالف ہیں۔

جناب چیئرمین! اس وقت ان کی پارٹی کے کتنے ایم این اے اور سینیٹرز بنے ہیں۔ نواز شریف کا دور آیا، ہم نے عورتوں کا ٹولہ بنا کر درخواست کی، انہوں نے بحال نہیں کیں۔ بے نظیر کا دور آیا انہوں نے بحال نہیں کیا۔ کم از کم جو بندہ اچھا کام کرے اس کی اچھائی کو تو یاد کرنا چاہیے۔ ہم شروع سے ڈیسک بجاتے چلے آ رہے ہیں کہ go Musharraf, go, گو کیا ہے؟ یہ بہت بڑی بات ہے کہ مشرف کبھی بھی "گو" نہیں ہوگا۔ پانچ سال پورے کریں گے۔ دوبارہ elect ہو کر آئیں گے انشاء اللہ تعالیٰ پاکستانی عوام ان کے ساتھ ہیں۔ آج تک انہوں نے پاکستانی عوام کے ساتھ غلط بیانی نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ میں الیکشن کراؤں گا وہ آپ

کے سامنے ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں خواتین کی سیٹیں بحال کروں گا آج ہم خواتین بیٹھی ہوئی ہیں۔ آپ دیکھیں کہ یونین کونسل سے لے کر قومی اسمبلی، سینیٹ تک ساری عورتیں ہیں۔ ہم عورتیں ان کے ساتھ ہیں۔ ہمارے بھائی بھی ان کے ساتھ ہیں، ٹھیک ہے کچھ لوگ ان کے ساتھ نہیں ہوں گے تو کوئی بات نہیں، اللہ ان کے ساتھ ہے۔اس کی نیت صاف ہے، اس نے آج تک دشمن کے بارے میں بھی کبھی غلط نہیں سوچا۔

جناب چیئرمین! یہ لوگ کہتے ہیں کہ تباہی ہوگئی، پاکستان میں تباہی ہوگئی، تباہی تو اس زمانے میں بھی تھی۔ آپ یقین کریں، ایک طرف میاں صاحب تھے اور ایک طرف بی بی صاحبہ تھی دونوں کی لڑائیوں میں ہمارے پورے بلوچستان میں، ہم لوگ اس زمانے میں ایم پی اے تھے، آپ یقین کریں ان کی لڑائیوں میں ہم تباہ ہوگئے۔ جب یہ لوگ آپس میں لڑتے تو کسی کا ship سمندر کے پار رکا ہوا ہے، کسی کا لوہا سمندر کے پار رکا ہوا ہے۔ کسی کا روئی کپڑا اور مکان، لوگ گھروں میں بھوکے مر رہے ہیں۔ درمیان میں ہم جتنے بھی ایم پی اے تھے مر گئے۔ اور یہ دونوں بہن بھائی بن کر بیٹھ گئے۔ آپ یقین کریں میں آپ کو سچ بتا رہی ہوں میں بالکل غلط بیانی نہیں کروں گی۔ اگر مشرف غلط کام کرے تو میں اس کو بھی کہوں گی کہ آپ نے غلط کہا ہے۔ بالکل کہوں گی۔ اللہ سے ڈرنا چاہیے۔ میرا صدر ہے میں اس کی عزت کرتی ہوں مگر آج تک اس نے آپ سے جھوٹا وعدہ تو نہیں کیا۔ آپ کے ساتھ اس نے جھوٹ تو نہیں بولا آپ یقین کریں۔ بین پہ بین لگاتے رہے۔ آپ دیکھیں آج کل ہمارے بچے چالیس سال کے لڑکے ہو گئے ہیں۔ بے چارے 45 year over age ہو گئے ہیں ۔ دونوں لیڈروں کی وجہ سے over age ہو گئے۔ دونوں آرام سے باہر چلے گئے اور ائر کنڈیشنوں میں رہتے ہیں اور ہمارے بچے بے روزگاری کی وجہ سے رل رہے ہیں۔ کسی کو بھی نوکری نہیں ملی۔جناب چیئرمین صاحب! آپ ایک اخبار میں اشتہار دیں کہ ان بچوں کو بلایا جائے جو over age ہیں آپ دیکھیں گے کہ وہ بچے رو رو کر ان کو بد دعائیں دیتے ہیں۔جناب انہوں نے ایک دفعہ بین لگایا اور ایک دوسرے کی ضد سے دوسری طرف بین لگایا۔ کم از کم ہمارے صدر مشرف صاحب نے یہ بین تو نہیں لگایا۔ آج تک انہوں نے کبھی بین نہیں لگایا۔ آپ کے دور میں جب ہم اسمبلی کے گیٹ سے باہر جاتے تھے تو ہمارے گھر پر چھاپہ لگتا تھا۔ جناب! آپ نے اسمبلی میں بے نظیر کو برا

بھلا کیوں کہا؟ چلیں جی، اندر ہو جائیں، چلیں جی جیلوں میں جائیں۔ مگر اب کتنا برا بھلا کہتے ہیں اتنا برا بھلا کہتے ہیں۔ ان چاروں طرف انٹیلی جنس والے بیٹھے ہیں، اخبار والے بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ جناب! آج تک آپ نے دیکھا کہ ---

جناب چیئرمین، مختصر کریں۔ نماز کا بھی time ہے۔ وقت کا خیال رکھیں۔

سینیٹر آغا پری گل، ہم گیٹ سے باہر گئے تو کسی پولیس والے نے ہمارے ہاتھوں پر ہتھکڑی ڈالی۔ اس لیے کہ وہ، وہ کام نہیں کرتا۔ اس لیے میں تمام بنچ والوں سے کہتی ہوں کہ آپ دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اتنا موقع دیا۔ اسمبلیاں ایک سال دو سال کے بعد ختم ہو جاتی تھیں اور سارے کے سارے اپنے گھروں کو پہنچ جاتے تھے۔ اب پانچ سال آپ کو ہونے والے ہیں اور پاکستان کی یہ پہلی اسمبلی ہے جو اپنے پانچ سال پورے کر رہی ہے۔ یہ کریڈٹ کس کو جاتا ہے؟ یہ صدر پرویز مشرف کو جاتا ہے۔ بالکل جاتا ہے کہ آپ کے دور میں، آپ لوگوں نے لوگوں کے اربوں روپے الیکشنوں پر ضائع کیے ایک ایک سال کا الیکشن ہوتا تھا اور بے چارے لڑائیوں میں ایم این ایز اور ایم پی ایز الیکشن لڑ لڑ کر مر جاتے تھے اور اپنے گھروں کو جاتے تھے اور یہ لڑائیاں کر کے کوئی ادھر پہنچا کوئی ادھر پہنچا اور ایم پی ایز بے چارے تباہ، جناب چیئرمین صاحب! صدر پرویز مشرف صاحب کو مبارکباد دینی چاہیے کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ ایک اسمبلی اپنا پانچ سالہ دور پورا کر رہی ہے۔ یہ بہت بڑی بات ہے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

مگر یہ کچھ لوگوں سے برداشت بھی نہیں ہو رہا ہے۔ وہ اسمبلی توڑنے کے چکر میں ہیں۔ مگر انشاء اللہ تعالیٰ صدر مشرف صاحب بھی رہیں گے اور اسمبلی پانچ سال اپنے پورے کرے گی اور انشاء اللہ دوبارہ الیکشن ہوگا اور پھر آپ سارے لوگ ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو زندگی دے مگر خدا کے لیے اب کل کی بات ہے جناب! امریکہ سے ایک بندہ آیا میں نام نہیں لیتی ہوں۔ یہ ہمارے سارے لوگ ادھر پہنچے ہوئے تھے ۔ قسم سے، سارے لوگ ادھر پہنچے ہوئے تھے صرف اپوزیشن نہیں جو بھی ہو وہ سارے پہنچے ہوئے تھے۔ آپ یقین کریں کہ ہم آپس میں ایک

دوسرے کے ساتھ لڑائی کریں ٹھیک ہے، بالکل کریں۔ ہم لڑیں، آپ لڑیں، ہم آپس میں لڑیں گے، ہم آپس میں ایک دوسرے کے جھاڑے کو کندھا بھی دیں گے ایک دوسرے کے لیے روئیں گے بھی، مگر ہمیں کسی اور کے سامنے اپنے ملک کی برائی نہیں کرنی چاہیے۔ جناب! میں آپ کو بتاؤں کہ پاکستان ہماری ماں ہے۔ اگر پاکستان کو کچھ بھی ہوا تو آپ ہوں گے نہ ہم ہوں گے۔ ہمیں دوسرے ملک کے سامنے اپنا رونا نہیں رونا چاہیے۔ نہ اپنے ملک کی برائی کرنا چاہیے کیونکہ پاکستان ہماری جان ہے۔ پاکستان ہماری شان ہے۔ اگر خوانخواستہ پاکستان کو کچھ ہوا تو پھر آپ بھی نہیں ہوں گے اور ہم بھی نہیں ہوں گے۔ سارے مہاجروں کی طرح در بدر سڑک پر ہوں گے۔ جناب! آخر میں میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور دعا کرتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے پاکستان کو سلامت رکھے پروردگار اللہ تعالیٰ اس کو بالکل خوش و خرم شاد و آباد رکھے تاکہ میرے پاکستانی عوام جو اس وقت مشکلات اور پریشانی میں ہیں۔ ادھر ادھر یہ حملوں کی وجہ سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو اور خوشیاں دے اور جس طرح آپ نے پیارا اور خوبصورت بجٹ پیش کیا۔ اس طرح اللہ آپ کو اور توفیق دے کہ آپ پاکستان کے عوام کے لیے اور خوبصورت بجٹ پیش کریں۔ بس ذرا مہنگائی پر کنٹرول ہونا چاہیے۔ مہنگائی پر اس لیے کنٹرول ہونا چاہیے کیونکہ ہمارا پٹرول باہر سے آتا ہے، غریب پاکستان ہے اس لیے ہمارے غریب لوگوں کے لیے کوئی سہولت ہونی چاہیے۔ یہ یوٹیلٹی سٹورز کی بات کرتے ہیں، میں وہ بات نہیں کروں گی کیونکہ ان کی دالوں میں اتنے بڑے بڑے پتھر ہوتے ہیں۔ میں غلط بات نہیں کروں گی، مجھے یوٹیلٹی سٹورز پسند نہیں ہیں۔ مجھے اس وقت پاکستان کے عوام کی خوشحالی پسند ہے۔ میں اپنے پریس والوں کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں، وہ بھی ہمارے لیے بہت اچھا role ادا کرتے ہیں میں سینیٹ کے تمام ملازمین اور آفیسرز ہیں۔۔۔

جناب چیئرمین، محمہ۔

سینیٹر آغا پری گل، ان کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں۔ انہوں نے سینیٹ کے لیے بہت اچھا role ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ ان کو سلامت رکھے اور آپ ذرا سینیٹ کے ملازمین کی تنخواہیں اور گریڈ بھی بڑھائیں۔

جناب چیئرمین، انشاء اللہ۔

سینیٹر آغا پری گل، اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے یہ تو آپ کے اختیار میں ہے اور ان کی تنخواہیں بھی بڑھائیں۔ یہ جو سیکورٹی والے ہیں جو ساری رات ہماری خدمت کرتے ہیں۔ جو لوگ باہر ڈیوٹی دیتے ہیں، پولیس والے، یہاں پر جو بھی ہیں، ان کے گریڈ بڑھا کر بجٹ کے لیے ایک خوبصورت سی چیز بنائیں کہ تمام ملازمین کا گریڈ بڑھے اور تنخواہ بھی بڑھے۔ ان کے لیے اس بجٹ میں خوبصورت سی کالونی بنائیں۔ عمر ایوب صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں نے ان کو کتنی مرتبہ کہا ہے لیکن یہ ادھر سے سنتے ہیں، ادھر سے نکال دیتے ہیں اور یہ اچھی بات نہیں ہے۔ سینیٹ کی کالونی ہونی چاہیے، پریس والوں کے لیے زبردست سی کالونی بنائیں جس طرح پنجاب والوں نے بنائی ہے۔ آپ کے پاس کیا کمی ہے، مجھے بتائیں۔ صدر صاحب خود کہتے ہیں کہ پیسہ بہت ہے۔ جب پیسہ بہت ہے تو ان بے چاروں کے لیے اچھی سی، خوبصورت کالونی بناؤ، آپ کی ایک یادگار ہو گی کہ مشرف دور میں کم از کم پریس والوں، سینیٹ اور اسمبلی والوں کے لیے اسلام آباد میں ایک خوبصورت سی کالونی بنی، کوئی اور آ کر یہ credit لے وہ اچھا ہے یا آپ یہ credit لیں۔ یہ غریب خوش ہو جائیں گے اور آپ کو دعائیں دیں گے، یہ کام کرو، کم از کم ادھر سے سن کر ادھر سے نہ نکالو۔ اگر میں زندہ رہی اور آپ نے بجٹ میں ان کا کام نہ کیا اور ان کا کام نہ ہوا تو پھر میری اور آپ کی بہت زبردست لڑائی ہو گی۔ آخر میں شکریہ، خدا حافظ۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین، شکریہ آپ کی تجاویز پر انشاء اللہ ضرور غور کریں گے اور اپنے پورے ساتھیوں کے ساتھ ہمدردی ہے۔ رخسانہ صاحبہ، I think کوئی personal issue نہیں تھا۔ جو چیزیں تقریر میں کہتے ہیں، there were no personal remarks, so there is no explanation required. آپ اپنی تقریر کر چکی ہیں۔

سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری، جناب! انہوں نے نام لے کر ایک بات کی۔ جناب! آپ اگر مجھے آدھا منٹ دیں گے تو ـــــ

جناب چیئرمین، دیکھیے اس میں کوئی personal explanation ہو تو پھر ـــ

سینیٹر انجینیئر رخسانہ زبیری، اگر آپ مجھے اجازت دیں گے تو ـــــ

جناب چیئرمین، دیکھیں نا پھر ہر کوئی کہے گا' یہاں سے پھر کوئی جواب دینا چاہے گا۔ میرا پوائنٹ یہ ہے کہ آپ پر کوئی پرسنل نہیں کہا' جنرل بات جو ہے وہ speeches میں cover کرلیں۔

سینیٹر انجینیئر رخسانہ زبیری، جناب! جنرل بات نہیں ہے' پرسنل بات تھی۔ یہ جو انہوں نے میری پارٹی کا بار بار نام لے کر کہا ـــــ

جناب چیئرمین، نہیں یہاں کے rules ہیں' اس حساب سے آپ کچھ بولیں گی' پھر یہاں سے کوئی بولے گا تو کیسے سلسلہ چلے گا۔ میرا خیال ہے

let us adjourn the House for *Maghrib* prayers. We will adjourn now till 08:00 p.m *Insh Allah.*

سبحان ربک رب العزت عما یصفون و سلام علی المرسلین والحمد للہ رب العالمین۔

(The House was then adjourned for Maghrib prayers to meet again at 08:00 pm)

(وقفہ نماز مغرب کے بعد اجلاس کی کارروائی زیر صدارت جناب چیئرمین محمد میاں سومرو شروع ہوئی)

جناب چیئرمین، السلام علیکم۔ جناب عباس کمیلی صاحب you have the floor. ذرا مختصر رکھیے گا مہربانی کرکے۔

سینیٹر محمد عباس کمیلی، بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔جناب چیئرمین! میں آپ کا شکرگزار ہوں کہ آپ نے بالآخر آج مجھے بجٹ جیسے اہم موضوع پر اظہار خیال کا موقع دیا۔ اس حکومت کا مسلسل یہ پانچواں بجٹ ہے ۔ وزیر اعظم پچھلے تین سال سے وزیر اعظم اور پانچ برس سے وزیر خزانہ رہے ہیں اور یہ ان کا عظیم کارنامہ ہے۔ بہت سارے figures دونوں اطراف

سے پیش کیے گئے اور ان پر بحث ہو سکتی ہے لیکن میں اختصار کے ساتھ عرض کروں گا کہ GDP میں ' ۹۲ء سے لے کر ۹۸ء تک تین گنا اضافہ ہوا ہے۔ یہ established fact ہے۔ اگر تین برسوں میں افراط زر میں دوگنا اضافہ ہوا ہے تو GDP میں تین گنا اضافہ ہوا ہے ۔ ایکسپورٹ اڑھائی گنا بڑھ گئی ہے۔ Remittances پانچ گنا بڑھ گئی ہیں۔ یہ اس لیے ہوا ہے کہ موجودہ حکومت پر دن بدن اعتماد بڑھتا جا رہا ہے ۔ Foreign Exchange Reserves نو گنا بڑھ گئے ہیں۔ Per capita income double ہو گئی ہے اور اس طرح سے سب سے خوش آئند بات یہ ہے کہ آئی ایم ایف کے چنگل سے ہم آزاد ہو گئے ہیں۔ اب اگر ورلڈ بینک یا Asian Development Bank سے رجوع کرنا پڑتا ہے تو ان کی شرائط پر نہیں ' بلکہ ہم اپنی شرائط پر رجوع کرتے ہیں ۔ ہم نے پرائیویٹ سیکٹر میں تیس سال کے term کے بانڈز بیچے ہیں۔ یہ بھی اس بات کی نشان دہی ہے اور اس کا ثبوت ہے کہ ہم پر اعتماد بحال ہوا ہے۔ ہماری economy اس قدر بحال ہوئی ہے۔ ہمارا خزانہ یقیناً بھر گیا ہے۔ آج ہم الحمد للہ دیوالیہ ہونے سے بچ گئے ہیں۔ اب کوئی نہیں کہہ سکتا کہ ہم ایک failed state ہیں۔ ہمیں اس بات پر ' خواہ ہم اپوزیشن میں ہوں یا Treasury Benches میں ہوں ' economy کے بحال ہونے پر بارگاہ خداوندی میں شکر بجا لانا چاہیے اور جس قدر ہم شکر بجا لائیں' کم ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ ہر سختی کے بعد آسانی ہوتی ہے تو یقیناً ہم یہ سب کچھ دیکھ رہے ہیں۔ بین الاقوامی دنیا میں ہماری عزت ہماری ساکھ اور وقار بحال ہوا ہے ۔ اب ہم ایک ہیں۔ پسماندہ ملک نہیں کہلائے جاسکتے بلکہ ترقی پذیر ملک ہیں ۔ معیشت یقیناً بہتر ہوئی ہے۔ ملک میں خوشحالی آئی ہے۔ یہ شہروں ہی میں نہیں' دیہاتوں کی رونقیں بھی بڑھ گئی ہیں۔ یہ سب کچھ وہ ہے جس کا فقط دعویٰ ہی نہیں کیا جا سکتا' بلکہ جو کچھ شہروں میں نظر آ رہا ہے' یہ نئی نئی گاڑیاں' بلند و بالا پلازے نظر آ رہے ہیں' یہ سب ترقی کی علامات ہیں۔ کل بینک سے قرضہ عام آدمی کے لیے' متوسط طبقے کے آدمی کے لیے حاصل کرنا بہت مشکل تھا ۔ بڑے بڑے لوگوں کو قرضے ملتے تھے۔ آج بینک والے تلاش کرتے پھرتے ہیں قرض لینے والوں کو۔ کیونکہ انہیں قرض لینے والے نہیں مل رہے۔ یہ سب کچھ کیا بتلا رہا ہے۔ یہی کہ حالات بہتر ہوئے ہیں لیکن بات یہیں ختم نہیں ہو جاتی' بات یہ ہے کہ جو خوشحالی آئی ہے جو ترقی ہوئی ہے اس کا عام آدمی کو بھی

فائدہ پہنچا ہے یا نہیں یا چند خاندان ہی فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔ کیا یہ عام آدمی کا حق نہیں ہے؟ میں جناب سیف اللہ صاحب کی اس بات سے اتفاق نہیں کروں گا کہ اگر کوئی امیر ہے، کوئی غریب ہے، تو یہ خداوندی انتظام ہے، کوئی اندھا ہے، کوئی کانا ہے، کوئی لولا ہے کوئی لنگڑا ہے، نہیں، یہ اصول یہاں منطبق نہیں ہو سکتا۔ اسلام میں ایسا نہیں ہے یہ قرآنی تعلیمات کے خلاف ہے۔ سب کو، تمام انسانوں کو، تمام پاکستانیوں کو یکساں مواقع ملنے چاہئیں۔ یہ نہیں کہ چند افراد کو تو مواقع ملیں، چند خاندانوں کو تو مواقع ملیں کہ وہ اپنی دولت میں بے تحاشا اضافہ کرتے چلے جائیں اور ملک کی اکثریت کو یہ مواقع نہ مل سکیں اور ایک غریب آدمی غریب سے غریب تر ہوتا چلا جائے۔ میں یہاں پر یہ گزارش کروں گا کہ ہمارا سیاسی نظام کچھ بھی ہو، جو چاہیں ہم بنائیں، چاہے سیکولر بنائیں، چاہے اسلامی بنائیں لیکن ایک بات میں زور دے کر کہوں گا کہ ہمارا معاشی نظام اسلامی ہونا چاہیے۔ اگر ہماری معیشت اسلامی بنیادوں پر ہوگی تو امیر اور غریب کا فرق ختم ہو جائے گا پھر طبقے نہیں ہوں گے، پھر غربت نہیں ہوگی۔ کم از کم معیشت کی حد تک تو اسلامی اصولوں کو اپنا لیا جائے پھر آپ دیکھیں گے کہ کوئی بھوکا نہیں رہے گا، کوئی بھوکا نہیں سوئے گا، کسی کے پاس ایسا نہیں ہوگا کہ اس کے پاس چھت نہیں ہے اور اس کے لیے کچھ نہیں، کچھ نہیں تو یہ آپ ضرور کر سکتے ہیں کہ زکوٰۃ کے نظام میں جو کرپشن ہے جیسا کہ آج ایک ہمارے فاضل ساتھی نے بتایا، شاید Asian Development Bank کی یہ رپورٹ ہے کہ یہ سارے کا سارا نظام کرپشن پر مبنی ہے۔ اگر زکوٰۃ کے نظام کو منصفانہ بنایا جائے اور اس سے کرپشن کو ختم کیا جائے تو لوگوں کا اعتماد بڑھے گا اور جو لوگ حکومت کو زکوٰۃ نہیں دے رہے وہ بھی زکوٰۃ دیں گے۔ ضروری ہے کہ اسلامی نظام معیشت کو تو نافذ کیا جائے، اس میں تو فرقوں کے مابین کوئی اختلاف نہیں ہے۔ سیاسی نظام میں ممکن ہے کہ اختلافات ہوں اور اس بات پر میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ ضرور اتفاق کروں گا اور جب اسلامی معیشت کی بات ہوئی ہے زکوٰۃ کا نظام بھی ہے تو یہاں میں ایک بات زور دے کر کہوں گا کہ اسلام میں زکوٰۃ بھی ہے، عشر بھی ہے اور خمس بھی ہے۔ ہم نے خمس کو صدیوں سے نظر انداز کیا ہوا ہے جس کے نتیجے میں ایک طبقہ محروم ہے اور محروم ہوتا چلا آ رہا ہے وہ اہل سادات ہیں، وہ زکوٰۃ نہیں لے سکتے۔ They are not entitled to receive zakat. وہ محروم

ہو رہے ہیں تو ان کے لیے بیت المال سے فنڈز مختص کیے جائیں تا کہ اہل سادات محروم نہ رہیں۔

جناب والا! یقیناً بہت سارے اقدامات کیے گئے ہیں جن میں یوٹیلٹی سٹورز کے قیام کا اعلان کیا گیا ہے لیکن کتنا وقت لگے گا ان یوٹیلٹی سٹورز کے بننے میں؟ اور پھر کیا گارنٹی ہے اس بات کی کہ جو مقصد ہے وہ حاصل ہوگا؟ اور ہر آدمی کو سستے داموں اشیائے خوردنی میسر ہو سکیں گی؟ کیا ہر آدمی یوٹیلٹی سٹورز تک پہنچ سکتا ہے؟ کیا ایک سرکاری ملازم کے پاس اتنا وقت ہوگا کہ کہ یوٹیلٹی سٹورز پر جائے اور قطاروں میں کھڑا رہے؟ یہ ہرگز ممکن نہیں ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ نچلی سطح تک قیمتوں کو کنٹرول کرے۔ کراچی میں KESC کو privatise کیا گیا ہے۔ load shedding کا دورانیہ بڑھ گیا ہے۔ کس حد تک بڑھ گیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک سازش ہے کراچی کے خلاف کہ کراچی میں تیزی کے ساتھ ترقی ہو رہی تھی اور جو industrialization ہوئی' جو ماضی میں industrialization پہلے کراچی میں تھی اس سب کو تباہ کرنے کی ایک سازش کی گئی ہے۔ ہم یہ مطالبہ کریں گے اور میں سمجھتا ہوں کہ میرے ساتھی سب ساتھ دیں گے کہ KESC کو واپس سرکاری تحویل میں لیا جائے اس لئے کہ یہ privatisation والا case کم از کم KESC کی حد تک ناکام ہو چکا ہے۔

جناب چیئرمین، وقت کا خیال رکھیں۔

سینیٹر محمد عباس کمیلی، اور جب تک یہ load shedding ہو رہی ہے میں قانونی بات کر رہا ہوں' Electricity Aot سے متعلق بات کر رہا ہوں پہلے بھی میں نشان دہی کر چکا ہوں کہ KESC ہو یا WAPDA ہو Electricity Act کے مطابق load shedding کے درمیان یہ fixed charges نہیں لے سکتے۔ یہ minimum charges نہیں لے سکتے۔ اس شرط پر وہ لے سکتے ہیں کہ uninterrupted supply ملے گی۔ Load shedding میں interruption ہو جاتی ہے لہذا fixed charges لینا غیر قانونی ہے۔ میں کئی بار یہ مطالبہ کر چکا ہوں اور اس بات کی وزیر "load shedding" تائید بھی کر چکے ہیں۔ انہوں نے تائید کی اس بات کی کہ یہ غیر قانونی ہے لیکن اس کے باوجود یہ اب تک ہو رہا ہے۔ لہذا یہ غیر قانونی charges ختم کئے جائیں۔ آپ یہ دیکھیں کہ بجلی کے بل پر بھی Sales Tax لیا جا رہا ہے۔

گھریلو صارفین سے بھی Sales Tax وصول کیا جا رہا ہے اور Sales Tax energy charges پر نہیں بلکہ بہت سارے اور charges پر Sales Tax لیا جا رہا ہے تو یہ کس قدر ظالمانہ بات ہے۔

NFC Award کے سلسلے میں بہت کچھ کہا گیا اور میں اپنے دوستوں کی تائید کرتا ہوں۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ اس بجٹ میں taxes کا سارا بوجھ اور ماضی کے بجٹ میں سارا بوجھ taxes کا تنخواہ دار طبقے پر ڈالا گیا ہے۔ حکومت کے ملازمین tax evasion نہیں کر سکتے۔ بڑے بڑے لوگ tax evasion کر لیتے ہیں۔ لہٰذا یہ ظلم ہے۔ Tax ہمیشہ امیروں سے لے کر غریبوں کو دیا جاتا ہے۔ غریبوں سے لے کر امیروں کو نہیں دیا جاتا۔ ایک بات اور جو بہت ضروری ہے کہ اسلام آباد یا سندھ ہو، پولیس پولیس ہے اور پولیس سارے ملک کی اپنے فرائض انجام دے رہی ہے۔ لہٰذا کسی صوبہ میں تنخواہیں زیادہ ہوں اور کسی صوبہ میں کم ہوں یہ ناانصافی ہے۔ اسلام آباد کی پولیس کی بھی اور سندھ پولیس کی بھی تنخواہ پنجاب کی پولیس کے برابر کی جائے۔

اس ایوان میں کچھ باتیں ہوئیں۔ خاص طور پر کراچی سے متعلق، ظاہر ہے کہ جو کچھ وہاں ہوا جس قدر افسوس کیا جائے کم ہے لیکن میں ذرا اس ایوان کو متوجہ کرنا چاہوں گا کہ یقیناً کراچی میں 12 May کو جو سانحہ پیش آیا ہمیں اس پر افسوس ہے لیکن میرے فاضل دوست حقائق پر بھی غور کریں کہ 2006 سے لے کر آج تک NWFP میں 22 بڑے بڑے واقعات پیش آ چکے ہیں۔ اس میں چالیس چالیس، پچاس پچاس افراد مارے گئے ہیں۔ ۱۲ مئی سے چار روز قبل بھی ایک واقعہ پیش آیا، ۱۲ مئی کے بعد بھی پیش آیا اور اس میں بہت ساری قیمتی جانیں گئیں تو ایک کراچی ہی کا رونا کیوں رویا جا رہا ہے؟ ان تمام واقعات کی مذمت کیوں نہیں کی جا رہی ہے؟ یہ کراچی سے کس چیز کا انتقام لیا جا رہا ہے؟ میرے پاس سارا ریکارڈ موجود ہے۔ کس کس تاریخ کو کس کس صوبے میں خاص طور پر NWFP میں کیا کچھ پیش آیا۔ آج بھی ڈیرہ اسماعیل خان میں کیا ہو رہا ہے؟

جناب چیئرمین، کیلی صاحب وقت کا خیال رکھیے کیونکہ اور بھی ہیں اور اس کو wind up کرنا ہے۔

سینیٹر محمد عباس کمیلی، میں ختم کر رہوں قبلہ! بہت ضروری باتیں ہیں۔

جناب چیئرمین، اسے ذرا مختصر رکھیں۔

سینیٹر محمد عباس کمیلی، ڈیرہ اسماعیل خان کے حالات آج بھی خراب ہیں۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں ۲۲ سے لے کر ۲۵ افراد ایک ہی فرقے کے قتل کر دیے گئے ہیں اور پھر گرفتاریاں بھی انہی کی ہو رہی ہیں۔ انہیں گھروں سے ہجرت کر جانے اور شہر چھوڑ جانے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ ٹانک شہر میں آج کیا ہو رہا ہے۔ "آج" ٹی وی پر، "جیو" پر پروگرام آیا تھا۔ یقیناً ہمارے بہت سارے دوستوں نے دیکھا ہو گا۔ وہاں پر تو practically ایک ہی فرقے کی حکومت ہے۔ کراچی میں تو ہم کہہ رہے ہیں کہ سارے فرقے ہیں اور ساری تنظیمیں ہیں۔ ساری جماعتیں ہیں، سب کے دفتر ہیں لیکن یہ NWFP میں، ٹانک میں---

(مداخلت)

سینیٹر محمد عباس کمیلی، جناب والا! پولیس بھی جانبداری کر رہی ہے۔ جو لوگ شہید ہوئے ہیں ان کے بھانجوں کو، ان کے بھتیجوں کو گھروں سے اٹھا کر لے جایا جا رہا ہے۔ چھوٹے چھوٹے بچوں کو تھانوں میں قید کیا جا رہا ہے اور ان کو اذیت دی جا رہی ہے۔

جناب چیئرمین، اچھا آپ ایک منٹ میں wind up کریں تاکہ میں floor رازق صاحب کو دوں۔ اس کے بعد پھر دوسرے ممبر جو رہتے ہیں۔No cross talk, no cross talk عبدالرحیم خان صاحب آپ تشریف please. Mr. Raziq Khan has the floor please. رکھیے۔ مہربانی کر کے تشریف رکھیے فلور عبدالرازق صاحب کے پاس ہے۔ آپ ہمارے بڑے سینیئر "experienced" بزرگ parliamentarian ہیں۔ مہربانی کر کے آپ تشریف رکھیے۔

سینیٹر عبدالرازق، شکریہ جناب چیئرمین! میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا تھوڑا سا وقت اس علاقے پر نظر ڈالنے کے لیے لوں گا جو موجودہ پاکستان میں ہو کر بھی دو صدی شہری علاقوں سے پیچھے ہے۔ جناب چیئرمین! اس

علاقے کا نام بدقسمتی سے FATA ہے' جہاں پر آج بھی انسان اور حیوان ایک ہی تالاب سے پانی پیتے ہیں۔ جہاں پر کروڑوں کی آبادی ہونے کے باوجود کوئی میڈیکل کالج نہیں ہے' کوئی انجینئرنگ کالج نہیں ہے' کوئی یونیورسٹی نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! میرا علاقہ گزشتہ ڈیڑھ مہینے سے بجلی سے محروم ہے۔ گورنر سرحد کے پاس جاتے ہیں تو گورنر سرحد اپنی بے بسی کا اظہار کرتا ہے۔ چیئرمین کے پاس جاتے ہیں' سب بے بس نظر آرہے ہیں۔ میرے شہر کے باسیوں کی یہ درخواست ہے کہ یہ جو کہہ رہے ہیں کہ لوڈشیڈنگ بہت زیادہ ہو رہی ہے آیئے! ذرا اس علاقے کا visit کریں اور وہاں دیکھیں کہ لوڈشیڈنگ کیا ہوتی ہے۔ ڈیڑھ مہینے سے چھوٹے چھوٹے بچے اور خواتین جس تکلیف میں ہیں' ان پر وہاں کیا گزر رہی ہے وہ کوئی تصور نہیں کرسکتا۔ جناب چیئرمین! ہمیں کوئی relief کا دروازہ نظر نہیں آرہا کہ ہم کہاں سے relief لیں۔

جناب چیئرمین! ہر سال بجٹ میں دفاع پر کثیر رقم خرچ ہوتی ہے جو زیادہ تر مشرقی سرحد کی حفاظت پر لگائی جاتی ہے۔ جناب چیئرمین! گزشتہ پچاس سالوں سے فاٹا کے عوام پاکستان کی مغربی سرحد کی رکھوالی کر رہے ہیں اور بلامعاوضہ کر رہے ہیں۔ اگر فاٹا کے عوام کو اس دفاعی بجٹ میں سے پانچ ارب روپے سالانہ دیے جاتے تو آج تقریباً 250 ارب ملتے اور فاٹا والوں کی قسمت بدل جاتی۔ جناب چیئرمین! میں فاٹا منسٹر کی موجودگی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ان سے گزارش کروں گا کہ وہ فاٹا کی احساس محرومی کو ختم کر دیں اور ہمیں پاکستان کا شہری سمجھ کر ہمیں اپنے حقوق دیے جائیں۔

جناب چیئرمین! میں بجٹ کی طرف تھوڑی سی گزارش کرتا ہوں کہ موجودہ بجٹ میں اوورسیز پاکستانیوں کے لیے کچھ نہیں ہے۔ اوورسیز پاکستانیوں کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے اور وہ اوورسیز پاکستانیز جو پاکستان کو قیمتی زرمبادلہ بھیجتے ہیں ان کو ہم نے کیا دیا؟ پاکستان آنے پر ٹیکس لگا دیا ہے۔ پانچ سال پرانی گاڑی لانے پر پابندی لگا دی ہے۔ ہم روز اخباروں میں کہتے ہیں کہ اوورسیز پاکستانیز بلین کے حساب سے زر مبادلہ میں اضافہ کر رہے ہیں لیکن دوسری طرف کیا اوورسیز وزیر نے سوچا ہے کہ وہاں پر جو پاکستانی رہ رہے ہیں ان کے بچوں کے لئے پاکستان میں کوئی اچھا ادارہ بنایا ہے؟ ان کے مسائل پر کبھی انہوں نے غور کیا ہے؟ انہی کے مسائل میں سے ایک مسئلہ پشاور ائرپورٹ ہے۔ فاٹا کے بہت سارے لوگ بیرون ملک ملازمت کے سلسلے میں

موجود ہیں۔ پشاور ائرپورٹ کراچی کے بعد پاکستان کا دوسرا busy airport ہے جہاں سے کراچی کے ریونیو کے بعد پشاور ائرپورٹ پر سول ایوی ایشن کو ریونیو مل رہا ہے لیکن وہاں پر ان کے ساتھ جو سلوک کیا جاتا ہے اور جس طریقے سے ان کو ایک ہال میں بند کیا جاتا ہے یہ سراسر ناانصافی ہے۔

جناب چیئرمین! اس وقت پاکستان کا ایک بڑا مسئلہ لوڈشیڈنگ کا ہے۔ لوڈشیڈنگ ہماری پوری معیشت کو تباہ کر رہی ہے۔ ایک شہری کے حقوق میں ہے کہ حکومت اس کو سہولیات مہیا کرے۔ جناب چیئرمین! آج سے چند سال پہلے ایک سوئس فرم نے NWFP میں ہائیڈل پاور جنریشن پر ایک سروے کیا تھا اور انہوں نے اپنی رپورٹ میں لکھا ہے کہ فرنٹیئر میں ---

Mr. Chairman: Order please, order in the House.

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبد الرزاق تھہیم، فرنٹیئر میں ہائیڈل پاور جنریشن سے تقریباً 30 ہزار میگاواٹ کی declared sites موجود ہیں۔ ہم ابھی تک کالا باغ ڈیم کے مسئلے میں الجھے ہوئے ہیں تو کیا کالا باغ ڈیم کے علاوہ ہم ان sides پر کام نہیں کر سکتے؛ انہوں نے نیسپاک کے ساتھ مل کر یہ سروے کیا ہوا ہے اور اس سے کروڑوں اربوں ڈالر جو ہمارے فیول کی مد میں جا رہے ہیں وہ ہماری اکانومی کے لیے بچت ہو سکتی ہے۔ جناب چیئرمین! میں کچھ گزارشات کروں گا۔ تعلیم کے لیے خصوصی پیکج ضروری ہے اس لیے کہ موجودہ بجٹ میں تعلیم میں کافی رقم رکھی گئی ہے۔ تعلیم ایک بنیادی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں اس کو بڑھانا چاہیے اور ہیلتھ کے سیکٹر پر خصوصی ضرورت ہے۔ جو آج کل موذی امراض ہیں Hepatitis اور HIV یہ بہت تیزی سے پھیل رہی ہیں۔ ان کے سدباب کے لیے اور ان کے علاج کے لیے خصوصی فنڈز مختص کیے جائیں، ان مریضوں کے لیے جو اس مرض کے شکار ہیں اور علاج کے لیے ایک اور گزارش کروں گا کہ جو tax payers ہیں ان کو فری علاج ملنا چاہیے۔ اس سے ٹیکس جنریشن میں اضافہ ہو جائے گا اور جو ٹیکس payer ہے، ان کو ایک ایسا احساس ہو جائے گا کہ ہم جو ٹیکس pay کر رہے ہیں اس کا بدل ہمیں مل رہا ہے۔ اس کے علاوہ جناب چیئرمین! foreign exchange کے reserves کو عوام کی فلاح و بہبود کے لیے استعمال کیا جائے نہ کہ اس کو

قارون کا خزانہ بنائیں اور اس کو ہم بڑھاتے جائیں ۔اس کا استعمال عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ضروری ہے ۔ ہمارا trade deficit بہت تیزی سے بڑھ رہا ہے ۔اس کو کنٹرول کرنا بہت ضروری ہے ۔ ہماری consumers economy change ہو رہی ہے' consumers economy میں transfer ہو رہی ہے جو ایک خطرے کی علامت ہے ۔ جناب چیئرمین! پرائیویٹائزیشن کے بعد جن مالکان نے پرائیویٹائزیشن میں یونٹ لیے ہوئے ہیں وہ جب اپنے ریونیو کو ' اپنی آمدنی کو واپس اپنے ملک میں لے کر جائیں گے تو ہمارے foreign exchange reserves پر بہت اثر پڑے گا۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے trade deficit کو کنٹرول کریں۔ اس کے علاوہ بنکوں میں جو deposit کیا جاتا ہے اس پر 2% withholding tax لیا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے banking channel سے کیش نکل رہا ہے اور وہ کیش لوگوں کے ساتھ دفاتر میں اور گھروں میں جمع ہو رہا ہے کہ جتنے بھی کاروباری ادارے ہیں یا کاروباری لوگ ہیں وہ روز پیسے جمع کرا تے ہیں اور ان کو نکالتے ہیں ۔ یہ بات clear ہے کہ وہ بعد میں ٹیکس میں adjust ہو جاتے ہیں لیکن وہ ادارے جو خاص طور پر کروڑوں کی transaction کرتے ہیں ان پر withholding tax سال میں کروڑوں تک ہو جاتا ہے تو یہ 2% withholding tax لگا ہوا ہے۔ اگر ختم نہیں ہو سکتا تو اس کو کم کرنا چاہیے کیونکہ اس وجہ سے ہمارا cash inflow banking channel سے نکل کر دفتروں میں جا رہا ہے۔ اس سے ایک اور بڑا مسئلہ پیدا ہو رہا ہے وہ ہے law and order کا۔ Cash کی جتنی بڑی movement ہوتی ہے' اس سے law and order کے مسئلے پیدا ہوتے ہیں اور خاص طور پر چند ایسے واقعات ہوئے ہیں تو فنانس منسٹر سے میری گزارش ہے کہ وہ ذرا اس کو دیکھ لیں۔ اس کے علاوہ housing ہے۔

جناب چیئرمین، ذرا وقت کا خیال رکھیں۔

سینیٹر غفران خان، یہ housing ایک بہت بڑا قومی مسئلہ بن رہا ہے۔ خاص طور پر ہمارا تنخواہ دار اور درمیانہ طبقہ اس کو کنٹرول نہیں کرسکتا کیونکہ اپنی تنخواہ میں آدمی جھونپڑی بنا سکتا ہے لیکن کوئی گھر بنانا مشکل ہو رہا ہے۔ میری گزارش ہے کہ ہاؤسنگ سیکٹر میں خاص طور پر تنخواہ دار طبقے کے لیے کوئی گنجائش رکھنی چاہیے اور اس میں ان کو relief دینا چاہیے۔ جناب

چیئرمین! میں آپ کے توسط سے ایک دفعہ پھر Finance Minister کی توجہ چاہوں گا کہ فاٹا کے لیے خصوصی پیکج دیا جائے اور فاٹا کا احساس محرومی ختم کیا جائے۔ بہت شکریہ۔

(ڈیسک بجائے گئے)

Mr. Chairman: I would like to recognize here the presence of Mr. Thomas A Rahim. He is elected public representative from Sugar Land in state of Texas. We have a sizeable and active Pakistani community there. You work very closely with them and we are honoured to have you here.

(Desk thumping)

رضا صاحب! آپ بولیں گے؟ آغا صاحب! اور کوئی ہے؟ رضا صاحب! the floor is yours.

Senator Mian Raza Rabbani (Leader of the Opposition): Mr. Chairman, I will, in fact, be very short because first of all, I would like to compliment both the sides for the level of the debate that has been taking place now for the last four days and in which we have gone through something like 71 speakers. I would like to compliment Mr. Ishaq Dar and Professor Khursheed in particular for the detailed, articulate and precise manner in which they dealt with the Budget 2007-08 that has been presented. They have very amicably and very brilliantly put acorss the point of view of the combined Opposition. At the same time, I would hasten to add I think much to your relief and to the relief of the entire House that I would be adopting in toto the points that were made by both the honourable Senators and therefore, I would restrict myself just to one or two observations because throughout the debate also, I have been

interjecting but before, I come to that, Mr. Chairman, on behalf of the combined Opposition, I would like and I think when I say that, I speak on behalf of the entire House, compliment you on the manner in which you have been conducting the House and the Deputy Chairman and Mr. Azam Swati when they were in the Chair and the amicable manner in which the House has been run. As I said that we have had 71 speakers who voiced their opinion on the budget from both sides of the floor. I would also at this time, like to compliment the staff of the Senate Secretariat for whom the budget session at one time is a tough time because they are called to the extremes of their physical and mental fatigues. I would like to compliment them on the manner in which they have dealt with the present session which would now be moving on to tomorrow that would bring us to the conclusion of our sittings on the budget. I would be failing in my duty Mr. Chairman, if at this stage,, I did not wish or I did not express gratitudes on behalf of the entire House, to Senator Ahmed Ali and to the Finance Committee. As usual the Finance Committee is over burdened with the recommendations that come from various Senators and I think that they have done a marvellous job given the time constraint that they have and at this time I would like to remind the honourable Leader of the House who is now present, that last year also we had pointed this out and I think there was a mutual agreement that we would move a constitutional amendment bill that would be a joint bill asking for the period of 7 days which is given to the Senate, to be enhanced. So, that the Committee and as well as the Senate could have more time.

So, therefore, I would once again renew that offer on the behalf of the joint Opposition and I hope that the Leader of the House will respond.

(Thumping of desks)

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، رضا صاحب کورم بھی پورا نہیں ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، نہیں، نہیں کورم ٹھیک ہے، کورم چلنے دیں۔

Sir, as I was saying that I was complimenting the Finance Committee and I believe that they have come up with something like 90 recommendations which are unanimous and there are 7 recommendations which the combined Opposition has chosen to debate during the course of the day tomorrow. I think as far as the platitudes are concerned, I have come to an end. I would very briefly sir, state 2 or 3 points as far as the budget is concerned, at the very offset. I would reiterate the position that I had taken on the very first day and that is that we believe that this budget is unconstitutional in terms of not complying with the provision of Article 160 of the Constitution, that being the announcement of the NFC Award. I would very quickly reiterate that Article 160 does not confer any powers, or any Chief Minister or Chief Ministers, any Finance Minister or Finance Ministers of the federating units to give to the President the right to announce an award on his own.

Sub clause (4) of Article 160 is abundantly clear which says that the President shall only announce the award in terms of the recommendations of the National Finance Commission. I would then very

quickly Mr. Chairman! move on to the other point. And the other point I have raised yesterday as well and I would like to reiterate that point here again. I think Senator Khalid Ranjha is also present and the honourable Leader of the House is also present and Senator Khalid Ranjah yesterday had brought this issue up. I am grateful to him that he brought it up from the treasury benches that an undertaking was given by the honourable Minister for Parliamentary Affairs during the last session that the vehicle of the Finance Bill would not be used or mis-used for getting through legislation which in *stricto senso* terms does not fall within the ambit of Article 73 of the Constitution. But unfortunately Mr. Chairman! Finance Bill 2007, according to what I have been able to calculate, seeks to amend 21 laws and out of those 21 laws, 15 laws, according to me, are such that do not fall at all within the ambit of Article 73 of the Constitution. 4 laws are such that of which certain provisions fall within the ambit of Article 73 while the others do not. I have placed them on the record. The list of laws, which according to us do not fall within the ambit of Article 73. And very briefly, particularly the Money Laundering Law is an attempt to circumvent a full fledged debate in Parliament, particularly, when a draft bill is lying before the Standing Committee of the National Assembly. It would not be proper and in the fitness of things to have that pushed, illegally and unconstitutionally, through the vehicle of the Finance Bill.

I would move to 2 or 3 other very short points and one being on the question of employment. Sir, it is a matter of record and it is a matter of great shame that the biggest down sizing or right sizing in the history

of Pakistan has been done during the tenure of this Government. And unfortunately, this has been done at the behest of the IMF and the World Bank, today we had the largest number of retrenchments that have taken place and unfotunately, it has been people in lower grades who have been retrinched and the excuse has been given that this is for bettering the health of those institutions but juxtaposition people on contracts in these very institutions have been employed who have been the recommendees of these international donors. So, we condemn in the strongest possible terms the right sizing and down sizing and in particular, the latest of sacking or offering a so-called golden handshake to something like 44000 employees of the PTCL. We strongly condemn that and we feel that in the given circumstances that is something which should be stopped immediately. Sir, as far as poverty is concerned a lot has already been said on the question of poverty but it suffices to say

آج صورت حال یہ ہے کہ غریب غریب تر ہوتا چلا جا رہا ہے اور کہنا کہ poverty level یہ ہے' اگر آپ اس poverty level کو دیکھیں تو poverty level ایک artificial poverty level ہے اور وہ poverty level ایسا ہے کہ جس میں آپ یہ کہتے ہیں کہ کافی ہے کہ غریب اپنا سانس تو لے رہا ہے۔ لہٰذا' یہ زندہ تو ہے' اس کے لئے اتنی بات کافی ہے۔ جہاں پر poverty level کی بات ہے' اس کے ساتھ prices بھی ہیں' یہ کہنا کہ ہم نے crisis کو control کر لیا ہے یا control کر چکے ہیں یا utility stores کے ذریعے سے prices control ہو جائیں گی۔ ہم نے یہ پچھلے بجٹ میں بھی دیکھا اور جناب چیئرمین صاحب! جس پر بہت بحث بھی ہوئی کیونکہ اس میں CRCP Finance Act کیا گیا اور Price Magistrats لائے گئے اور میں نہیں سمجھتا کہ کہیں پر بھی ملک کے اندر کوئی Price Magistrats جو ہیں' وہ appoint کئے گئے ہوں گے۔ یہ ایسے ہی اس وقت کے لیے ڈھکوسلا تھا۔ ابھی یہ 5000 utility stores یہ کوئی ایسا خاطر خواہ

کام نہیں کر پائیں گے۔

جناب چیئرمین صاحب! آخر میں، میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ اس وقت ملک کے اندر بہت بڑا power crisis ہے، اگر وقت ہوتا تو میں اس مسئلے پر detail میں بات ضرور کرتا کیونکہ سب سے زیادہ criticism IPPs کے سلسلے میں ہم پر کیا گیا لیکن ہم نے جو rate اس وقت دیا تھا، آج انہی IPPs کو دینے کے لیے 11. something cents پر کہا جا رہا ہے کہ آپ ہمیں وہ دیں لیکن اس کے علاوہ اس پورے دور کے اندر ایک MW of electricity موجودہ حکومت نے increase نہیں کی اور آج اس کا نتیجہ یہ ہے کہ جہاں پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی down sizing یا right sizing ہوئی ہے وہاں پر پاکستان کی تاریخ کا سب سے سنگین power crisis ہمارے سامنے ہے، اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ power crisis بھی ایک سوچے سمجھے منصوبے کا حصہ ہے اور وہ سوچا سمجھا منصوبہ یہ ہے کہ پاکستان کی indigenous industry کو cripple کردیا جائے تاکہ پاکستان کو West کے لیے، بین الاقوامی مالیاتی سامراج کے لئے اور پاکستان کو multi-nationals کے لئے ایک منڈی کے اندر تبدیل کردیا جائے۔ اگر آپ ان کا trade deficit دیکھیں تو وہ اس بات کی کھلم کھلا نشان دہی کرتا ہے کہ وہ اس حکومت کی ساری کی ساری policies کا net result ہے۔ اگر میں کہوں تو وہ یہ ہے کہ پاکستان کو West یا ملٹی نیشنلز کے لئے ایک منڈی بنا دیا جائے۔ آخر میں، میں یہ کہنا چاہوں گا کہ کم سے کم میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کا way forward جو ہے اگر انہی policies پر پاکستان گامزن رہا تو پاکستان economic instability اور تباہی کے راستے کی طرف گامزن ہوگا۔ اس کا واحد حل یہ ہے کہ جو اس وقت ایک نئی سوچ اور ایک نیا فلسفہ لاطینی امریکہ کے اندر ابھر کر سامنے آرہا ہے

that is perhaps the only way forward for Pakistan if it is to survive economically as an independent and sovereign economic nation. Thank you sir.

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین، شکریہ۔ جی آغا صاحب۔

سینیٹر کامل علی آغا (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور)، جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے تو شکریہ ادا کرتا ہوں محترم رضا ربانی صاحب کا اور تمام اپوزیشن کے ارکان کا کہ انہوں نے بڑے تحمل اور بردباری سے participate کیا اور جو بحث تھی اس میں حصہ لیا۔ اور پھر میں شکریہ ادا کرتا ہوں اپنے ساتھی ممبران کا کہ انہوں نے بھی بڑے حوصلے اور تحمل سے اس پوری کارروائی میں حصہ لیا اور پھر میں appreciate کرتا ہوں ہمارے جو فنانس کمیٹی کے ارکان ہیں کہ جنہوں نے بڑی محنت کی اور محنت کے ساتھ سفارشات مرتب کی ہیں۔ میں مختصراً یہ کہنا چاہوں گا کہ ہم اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ رضا ربانی صاحب نے بڑی بہتر تجویز دی ہے کہ ہمیں اس میں آئینی ترمیم لانی چاہیے اور ان days کو جو بحث کے ہیں اور سفارشات بھیجنے کے ہیں ان کو بڑھا دینا چاہیے چاہے۔ وہ چودہ دن ہو سکیں یا پندرہ دن ہو سکیں ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے اور ہم بڑی خوشی کے ساتھ اس proposal کو welcome کرتے ہیں اور میں خصوصی طور پر رضا ربانی صاحب کی ان کوششوں اور ان معاملات کو جن کی انہوں نے نشان دہی کی اور میں ان کو یہ بتانا چاہوں گا کہ الحمدللہ جو انہوں نے تجاویز دیں ان میں سے بیشتر جو ہیں وہ ہم نے وزیراعظم صاحب کے ساتھ بھی discuss کیں اور میں appreciate کرتا ہوں کہ انہوں نے بڑی اچھی نشان دہی کی اور جو ساری ترامیم تیار کی ہیں وہ اس میں آ جائیں گی۔ اس کے ساتھ میں یہ چاہوں گا کہ ایک بڑی ضروری چیز ہے ہمیشہ سے محسوس کی جاتی ہے کہ جہاں پر constitutional amendment کی ضرورت ہے تو میں ہمیشہ یہ کہتا ہوں کہ یہ دو پہیے برابر چلیں گے تو معاملات بہتری کی طرف جائیں گے اور قوم کا بھی اس میں فائدہ ہوگا۔ اس میں ایک ترمیم بڑی ضروری ہے کہ جو Public Accounts Committee ہے اس کے اندر سینیٹ کی نمائندگی موجود نہیں ہے وہ ترمیم بھی اس کے ساتھ کی جائے اور اس کے اندر سینیٹ کے ممبران کی نمائندگی ہو جو کہ Upper House ہے اور عوام اس سے بڑی توقعات رکھتے ہیں اور جس سنجیدگی کے ساتھ سینیٹ کے اندر بحث ہوتی ہے اور مختلف معاملات کو دیکھا جاتا ہے اور قانون سازی کے معاملے میں خاص طور پر جتنا اچھا رویہ اور جتنی concentration سینیٹ کی رہی ہے میں سمجھتا ہوں کہ

اگر وہاں پر Public Accounts Committee کے اندر سینیٹ کے ارکان کی نمائندگی ہوگی تو انشاء اللہ قوم کے لئے مزید بہتریاں آئیں گی۔ اس کے ساتھ آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں ــــــ

جناب چیئرمین، بڑی اچھی تجویز ہے ـــ

سینیٹر کامل علی آغا، تو اس کو میں سمجھتا ہوں باقاعدہ ــــــ

(مداخلت)

سینیٹر کامل علی آغا، مہربانی کریں ذرا مجھے بات کرنے دیں۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ اس معاملے کو سینیٹ کی کمیٹی برائے قانون و انصاف کے پاس refer کریں تاکہ وہ اس پر اپوزیشن اور دیگر سے رائے لے کر آئینی ترمیم تجویز کرے اور پھر اسے on the floor of the House لے کر آئے۔ بہت بہت شکریہ۔

(مداخلت)

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب چیئرمین! باتیں تو بہت اچھی ہیں اور پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں تجربہ کار لوگ ہوں گے it would be graceful' لیکن اس کو دیکھنا پڑے گا کہ یہ جو صورت حال ہے کیونکہ money matter is the privilege of the Lower House in the entire work. اور جیسے ــــــ

(مداخلت)

جناب چیئرمین، وہاں پر supervisory اور ــــــ

(مداخلت)

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب والا! یہ نظام جو آپ نے اختیار کیا ہے، جو Mother Parliament ہے اس میں بھی ابھی یہ چیز نہیں ہوئی۔ اب بات یہ ہے کہ کھلے دل سے انشاء اللہ یہ کوشش کریں گے ــــــ

جناب چیئرمین، بہرحال کمیٹی دیکھ لے گی ــــ

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، یہ بات بھی کمیٹی سوچے۔ میں نے ایک گزارش کی تھی یہ بات بھی ہے کہ کورم کا مسئلہ دوسرے ایوانوں میں بھی بہت زیادہ ہے۔ وہ 1/10th ہے

maximum جبکہ ہمارا 1/4th ہے ۔ اس سے مشکلات میں ہم گھر جاتے ہیں تو اس پر غیر معمولی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے ------

جناب چیئرمین، ہمیں کبھی ایسا مسئلہ نہیں ہوا ۔ ہمارے ہاں کورم کا کبھی مسئلہ نہیں ہوا-----

(مداخلت)

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب چیئرمین! اگر یہاں نہیں ہوتا تو Lower House کا بھی آپ سوچیں۔

(مداخلت)

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، اگر ہمارا ایسا ہی رہے گا تو یہ بھی نہیں ہو پائے گا۔ اگر differentiate کریں گے تو how would we be able to approve the Public Accounts Committee membership of our honourable Senators. بھائی کورم پر بھی سوچیں۔

جناب چیئرمین، چلیں، کمیٹی میں بھیج دیں گے ۔ وہاں discuss کرکے جو کچھ ہوا وہی کریں گے باقی بعد میں دیکھیں گے ۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، کچھ لو، کچھ دو کی بات کرو جی ۔ آپ کی مہربانی ہوگی ۔

جناب چیئرمین، ٹھیک ہے اس کو دیکھ لیں گے ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، ادھر کوئی oversight function ہے ۔

ایک معزز رکن، یہ repetition ہو گی آپ کی۔

(مداخلت)

سینیٹر احمد علی، آپ یہ نہیں دیکھتے کہ میرا کیا حال ہو رہا ہے ۔ آپ تقریریں کرنے لگے ہیں۔ آپ لوگ کریں ۔ میں جا رہا ہوں-----

جناب چیئرمین، نہیں ' احمد علی صاحب! آپ کے بغیر کیسے ہو سکتا ہے ۔ آپ تشریف رکھیں تقریر سن جائیں----

سینیٹر احمد علی، نہیں آپ کریں ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، احمد علی صاحب آپ کی موجودگی بڑی ضروری ہے ۔ It is a part of whole process. کوئی تقریر نہیں ۔ Mr. Omar Ayub, you have the floor

(مداخلت)

جناب عمر ایوب خان (وزیر مملکت برائے خزانہ)، جناب چیئرمین ! احمد علی صاحب کی تعریف ہی کروں گا ۔ وہ تشریف رکھیں اپنی تعریف ہی سن جائیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، نہیں' یہ بھی اس سے related مسئلے ہیں۔ اسی کے ساتھ تعلق رکھنے والے مسئلے ہیں۔ مختصر رکھیں ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، جناب عمر ایوب خان۔

سینیٹر احمد علی، میری طبیعت خراب ہو رہی ہے' میں جا رہا ہوں آپ House چلائیں۔ آپ ہمیں انسان نہیں سمجھتے صبح سے یہاں تقریریں ہو رہی ہیں۔

جناب چیئرمین ، آپ کی موجودگی بڑی ضروری ہے but it is part of the whole process. احمد علی صاحب آپ اپنی تعریف سن کر چلے جایئے ۔ I have been sitting here also the whole day. جی عمر ایوب صاحب۔

جناب عمر ایوب خان، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے اس معزز ہاؤس کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کیوں کہ جمہوریت کا ایک بہترین عمل ہمارے سامنے آیا ہے۔ میں نے بجٹ نیشنل اسمبلی کے سامنے پیش کیا اور پھر یہ یہاں پر refer ہوا' یہاں پر Leader of the Opposition and Leader of the House نے اس پر باتیں کیں ۔ دونوں

طرف سے یہاں پر باتیں ہوئیں، تجاویز آئیں۔ اس پر سینیٹ کی Standing Committee on Finance and Revenue میں بڑی detail سے debate ہوئی۔ ایک ایک point پر معزز ارکان کی دی گئی recommendations وہاں پر بھیجی گئیں۔ Ministry of Finance, State Bank and Central Board of Revenue کی طرف سے وہاں پر نمائندگان آئے اور بڑی detail میں ایک ایک point پر recommendations کو endorse کیا گیا۔

میں Senator Ahmed Ali, Chairman Senate Standing Committee کو مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں اور ان کے ساتھ جو دونوں طرف aisle کے ممبران ہیں ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کیوں کہ انہوں نے بڑے صبر و تحمل کے ساتھ ایک ایک recommendation کو دیکھا اور سنا، جس کی وجہ سے recommendations متفقہ طور پر سامنے آئی ہیں۔ I think this House deserves full credit جناب چیئرمین! میں یہاں پر ایک چھوٹا سا واقعہ ضرور سناؤں گا۔ American War of Independence کے بعد اس وقت کے فوج کے Leader General George Washington جو بعد میں ان کے پہلے صدر بھی بنے، وہ جب دونوں Houses بنا رہے تھے تو اس بارے میں مختلف آراء ان کے پاس آرہی تھیں۔ وہ اس mind میں تھے کہ دونوں Houses ہونے چاہئیں، سینیٹ بھی ہونی چاہیے اور Lower House بھی، لیکن ان کے کئی مشیر کہہ رہے تھے کہ سینیٹ نہیں ہونی چاہیے صرف Lower House of Representatives ہونا چاہیے۔ وہ صاحب جو ان کو یہ رائے دے رہے تھے وہ فریج coffee سے نکال کر ایک پیالے میں پی رہے تھے۔ انہوں نے پوچھا تم coffee فریج سے نکال کر پی رہے ہو ایسا کیوں کر رہے ہو۔ اس نے کہا to take the heat away, make it cooler and I also want to enact the بھی میں he said the same thing, he said legislation same thing کہ جو Lower House legislation سے heat of the moment پر آئے تو وہ جب Upper House میں جائے تو وہ cool ہو جائے اس پر جو thinking ہو وہ زیادہ بہتر ہو کیوں کہ more minds are there اور سینیٹ میرا خیال ہے اس چیز کی عکاسی کرتا ہے۔ جناب چیئرمین! چاروں صوبوں کی representation اس House میں ہے اور یہاں سے جو رائے آتی ہے میرے خیال میں that is very valuable, having said that جناب

چیئرمین! میں یہ گزارش کروں گا، یہاں پر جو آراء Opposition کی طرف سے آ رہی تھیں میں اس ضمن میں گزارش کروں گا اپنے بزرگ ارکان سے، یہ بہت سینیئر لوگ ہیں، بہت experienced ہیں کہ دل کھول کر میری بات سن لیں، کھلے ذہن سے سن لیں، یہ گلہ شکوہ نہیں ہو گا، یہ ایک قسم کی رائے ہو گی۔

جناب والا! سب سے پہلے یہاں پر مختلف forums سے بات آئی کہ Federal and Consolidated Budget اور figures کے حوالے سے بات آئی جناب چیئرمین! with due respect to everyone یہ budgetary process وہی ہے جو آج ہے۔ آج سے دس سال پہلے تھا، اس سے دس سال پہلے ہے، budgetary process کے mechanics وہی ہیں صرف اور صرف آپ کی consolidation ہوتی ہے۔ ہماری گورنمنٹ کی figures، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے، جو مرضی ہے آپ اٹھا لیں جناب چیئرمین! اس میں accuracy آپ کو ملے گی۔ دوسری چیز اس Chamber میں یا اس House میں جو قومی اسمبلی کے سامنے بھی ہم نے lay کیا وہ Supplementary Budget پہلی بار ہم نے compress کر کے پہلے ہوتا یہ تھا کہ سینیٹ کی بعد میں deliberations ختم ہو جاتی تھیں۔ Standing Committee کی recommendations آ جاتی تھیں اس کے بعد supplementary ادھر lay ہوتا تھا۔ ہم نے کہا نہیں disclosure ہونا چاہیے اور اس process کو ہم نے advance کر دیا اور وہی بجٹ document کے ساتھ ہم نے یہاں پر وہ supplementary documents بھی بھیجے مگر یہاں پر میرا خیال ہے وہ وقت پر distribute نہیں ہو سکے کیونکہ staff کو شاید مغالطہ ہوا کہ وہ کوئی اور document ہے۔

جناب چیئرمین! میں گزارش یہ کروں گا کہ یہ بجٹ جو اس سال ہم نے present کیا قومی اسمبلی میں اور یہاں پر بھی جس پر debates بھی چلی، یہ پاکستان کی تاریخ کا ایک historic budget اس لیے ہے کیونکہ اس میں تاریخی outlay ہے، سب سے زیادہ outlay ہے۔ یہ بجٹ تاریخی اس وجہ سے ہے کیونکہ ترقیاتی بجٹ اس بجٹ میں سب سے زیادہ ہے Public Sector Development کا۔ جناب چیئرمین! یہ تاریخی اس حوالے سے بھی ہے کہ fiscal responsibility Act کو مدنظر رکھتے ہوئے اور ہم پر جو pressure تھا اور زلزلہ کے

علاقے میں جو expenditures ہو رہے ہیں اس کو بھی مدنظر رکھتے ہوئے ہم اپنا overall fiscal deficit چار فیصد پر لے آئے ہیں۔ یہ ایک زمانے میں سات فیصد سے بھی اوپر ہو گیا تھا تو ان ساری چیزوں کو آپ دیکھیں یہ ایک historic budget ہے اور historic budget کی بنیادی وجہ کیا ہے؟

یہ ہاؤس جو کہ پاکستان کے چاروں صوبوں کی representation بھی کرتا ہے اور اس کے 100 honourable ممبران ہیں۔ جناب چیئرمین! اس کی ایک اور خوبی بھی ہے کہ نیشنل اسمبلی جب الیکشن کے لیے انشاء اللہ تعالیٰ جائے گی تو یہ House continue کرے گا، اس ہاؤس میں legislation ہوتی رہے گی۔ یہاں پر حکومت کا business and legislation کا سلسلہ چلتا رہے گا۔ یہ ایک continuity ہوتی ہے۔

آج ہمارا growth rate 7.0% آیا ہے یا اس حکومت کے دوران جو job creation ایک کروڑ سے زیادہ ہوئی ہیں یا economy develop کر رہی ہے اس کی underlined reason کیا ہے؟ جناب چیئرمین! اس کی underlined reason بنیادی طور پر وہی ہے continuity of policies. بنیادی طور بہت ضروری ہوتا ہے کہ policies جو share کی جائیں ان کو تسلسل سے آگے لے کے پایہ تکمیل تک پہنچانا چاہیے۔

جناب چیئرمین! ہم لوگ ہر قسم کی باتیں سنتے ہیں۔ ہمارے اوپر تنقید بھی ہوتی ہے۔ تنقید برائے تنقید کے بجائے تنقید برائے تعمیر ہو تو وہ زیادہ مثبت بات ہے۔ یہاں پر جناب چیئرمین! میرے اپوزیشن کے بزرگ بیٹھے ہیں میرا خیال ہے اس چیز پر مجھ سے یہ اتفاق کریں گے، اپوزیشن کیا ہوتی ہے؟ Opposition, government in waiting ہوتی ہے۔ یہاں پر ایک shadow government ہوتی ہے۔ بہتر یہ ہوتا کہ جب ہم یہاں پر بجٹ present کرتے ہیں تو ایک متبادل بجٹ کم از کم ہوتا ہے۔ اس پر working ہوئی ہوتی ہے۔

بدقسمتی سے دونوں Houses میں یہ چیز ہوتی رہی ہے کہ تنقید برائے تنقید زیادہ آئی ہے اور تنقید برائے تعمیر کم ہوئی ہے۔ جناب چیئرمین! ہم نے اس وقت جو ساری achievements کی ہیں اگر آپ budgetary debates بھی سنیں تو اس کے بنیادی طور پر آپ یہ چیز دیکھیں کہ بجٹ پر کم اور سیاسی low aspersions on anyone but basically

تقاریر زیادہ ہوئیں۔ اس کی بنیادی وجہ کیا تھی؟ اس کی بنیادی وجہ یہ تھی چونکہ ہم نے ہر ایک sector کو address کیا۔ یہاں پر ہم نے employment کے حوالے سے بات کی۔ ہم نے نوکریاں create کرنے کے مواقع کے بارے میں بات کی، ہم نے کسان کو subsidy دینے کے بارے میں بات کی، ہم نے industry کو incentive دینے کے بارے میں بات کی، ہم نے subsidies عوام تک منتقل کرنے کے بارے میں بات کی۔ ہم نے کسان کے لیے subsidies اس کی جیب میں منتقل کرنے کی بات کی، ہم نے yield enhancement کی بات کی، ہم نے competitiveness کی بات کی، ہم نے productivity پر بات کی۔ آپ کوئی شعبہ لے لیں اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس بجٹ document میں کوئی نہ کوئی چیز ضرور موجود ہوگی۔ آپ Overseas Pakistanis کو لے لیں، جو مرضی شعبہ آپ لے لیں اس بار criticise کرنے کا وہ room نہیں بنا لوگوں کے لیے اور بنیادی طور پر nothing to add but زیادہ جو تقاریر تھیں وہ سیاسی عوامل پر تھیں۔

جناب چیئرمین! میں یہاں پر یہ بھی گزارش کرتا چلوں کہ آپ ایک شعبہ لے لیں۔ پاکستان کی آبادی کا ساٹھ پرسنٹ فیصد حصے کا زراعت کے ساتھ کوئی نہ کوئی تعلق ہے۔ زراعت کے بارے میں میں آپ کو 1990ء کی ایک statistics دے دیتا ہوں۔ Public Sector Development Programme کے جو ترقیاتی پروگرام ہوتے ہیں زرعی شعبے میں یہ تقریباً ڈیڑھ ارب اس کے لیے مختص ہوتا تھا۔ آج آپ اسی شعبے کو لے لیں پندرہ ارب روپے جو کہ دس گنا زیادہ ہے۔ Public Sector Development Programme اور پھر NFC پر بھی میں آؤں گا ۔ Public Sector Development Programme وہ ہے کہ اس میں پاکستان میں فیڈرل گورنمنٹ کی رٹ کہاں پر ہے؟ فیڈرل گورنمنٹ، آپ دیکھیں تو اسلام آباد کے جو علاقے ہیں، یا Federally Administered Tribal Areas ہیں جہاں پر فیڈرل گورنمنٹ کی رٹ ہوتی ہے ۔ باقی تو صوبوں کے پاس ہیں۔ جناب چیئرمین! پچھلے چار سالوں کی میں PSDP کی figures آپ کو بتاتا ہوں مجموعی طور پر۔ اس سال صوبوں میں ڈائریکٹ کام ہو رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! صوبہ سرحد میں 61 billion rupees گئے ہیں ۔ پنجاب میں 69 billion rupees کے project لگے ہیں۔ جناب چیئرمین! سندھ گورنمنٹ کے ساتھ provincial projects ہیں

78 billion کے ۔ بلوچستان میں نوے ارب روپے کے پراجیکٹس ہیں ۔ پھر لوگ پوچھیں گے کہ ہمارے اضلاع میں کیا ہوا ۔ جناب چیئرمین ! میرے ساتھ treasury benches کے ممبران honourable سینیٹر صاحبان موجود ہیں۔ وزیر اعظم صاحب جب گئے تھے پچھلے سال ، بلوچستان کے ہر ایک ضلعے کے لیے دس کروڑ روپے وہاں پر وزیر اعظم صاحب نے مختص کیے تھے جو ضلع ناظمین اور ضلعی حکومتوں کے ذریعے بلا کسی تفریق کے وہاں پر لگے ۔ آپ پوچھ لیجیے ممبران سے ' وہاں پر کام اللہ کے فضل و کرم سے ہو رہا ہے ۔ کس کا فائدہ؟ لوگوں کا فائدہ ۔NFC کے حوالے سے بات کریں ۔ جناب چیئرمین ! آج پینتالیس فیصد انشاء اللہ اگلے پانچ سالوں میں ' اگلے تین سالوں میں جو divisible pool کا ہے ۔ پہلی بار یہ ہو رہا ہے جناب چیئرمین! کہ پینتالیس فیصد سے ہم لوگ انشاء اللہ پچاس فیصد تک جائیں گے اس حکومت کے دوران جناب چیئرمین! اور اس کے ساتھ ہوگا کیا؟ جناب چیئرمین! اللہ کے فضل و کرم سے اس سال' یہ گزشتہ fiscal year جو ابھی جا رہا ہے' نوے ارب روپے زیادہ ان صوبوں کو ملیں گے' ہمارے چاروں صوبوں کو جس کے ساتھ وہ development projects وہاں پر کر رہے ہیں اور اس نئے بجٹ میں انشاء اللہ یہ اور بھی زیادہ رقم ہو گی۔ فائدہ کس کو؟ پاکستان کی عوام کو' چاروں صوبوں کے لوگوں کو فائدہ ہو گا جناب چیئرمین۔ دفاع کے بارے میں بات ہوئی ۔ جناب چیئرمین! میں چیلنج کرتا ہوں اس floor of the House سے کہ خدانخواستہ ہمارے دفاع پر کوئی آنچ بھی آئی تو ہمارے لیے اس کا کیا اثر ہو گا۔ پاکستان کی defence ہے۔ پاکستان ایک نیوکلیئر پاور ہے تو تب ہی ہم نے سب کو contain کیا ہوا ہے۔ پاکستان کے پاس ایک credible defence ہے اور میرا خیال ہے یہاں پر کوئی بھی محب وطن پاکستانی نہیں ہو گا جو اس سائیڈ پر بھی بیٹھا ہو اور یہاں پر بھی بیٹھا ہو' اس چیز کو کبھی doubt بھی کرے ۔ جو بھی قربانی انشاء اللہ ہمیں دینی پڑی ' چاہے وہاں پر بھی وہ گورنمنٹ میں رہیں' ہم لوگ بھی اس وقت گورنمنٹ میں ہیں جناب چیئرمین! ہر ایک آدمی محب وطن پاکستانی ' وہ بھی محب وطن ہے' ہم بھی محب وطن ہیں اور میرا خیال ہے ہماری collective responsibility ہے کہ ہم لوگ defence پر کوئی compromise نہ کریں ۔ جناب چیئرمین! آتے ہیں ملازمتوں پر۔ ایک حکومت کا کیا ہوتا ہے economic activity بنتی ہے۔ اس کی وجہ سے کیا ہوتا ہے؟ ملازمتیں بنتی ہیں۔ وہ دن گئے جناب چیئرمین! کہ ایک

سرکاری ادارے میں آپ صرف اور صرف political leader کی وجہ سے یا مجھے کسی کا چہرہ پسند ہے یا وہ میرا سپورٹر ہے میں صرف اسے ملازمت دوں اور باقی لوگ جو ہیں، کامل علی آغا صاحب یا سینیٹر احمد علی کے جو سپورٹر ہیں یا اسحاق ڈار صاحب کے، ان کو جاب نہ ملے ۔ جناب چیئرمین! اس وقت دنیا بدل چکی ہے۔ ایک paradigm shift آچکا ہے۔ آپ نے ملازمتیں پیدا کرنی ہوتی ہیں۔ ہمارے اس دور حکومت میں جناب چیئرمین! جس کا یہ آخری بجٹ ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہم اس دور حکومت کا پیش کر رہے ہیں، اس کے دوران جناب چیئرمین! آپ دیکھیں کہ ملازمتوں کے تقریباً ایک کروڑ سے زیادہ مواقع بنے ہیں۔ چند سیکٹرز میں آپ کو گنوا دیتا ہوں۔ یہاں پر جناب والا! دادا بھائی صاحب بیٹھے ہیں۔ سیمنٹ سیکٹر آپ لے لیں، یہاں پر جناب چیئرمین! پچیس سو سے زیادہ jobs create ہوئی ہیں۔ آپ سیمنٹ capacity دیکھیں، جب 23 سال پہلے اٹھارہ ملین ٹن annually تھی آج پینتیس ملین ٹن سے زیادہ ہوئی ہے ۔ سیمنٹ کہاں پر جاتا ہے جناب چیئرمین! عمارات اور گھر بنانے کے لیے ۔ کھا تو کوئی نہیں سکتا ۔ پاکستان میں اس کی کھپت ہو رہی ہے۔ یہاں پر construction activity ہوتی ہے ۔ Fifty two related industries اس کے ساتھ ہوتی ہیں ۔ ٹائلیں بنانے کے ساتھ ساتھ لکڑی کا کام، کارپینٹر، میسن یہ سارے لوگ، وینڈر اس کے ساتھ منسلک ہوتے ہیں ۔ اس طرح jobs create ہوتی ہیں ۔ جناب چیئرمین! آئی ٹی کی طرف آتے ہیں ۔ Advanced انڈسٹری ہے ۔ آج سے کچھ سال پہلے کچھ زیادہ لوگ اس میں نہیں تھے ۔ انشاء اللہ پچھلے چار سالوں میں نوے ہزار لوگوں کو وہاں پر مواقع ملے ہیں کہ پر وہ نوکری کر سکیں ۔ پرائیویٹ اداروں میں، آئی ٹی سیکٹر میں فی کس ماہانہ آمدنی چودہ سے پندرہ ہزار روپے ہوتی ہے ۔ ہمارے ہی young لوگ آگے آرہے ہیں اور ہماری معیشت میں value add کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! اب موٹر سائیکل انڈسٹری، ہم لوگ ایک highest level پر چلے گئے ہیں، ایک processing industry ہے۔ ہم لوگ light engineering کی طرف آتے ہیں۔ Motorcycle production جو سالانہ لاکھ، سوا لاکھ یونٹ ہوتی تھی، اب آٹھ لاکھ یونٹ موٹر سائیکل سے انشاء اللہ تعالیٰ تجاوز کر جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک موٹر سائیکل بنانے کے لیے اس کے ساتھ دو سو منسلک vender industries ہوتی ہیں۔ اس میں آپ دیکھیں کتنے مواقع پیدا ہوئے، اڑھائی لاکھ سے زیادہ وہاں پر مواقع پیدا

ہوئے۔ جناب چیئرمین! کون اس چیز کو dispute کر سکتا ہے؟ ہماری productivity ان سیکٹرز میں بڑھ رہی ہے ۔

آگے جاتے ہوئے جناب چیئرمین! میں یہ گزارش کروں گا کہ جو بجٹ یہاں پیش ہوا اور اس پر جو debate ہوئی اس کو آپ نے باریک بینی سے دیکھا ہوگا اس میں ہم نے کئی چیزیں تجویز کی ہیں۔ Private equity fund جناب چیئرمین! آپ ایک بہت senior banker رہ چکے ہیں۔ اس طرف بھی بہت سے سینیئر لوگ ہیں جو فنانس کو سمجھتے ہیں' private equity fund وہ چینل ہے جس میں بیرون ملک سرمایہ کار directly آ کر' آپ کی کمپنیوں میں as an equity سرمایہ کاری کر کے اور ان کمپنیوں میں زیادہ investment کر کے اس کو بڑا کر سکتے ہیں' اس کے size کو escalate کر سکتے ہیں' جب وہ ہوگا تو آپ خود اندازہ لگائیں کہ نوکریوں کے اور مواقع پیدا ہوں گے۔ آپ کی economy ایک دوسری growth trajectory پر چلی جائے گی۔ اس وقت آگے جاتے ہیں ہمارے لیے جو بہت ضروری چیز ہے اس پر بھی میں آؤں گا۔ اس سے پہلے میں ضرور یہ بات کروں گا کہ ہم نے جو subsidies دی ہیں' آپ پاکستان کی تاریخ اٹھالیں جب سے یہ بجٹ 1947 سے بنتے آرہے ہیں کہ دو سو پانچ ارب روپے سے زائد کی سبسڈی کبھی دی گئی ہے' لوگوں کو prosper کرنے کے لیے' لوگوں کا تحفظ کرنے کے لیے' لوگوں کی حالت بہتر بنانے کے لیے اور اس کے ساتھ ساتھ جناب چیئرمین! افراط زر پر بہت باتیں ہوئی ہیں' بہت باتیں ہوئیں کہ double digit ہوگئی food inflation یا آپ کی سی پی آئی مجموعی طور پر سات اعشاریہ پانچ پر آگئی۔ جناب چیئرمین! اکنامک سروے کے صفحہ نمبر 121 پر آپ دیکھیں' یہ facts and figures historical ہیں۔ آپ دیکھیں کہ 1990-91 میں food inflation 12.9 % تھی وہ کئی لوگ conveniently بھول جاتے ہیں' جناب والا! دکھ اس وقت ہوتا ہے جب لوگ selective disclosure سے کام کریں۔ اس سے میری مراد یہ ہے کہ جو facts ان کو suit کرتے ہوں وہ اس پر بات کریں اور باقی ساری چیزیں سائیڈ پر رکھدیں۔ یہ اس چیز کے مترادف ہوتا ہے کہ intellectually آپ کوئی غلط کام کر رہے ہوں۔ جو ہونا نہیں چاہیے۔ Selective disclosure نہیں ہونی چاہیے۔ جب آپ ایک بات کرتے ہیں تو entirety میں کریں۔ آپ یہ دیکھیں کہ 1991-92 میں 10.6%, آپ آ جائیں 1994-95

میں food inflation جس پر یہاں ایک بھرمار ہوئی ہے اس پر آپ دیکھ رہے تھے %16.5 اور اس وقت آپ جناب والا! سی پی آئی کا ریٹ دیکھ لیں %13- اس سے پہلے آپ دیکھ لیں .11 %3.1990-91 میں آپ دیکھیں %12.7 آپ کی سی پی آئی تھی ، وہ کہاں پر گئے؟ یہ کیا وجہ تھی higher inflation, low growth آپ کے ادارے خراب ہو رہے تھے وہ ساری کی ساری چیزیں بھلا دی گئیں۔ ایک selective disclosure کے تحت ساری چیزوں کو نظر انداز کر دیاگیا اور جب اس وقت ہم لوگ ایک تاریخی بجٹ تقریباً سات ، آٹھ سال کی تکالیف اٹھا کر، سات، آٹھ سال کی صدر مملکت جنرل پرویز مشرف صاحب کی محنت، وزیر اعظم پاکستان کی محنت، ساری کابینہ کی محنت اس میں شامل ہے اور یہ growth rate آرہا ہے اور لوگوں کو خوشحالی آ رہی ہے۔ کیوں تکالیف ہیں لوگوں کو ؟ کیوں وہ ایک خوشحال اور prosper Pakistan نہیں دیکھنا چاہ رہے ؟

جناب والا! میں آگے تک بات کرتا جاؤں گا۔ بجلی کے حوالے سے، جی ہاں! ہمیں اور بجلی چاہیے اور وہ وجوہات بھی دیکھیں جو بجلی کی surplus capacity پڑی ہوتی تھی اس وقت کیوں استعمال نہیں ہوئی کیونکہ آپ کا صنعت کار ملک چھوڑ کر جا رہا تھا۔ آج جب بجلی کی مانگ اٹھارہ اور بیس فیصد سالانہ سے تجاوز کر رہی ہے تو کہاں سے آ رہی ہے۔ جناب والا! گھریلو lights تو اتنی بجلی consume نہیں کرتیں ، بجلی آپ کی انڈسٹری consume کرتی ہے جس سے آپ کا زرمبادلہ بنتا ہے جس سے آپ کے ملازمتوں کے مواقع بنتے ہیں۔ لوگوں کے گھروں میں خوشحالی آتی ہے، growth آپ کی industry لے رہی ہے اسی سے ہی بجلی کی demand آ رہی ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ یہی حکومت ہوگی جناب چیئرمین! جو آگے election میں جائیں گے۔ ہارجیت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ ہر پارٹی چاہے وہ حزب اختلاف میں ہو چاہے حکومت میں، اس کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ گورنمنٹ بنائے۔ جناب چیئرمین! ہم elections لڑیں گے انشاء اللہ تعالیٰ اور گزارش یہ کرتا چلوں کہ کوشش ہماری یہی ہوگی کہ بجلی کی جو ابھی ایک demand آئی ہے اس کو پورا بھی کریں اور اس کے لئے hydel dams کی جو requirements ہیں وہ بھی پورا کریں۔ آپ جناح بیراج دیکھیں، آپ خان پور پراجیکٹ دیکھیں، یہ تقریباً completion پہ آ گیا ہے۔ نیلم جہلم کا اعلان ہو چکا ہے۔ جناب چیئرمین!

بھاشا ڈیم کے پراجیکٹ پہ initial work شروع ہو گیا ہے یہ projects on line آئیں گے اور وزیراعظم صاحب کی کل کی meeting کے حوالے سے اگر آپ دیکھیں تو focus سارے کا سارا اس sector پر ہی ہے۔

جناب چیئرمین! گزشتہ سالوں کے حوالے سے میں باتیں نہیں کروں گا لیکن ایک ضروری بات اور کروں گا۔ میں نے پہلے inflation کے بارے میں بات کر دی۔ یہاں پہ جناب! کئی باتیں ہوئیں۔ آپ کے dollar a day کے بارے میں ہوئی لیکن اور inconvenient truth لوگ بھول جاتے ہیں کہنا کہ dolalr a day کی definition کیا ہے۔ لوگ یہ کہنا یا qualify کرنا بھول جاتے ہیں کہ یہ بنتا ہے purchasing power parity کے اوپر نہ کہ nominal کے اوپر اور ان کو معلوم ہے جو میں بات کر رہا ہوں۔ یہاں پہ ہمارے جو finance کے لوگ ہیں انہیں معلوم ہے۔ بنیادی طور پہ جو dollar امریکہ میں ہوتا ہے یا پاکستان میں ہوتا ہے nominal کی basis پہ direct نہیں ہوتا یہ purchasing power parity کے بارے میں ہوتا ہے۔ آپ یہ بھی دیکھیں جناب! کہ یہاں پہ آگے جاتے ہوئے ہماری economy کو جن جن چیزوں کی ضرورت ہے' Mathematics میں ایک term آتی ہے جناب چیئرمین! جس کو point of inflection کہتے ہیں۔ جہاں پر graph ایک دم تیزی سے آگے بڑھنا شروع ہو جاتا ہے۔ ہم لوگ آج ایک point of inflection پہ آ پہنچے ہیں۔ بہت تیزی سے ہم نے ترقی کی ہے۔ اس ترقی کو اور بھی اوپر لے جانا ہے۔ اس point of inflection کے لئے چیزیں ہمیں آگے ضروری ہیں۔ جناب چیئرمین! ہمیں ضرورت ہے کہ ہماری productivity increase ہو' industry اپنے گریبان میں جھانکے اور دیکھے کہ ہم اپنی human resource پہ investment کر سکتے ہیں بجائے اس کے کہ وہ مختلف دروازوں پہ جائے اور کہے کہ جی ہمیں incentive دو۔ جناب چیئرمین! دنیا بدل چکی ہے۔ ان کو industry کو بھی دیکھنا پڑے گا۔ ہم لوگ اپنی productivity gains کیسے بڑھائیں' اپنی labour productivity کو کہاں پہ کریں۔ میں نے اس forum پہ پچھلے سال بھی گزارش کی تھی کہ چین بھی آپ دیکھ لیں' چین کو land mark 3% آپ دیکھ لیں' وہاں سے 75 سے 8% exports چین کی 3% land mark سے جاتی ہیں۔ چین کا جو formula ہے gaining

formula وہ اس کی energy prices نہیں ہیں، وہ اس کا interest rate نہیں ہے یا اس کی raw material price نہیں ہے۔ چین کا سب سے بڑا secret weapon اس وقت ان کی labour productivity ہے اور وہ ہماری اس وقت چین کے مقابلے میں کم ہے اور باقی دنیا کی بھی۔ اس پہ ہم نے human resource کے ذریعے اور بھی کام کرنا ہے۔ چاہے وہ صوبہ سرحد ہو، سندھ، بلوچستان، پنجاب ہو، سارے صوبوں نے مل کر اس ایک single issue پہ ایک جہاد کرنا ہے۔

دوسرا جناب چیئرمین! competitiveness ہم نے ایک نئے دور میں آنا ہے اور دیکھنا ہے کہ کونسی industries ہیں جن میں ہم نے زیادہ focus کرنا ہے۔ ہم clusters بنائیں، light engineering ہو۔ آپ نے دنیا دیکھی ہے، جو آپ نے eye glass پہنی ہیں یہ ایک cluster ہے وینس میں، اٹلی میں جہاں 75% or 65% دنیا کی eye glasses اس cluster سے آتی ہیں۔ انہی چیزوں پہ ہم نے کام کرنا ہے۔

جناب چیئرمین! ہماری نوجوان قوم ہے۔ جو democratic dividend ہمارے سامنے ہے اس کو ہم نے encash کرنا ہے۔ پاکستان میں پہلے bricks country کا concept تھا کہ Brazil, Russia, India, China ابھی next 11 کا concept آیا ہے یا اس چیز کا پرچار ہے۔ اس پہ پاکستان فہرست میں اول درجے پہ آتا ہے۔ جناب چیئرمین! ان challenges کو meet کرنے کے لئے ہمیں ایک team work کرنا پڑے گا۔ میرے بزرگ اور بھائی اس طرف اور اس طرف چونکہ سب سے پہلی بات ہے کہ ہم لوگ سارے پاکستانی ہیں اور اس کے بعد ہم پارٹیوں میں بٹے ہوئے ہیں اور سب سے پہلی بات ہم نے جو چیز کرنی ہوگی وہ یہ ہوگی کہ ہمیں as a Pakistani سوچنا ہوگا۔ ہم نے جو، شوکت عزیز صاحب نے جو کشکول کو توڑا اور اس پر بھی بڑی باتیں یہاں پہ ہوئیں کہ debt آپ نے لیں، جناب چیئرمین! آپ یہ دیکھیں کہ آپ کی economy تقریباً 62 ارب ڈالر پہ تھی آج 137 ارب ڈالر سے بھی تجاوز کر گئی ہے۔ آپ کی economy double ہو گئی ہے۔ آپ نے، اس ایوان نے، اور National Assembly نے Parliament سے متفقہ طور پہ Fiscal Responsibility Debt Limitation Act pass کیا اور اس کے تحت ہمارا target تھا کہ ہم نے تقریباً 2009 میں GDP 60% کا achieve کرنا

تھا اپنے total debt کا۔ ہم جناب چیئرمین! 53% پر آ گئے اور اس کو ہم لوگ ہر سال ڈھائی فیصد کی شرح سے کم کرتے چلے جائیں گے۔

جناب چیئرمین! میں آخر میں صرف ایک گزارش کروں گا کہ پاکستانی معیشت، پاکستان نے آگے ترقی کرنی ہے۔ اس فورم پر ہر ایک شخص، معذرت کے ساتھ جناب چیئرمین! ہم سارے لوگ expendable ہیں۔ ایک نظریہ ایک چیز ہے جو کہ ایک expendable نہیں ہے۔ جس کو ہم نے سنبھال کے رکھنا ہے جس کے ساتھ کھیل ہو چکا ہے۔ جس کے ساتھ Merry go round اور Musical chair کی طرح اس کے ساتھ کھیل ہو چکا ہے۔ اس چیز کا تدارک ہم سب نے کرنا ہے۔ ہم ساروں نے اس کو تحفظ دینا ہے اور اپنے ملک کی ترقی کو ہم نے یقینی بنانا ہے۔ جناب چیئرمین! اور آپ کے توسط کے ساتھ اس ہاؤس کو میری التجا ہے اور اپنی قوم کو بھی کہ continuity of policies میں تسلسل، اس پالیسی میں وہ سب سے اہم ضرورت ہے اور اسی کے ساتھ جناب چیئرمین! انشاء اللہ تعالیٰ ہماری نئی حکومت جو بھی آئے گی الیکشن کے بعد وہ اسی تسلسل کو آگے جاری رکھے گی تو پاکستان اس خطے کا خوشحال ترین ملک بنے گا۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا اور اس ہاؤس کا بہت شکریہ ادا کرتا ہوں۔

Mr. Chairman: Please present the report.

سٹینڈنگ کمیٹی کے چیئرمین کدھر ہیں؟ دیکھ لیں بیٹھے تو نہیں ہیں وسیم سجاد صاحب check کر لیں۔ مسٹر احمد علی۔

سینیٹر احمد علی، میں چائے پینے گیا تھا کیونکہ یہ تو ہم دن بھر سے سن رہے ہیں کہ بجٹ کیا ہے اور بجٹ کیا نہیں ہے۔

Mr. Chairman! I have the honour to inform this august House that the Committee received 355 recommendations from the honourable Members of the Senate on 11th June, 2007. The Committee held seven meetings instead of 40 hour to delibrate these recommendations one by one and working in bipartisan in spirit to come up with 90 unanimous

recommendations. Sir, I wish to place on record the appreciation for the Committee and my personal appreciation to Senator Ch. Muhammad Anwar Bhinder for taking pains to go through most of the 9 statutes and are being amended in this budget and he has been successful in proceeding and convincing the conerned Minister to agree to 50 of his proposals.

Sir, I am also thankful to the Members of the Committee and place my appreciation for valuable contribution made by Prof. Khursheed Ahmed, Mr. Muhammad Ishaq Dar, Nisar A. Memon, Haroon Khan, Asif Jatoi, Muhammad Ameen Dadabhoy and Agha Pari Gul during the deliberations of the Committee. I also like to appreciate the patience and the contribution of the Chairman and the Members of the CBR, Secretary Finance and his officers for sitting throughout the meeting. Last but not the least I place on record my appreciation for a hard work put forward by Mr. Iftikharullah Babar, Secretary of the Committee for preparing of this report and recommendations in time.

Sir, I move the motion. I beg to present the Report of the Standing Committee on Finance, Revenues, Economic Affairs and Statistics in respect of the Finance Bill and the Annual Budget Statement, 2007.

Mr. Chairman: The report stands presented. Now you may lay the recommendations also please.

Senator Ahmed Ali: I beg to lay on the table of the House 90

unanimous recommendations of the Senate Standing Committee on Finance, Revenues, Economic Affairs and Statistics on Finance Bill and Annual Budget Statement, 2007.

Mr. Chairman: The recommendations stand laid. You move on the 90 items that you agreed unanimously.

سینیٹر چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب والا! ان کو ذرا رکھ لینے دیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔

Senator Ahmed Ali: I beg to move that the unanimous recommendations No. 1 to 90 made by Standing Committee on Finance and Revenue and Economic Affairs, Statistics laid on the table of the House be passed by the Senate and transmitted to the National Assembly under Article 73 of the Constitution.

سینیٹر میاں رضا ربانی، پہلے rules کو تو suspend کر لیں۔

سینیٹر احمد علی، جناب والا! کر لینے دیں، کبھی کبھی ہماری بھی سن لیا کریں۔ ہو گیا laid ہو گیا۔

جناب چیئرمین، Rules کی suspension کو move کر لیتے ہیں۔ Now, I put this motion to the House.

(The motion was carried.)

Mr. Chairman: The relevant rules are approved.

اب move کریں۔

سینیٹر احمد علی، کیا move کروں؟ سب move کر دیے ہیں۔

جناب چیئرمین، نہیں، نہیں، رضا صاحب کا valid point تھا technicality it should be adopted.

Senator Ahmed Ali: I beg to move that the unanimous recommendations No. 1 to 90 made by Standing Committee on Finance and Revenue, Economic Affairs, Statistics laid on the table of the House be passed by the Senate and transmitted to the National Assembly under Article 73 of the Constitution.

Mr. Chairman: I put this motion to the House.

(The motion was carried.)

Mr. Chairman: Before I adjourn I will also like to supplement the views expressed by the leader of the Opposition, the Chief Whip, Leader of the House and the both sides of the House and appreciate very much the efforts put in by all involved. The Standing Committee on Finance, its Chairman, Mr. Ahmed Ali, Mr. Anwar Bhinder whose knowledge and experience have again lead upon, Mr. Ishaq Dar for the opening speech, to the CBR, the Ministry and to all speakers who have participated in debate, and of course to all those who gave the suggestions and the motions. We also want to thank Senate staff, Mr. Babar, the Secretary of the Committee, the Secretary of the Senate and all the staff involved. It is a good example of a good working relationship. I wish and pray that this continues and the God Almighty bless us all. Pakistan *Paindabad*. Thank you very much.

The House is adjourned to meet again tomorrow morning at 11.00 a.m.

(The House was then adjourned to meet again on 16th June, 2007 at 11.00 a.m.)